اُردو اطلاعیات

(جلد اوّل)

ڈاکٹر عطش دُرّانی

مقتدرہ قومی زبان
پاکستان

اُردو اطلاعیات

(جلد اوّل)

ڈاکٹر عطش دُرّانی

مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات

مقتدرہ قومی زبان۔ پاکستان

۲۰۰۸ء

سلسلہ مطبوعات مقتدرہ: ۴۸۵

عالمی معیاری کتاب نمبر ISBN ۹۷۸-۹۶۹-۴۷۴-۲۱۸-۲

طبع اوّل ۲۰۰۸ء

تعداد ۵۰۰

قیمت .... ۲۲۰/= روپے

فنی تدوین .... تنویر فاطمہ

(معاون افسر اطلاعیات، مرکز فضیلت)

طابع .... ورڈ میٹ پرنٹرز، اسلام آباد

ناشر .... **محمد اکرام بلال**

معتمد

مقتدرہ قومی زبان، ایوانِ اُردو،

پطرس بخاری روڈ، ایچ۔۸/۴،

اسلام آباد، پاکستان۔

فون: ۰۵۱-۹۲۵۰۳۱۱-۱۳

فیکس: ۰۵۱-۹۲۵۰۳۱۰

☆

عرضِ ناشر

یہ کریڈٹ مقتدرہ قومی زبان کا ہے کہ اُردو کو کمپیوٹر کی بنیادی زبان بنانے اور معیار بندی کرنے، سافٹ ویئر اُردو میں تبدیل کرنے اور اُردو اطلاعیات کی بنیادیں استوار کرنے کے لیے پہلا قدم اٹھایا۔ ۱۹۹۸ء سے ۲۰۰۸ء تک ان کاوشوں کے دس برس ایک ترقیاتی عشرے کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اب ٹیکنالوجی کے میدان میں ہر طرف اُردو کا شُہرہ ہے۔ بہت سا کام "اخبارِ اُردو" جیسے جریدے کے ذریعے بھی پیش ہوتا رہا۔ یوں بہت سی خبریں، اطلاعات، مضامین اور تحقیقی نتائج اُردو اطلاعیات کی سمت بندی کرتے رہے ہیں۔

اُردو اطلاعیات کے حوالے سے یہ تمام عرصہ ڈاکٹر عطش دُرّانی کی بصیرت، مسلسل اور اَن تھک محنت، عزم، منصوبہ بندی اور رہنمائی کا ثمرہ ہے۔ اسی کے اثرات کئی اداروں، یونیورسٹیوں اور یونی کوڈ، آئی ایس او، مائیکروسافٹ اور موبائل فون کمپنیوں تک پڑے اور ہر طرف اُردو کے تکنیکی استعمال کا آغاز ہوا۔ یہ سب کچھ اسی سمت کی طرف اشارہ کناں ہے، جدھر مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات کی منصوبہ بندی کی گئی ہے اور جو بہت جلد اطلاعیات کے انسٹی ٹیوٹ کا روپ دھار لے گی۔

اس دوران میں بہت سے مقالات، مضامین، رپورٹیں اور پیش کاریاں سامنے آتی رہیں۔ یہ سب اُردو اطلاعیات کی اُس تاریخ کا ایک حصہ اور مستقبل کی بنیادیں ہیں، ڈاکٹر عطش دُرّانی نے جس کی نیو رکھی تھی۔ ضروری ہے کہ انھیں شائع کر کے محفوظ کر دیا جائے۔ چنانچہ پہلی جلد اُنھی کی نگارشات پر مبنی شائع کی جا رہی ہے۔ اگلی جلدیں دیگر ماہرین، اساتذہ، طلبہ اور ارکانِ عملہ کی تحریروں پر مشتمل ہیں۔ ان سب سے "اُردو اطلاعیات" کا مضمون (Discipline) تشکیل پاتا ہے۔ اس "کل" کے لیے یہ "آج" بہت ہی پائیدار اور مستحکم ہے۔ یہ جلدیں اسی توقع اور اُمید پر پیش کی جا رہی ہیں کہ اِنھی سے اُردو اطلاعیات کا مستقبل تشکیل پائے گا۔

(پروفیسر فتح محمد ملک)
صدر نشین

فہرست

پیش گفتار

"اُردو اطلاعیات ہی اُردو کا مستقبل ہے"۔ یہ جملہ ۱۹۹۸ء میں وجود میں آیا لیکن اس کی بنیادیں بہت پہلے رکھ دی گئی تھیں۔ ۱۹۸۰ء میں احمد مرزا جمیل نے تصویری کتابت "نوری نستعلیق" متعارف کرائی جو کمپیوٹر کے ذریعے عمل کار ہوئی۔ ۱۹۸۴ء میں مجھے مقتدرہ قومی زبان میں اس ڈیسک کے فرائض تفویض ہوئے کہ تکنیکی سطح پر اُردو کے استعمال کے امکانات پیشِ نظر رکھے جائیں۔ کمپیوٹر پر اُردو عمل کاری کی ایک آدھ نمایش بھی ہوئی۔ ایک تکنیکی کمیٹی کے اجلاس بھی منعقد ہوئے لیکن بات انفرادی اور ذاتی مفادات سے آگے نہ بڑھی۔

۱۹۹۸ء قومی زندگی کا وہ یادگار سال ہے، جب ایک طرف پاکستان نے ایٹمی دھما کا کیا اور دوسری طرف "اُردو اطلاعیات" کی نیو ڈالی گئی۔ نیشنل ڈیٹا بیس آرگنائزیشن، اسلام آباد (NDO) ان دنوں قومی شناختی کارڈ کی تیاری کے لیے پَر تول رہا تھا۔ لیکن اس وقت تک اُردو لفظ کاری (Word Processing) کے جتنے بھی سافٹ ویئر سامنے آئے تھے، وہ بنیادی طور پر شبیہ (Image) کے اُصول اور اپنے اپنے ایسکی ضابطے (ASCII Code) پر عمل کرتے تھے اور ان میں عمل کاری (Processing) صرف انھی کے سافٹ ویئر میں ہو سکتی تھی۔ کوئی بنیادی معیار بندی موجود نہ تھی۔ اسی طرح حرف کی بنیاد اور یونی کوڈ (UNICODE) یا آئی ایس او (ISO) جیسے معیارات کا دور دور تک پتا نہ تھا۔ انھی دنوں میں کچھ طالع آزما اٹھے تاکہ NDO کا کاروبار ان کے ہاتھوں میں آسکے۔ انھوں نے معیار بندی کی کوششوں کا آغاز کیا۔ یہی ادارہ NDO آگے چل کر NADRA کہلایا اور اُردو شناختی کارڈ ممکن ہوئے۔

معیار بندی کا پہلا ایسا سیمینار ستمبر ۱۹۹۸ء میں نیشنل یونیورسٹی فاسٹ (FAST) لاہور میں منعقد ہوا۔ مجھے اس میں شریک ہونے کا موقع ملا۔ صدارت پر بھی براجمان ہوا۔ مقامی کمیٹی کا انچارج بنا لیکن معیار بندی کے لیے کوئی راستہ نہ نکلا۔ اگلے اجلاس مقتدرہ قومی زبان میں شروع کیے۔ یہاں ستمبر ۱۹۹۹ء میں شعبہ "اُردو اطلاعیات" کی بنیاد رکھی گئی اور یوں معیاری کلیدی تختے اور معیاری ایسکی کوڈ پلیٹ کی تیاری کا کام

انجام پایا۔ اس وقت کی تمام کمیٹیوں کے ارکان رضا کارانہ کام کرتے تھے۔ اپنے اپنے اخراجات پر آتے جاتے رہتے۔ بالآخر ۵۔جون ۱۹۹۹ء کو ایسکی کوڈ پلیٹ کے ورژن 1.1 کا تعارفی سیمینار مقتدرہ قومی زبان کی طرف سے منعقد کیا۔ اس کی صدارت ڈاکٹر قدیر خان نے کی اور مہمان خصوصی وفاقی وزیر یاسین وٹو تھے۔ کابینہ سیکرٹری اے ڈبلیو قاضی آخری اجلاس میں موجود تھے۔ کلیدی تختہ حتمی صورت میں تعدّد شماری کی بنیاد پر سامنے آیا۔ نادرا میں آزمایا گیا اور بالآخر ۱۴۔دسمبر ۱۹۹۹ء کو جاری کر دیا گیا۔ اس کلیدی تختے پر دیگر پاکستانی زبانوں کے اداروں سے اتفاق رائے حاصل کیا گیا۔ اس مرحلے پر نادرا کے میجر سہیل اقبال، کابینہ سیکرٹری ڈاکٹر معصومہ حسن اور ایڈیشنل سیکرٹری جناب محمد اسماعیل پٹیل کا ذکر توجہ چاہتا ہے۔

ایسکی کوڈ پلیٹ کے اجراء میں چند اغلاط موجود تھیں نیز جب میں نے یہ دیکھا کہ بعض علامتوں اور پاکستانی زبانوں کی شرکت ایک ہی ضابطہ تختی اور ایک ہی فانٹ سے ممکن ہے تو اپنا نقطہء نظر "خالی کشتیوں" (Ghost Characters) کی صورت میں سامنے لایا۔ اس مقام پر جانب سید عمار جعفری کی خدمات اہم ہیں۔ مختلف ذیلی کمیٹیوں کی روداد یں اس کتاب کی دوسری جلد میں شامل ہیں۔

انھی دنوں کابینہ سیکرٹری ڈاکٹر معصومہ حسن نے اس کام کی قومی اہمیت دیکھ کر کابینہ کے اجلاس میں منظور کرا کے معیار بندی کا یہ کام سرکاری طور پر کابینہ ڈویژن کے ذمے لے لیا اور نئے کلیدی تختے اور نئے ضابطہ تختی ورژن ۲ کی بنیاد پر پہلا اُردو سافٹ ویئر مقابلہ منعقد کرانے کا حکم دیا۔ اس مقابلے میں حصہ لینے والوں کے کام ITCN Asia 2001 میں نمایش کے لیے پیش کیے۔ کابینہ سیکرٹری کی کوششوں سے ایسکی کوڈ پلیٹ (ضابطہ تختی) اور مقتدرہ کے لیے ڈبل ایسکی کوڈ کے عالمی معیار بندی کے ادارے یونی کوڈ کی رکنیت حاصل کرنے کی منظوری صدر پاکستان نے دے دی۔ اس موقع پر جناب طاہر مفتی اور جناب محمد اویس احمد کی خدمات قابل ذکر ہیں۔

اسی نمایش میں مائیکروسافٹ دوبئی آفس کے انچارج جناب احمد عبداللہ سے ملاقات ہوئی تو انھیں ایم ایس سافٹ ویئر اُردو میں بدلنے اور اُردو کلیدی تختہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ ہومیوپیتھی کا اُردو میں ہونا بطور مثال پیش کیا۔ مشورہ صائب تھا۔ مائیکروسافٹ نے Windows XP 2000 میں جزوی طور پر یہ کلیدی تختہ شامل کر لیا تھا اور ۲۰۰۲ء میں LLP کے تحت اپنے سافٹ ویئر اُردو میں بدلنے کا آغاز کیا اور یہ کام مقتدرہ ہی کے سپرد کیا۔ اس منصوبے کے تحت ہم نے Windows XP 2000 اور Office 2003 کو اُردو میں بدلا اور دعوی کیا کہ ہم نے کمپیوٹر سکرین اُردو میں بدل دی ہے۔ ان معاملات میں مائیکروسافٹ کے LLP کے انچارج جناب اینڈی عبرا اور پاکستان میں جناب وقار خیسانی کی خدمات بے مثل ہیں۔

اس دوران میں ایک PC-I حکومت کو پیش کیا گیا۔لیکن اس عرصے میں میری بجائے پاکستان کمپیوٹر بیورو کے سعید احمد کو مقتدرہ میں اُردو اطلاعیات کا انچارج بنا دیا گیا۔ یہ منصوبہ جہاں ایک طرف کابینہ ڈویژن سے پیش ہوا اور مسترد ہوا، وہیں دوسری طرف آئی ٹی ڈویژن کی طرف سے بھی چار کروڑ روپے کا یہی منصوبہ متوازی طور پر منظور کرالیا گیا اور ذیلی ٹھیکے میں اسے نیشنل یونیورسٹی فاسٹ (FAST) لاہور کو دے دیا گیا۔ وہاں کچھ کام ہوا یا نہیں لیکن ان کے اساتذہ اور طلبہ نے جو تحقیقی قدم اٹھائے، اُن سے اکثر "اخبارِ اُردو" کی زینت بنتے رہے۔

نئے کابینہ سیکرٹری جناب اعجاز رحیم نے جب مقتدرہ میں کمپیوٹر سکرین اُردو میں بدلتے اور میری ٹیم کو دن رات کام کرتے دیکھا تو اس کے نئے منصوبے "مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات" کو حکومت کی طرف سے منظوری دلا دی۔ اس کا پہلا مرحلہ کامیابی سے گزرا تو پاک نستعلیق فانٹ کی نمائش قومی اسمبلی اور سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں میں کی گئی۔ وزیراعظم پاکستان نے رپورٹ دیکھ کر کابینہ سیکرٹری کو یہ کام تیز تر کرنے کا حکم جاری کیا اور یوں یہ منصوبہ دوسرے مرحلے میں داخل ہوا۔ ۱۱ تا ۱۲۔مئی ۲۰۰۸ء کو یونی کوڈ کی ٹیکنیکل کمیٹی کے اجلاس میں Ghost Characters Theory کو کلی طور پر منظوری حاصل ہوئی۔ مشینی ترجے اور اُردو کوائفیہ کے سافٹ ویئر تیار ہوئے۔ کمپیوٹری لسانیات پر دو ورکشاپیں منعقد ہوئیں۔ مائیکروسافٹ کی کئی ملکی و غیر ملکی کانفرنسوں میں مجھے مقالے اور معروضات پیش کرنے کا موقع ملا۔ ان کاموں کا اثر اتنا ہوا کہ کمپیوٹر/ انٹرنیٹ/موبائل فون پر اُردو کا غلغلہ بلند ہو گیا۔ حکومتِ پاکستان نے بھی اپنے ویژن ۲۰۳۰ء میں اسے اہمیت دی۔ اس سارے عرصے میں کابینہ ڈویژن کے افسرِ صیغہ سید سرفراز شاہ مرحوم کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

۲۰۰۸ء میں اس کام کو انجام دیتے دس برس گزر چکے ہیں۔ اب وہ وقت آ گیا ہے کہ ایسی تمام نگارشات ، مقالات اور تحریریں ایک اہم علمی سرمایے کے طور پر جمع کر دی جائیں تاکہ اُردو اطلاعیات کا میدان اپنی دستاویزی بنیادوں پر بھی استوار ہو سکے اور مرکزِ فضیلت کے تیسرے مرحلے Institute for Urdu Informatics کا ان دس سالہ کاوشوں کے نتیجے میں آغاز ہو سکے۔ اس دوران میں یہ منصوبہ کئی نازک مرحلوں سے گزرتا رہا جن میں کامیابی سے ہمکناری پلاننگ کمیشن کے جناب طالب حسین ، خالد حسین سید اور کابینہ سیکرٹری سید مسعود عالم رضوی، ایڈیشنل سیکرٹری جناب اشتیاق احمد اور جائنٹ سیکرٹری محترمہ شمع خالد اکبر کی مرہون رہی۔

"اُردو اطلاعیات" کے نام سے کتابی صورت کا یہ سلسلہ جاری کیا گیا ہے۔ پہلی جلد میں میری اپنی

تحریریں شامل ہیں اور ان سے اگلی جلدیں میرے رفقائے کار اور دیگر اساتذہ اور طلبہ کی نگارشات پر مبنی ہیں جو وقتاً فوقتاً سامنے آتی رہی ہیں۔ اس مرحلے پر سیکرٹری کابینہ جناب غیاث الدین اور ایڈیشنل سیکرٹری جناب عطا محمد راجا قابلِ ستایش ہیں کہ اُن کی رہنمائی سے تیسرے مرحلے کی طرف اُٹھ رہے ہیں۔

یہاں میں اپنی ٹیم کے ان مختلف افراد کا ذاتی طور پر ممنون ہوں جو مختلف اوقات میں ساتھ دیتے اور میرے ساتھ کام کرتے رہے۔ ان سب کی مجموعی کوششیں آج آپ کے سامنے ہیں۔ ان کا ذکر مختلف تحریروں میں موجود ہے، اس لیے فرداً فرداً ان کا نام لینا مشکل ہے۔ ان میں سے بعض اپنا اپنا کردار ادا کر کے رخصت بھی ہوتے رہے لیکن اُردو اطلاعیات کا یہ ایک نیا میدان وضع کرنے میں خاطر خواہ حصہ دار بنے۔ اُردو اطلاعیات کی تاریخ انھیں ہمیشہ یاد رکھے گی۔

ڈاکٹر عطش دُرّانی
پراجیکٹ ڈائریکٹر
مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات

اسلام آباد، ۱۴۔ اگست ۲۰۰۸ء

۱

اُردو اطلاعیات: اُردو کا مستقبل

"اُردو اطلاعیات ہی اُردو کا مستقبل ہے"۔ یہ بات نوشتۂ دیوار ہے لیکن اسے سمجھنے اور جاننے کے لیے ہمیں چند لمحوں کے لیے اُردو کے مستقبل میں جھانکنا ہوگا۔ اکیسویں صدی کی ایک چوتھائی گزر جانے دیں تب ہمارے بچے کمپیوٹر کے سامنے بیٹھے اُردو تحریروں کا مطالعہ کر رہے ہوں گے، جملہ سازی سیکھ رہے ہوں گے، بامعانی نگارشات اور بے مقصد تحریروں کا فرق سمجھ رہے ہوں گے یا پھر چھوٹی چھوٹی کہانیاں اور مضمون لکھتے ہوں گے اور نظمیں تخلیق کرتے ہوں گے۔ ذرا بڑے بچے وہ ساری تحقیق سکول کی سطح پر انجام دیتے ہوں گے جو آج ایم اے کے طلبہ بڑے فخر کے ساتھ اپنے کارناموں کے طور پر پیش کرتے ہیں، جیسے "اشاریہ جات"، " کتابیات" اور "احوال و آثار" وغیرہ کی نام نہاد تنقیدی یا رائے زن تحقیق۔ اس دور میں سکولوں کے طلبہ آج کے جامعاتی طلبہ کو اسی طرح طفلِ مکتب سمجھیں گے جیسے آج کے طلبہ عکسی نقول کرنے والی مشینوں کی موجودگی میں ہاتھ میں نوٹس لینے والے کو بے مقصد وقت ضائع کرنے والے قرار دیتے ہیں یا پھر کیلکو لیٹر کی مہارت رکھنے والے لوگ پہاڑے یاد کرنے والوں اور گنتارے کی مشق کرنے والوں کو سمجھتے ہیں۔

کل کے کمپیوٹر/ ویب سائٹ/ انٹرنیٹ پر اُردو میں تحقیق کے بنیادی آلات، کتابیات سازی، لغات، اشاریے، تحقیقی جائزے، رپورٹیں، ادبی متون، اصول قواعد، مختلف ذخیرہ ہائے الفاظ، تحقیقی مسلیں/ فائلیں، پتے، عنوانات وغیرہ موجود ہوں گے اور اُردو کے محققین کو ان میں سر کھپانے اور کتب خانوں کی گرد جھاڑنے کی ضرورت بہت کم ہوگی۔ بنیادی کوائف اور ذخائر کمپیوٹر پر آ جانے سے کاغذی کتاب کا رواج بھی کم ہو جائے گا۔ سیاہی کے قلم کہ جگہ ماؤس، کلیدی تختے اور نوری قلم کو مل جائے گی۔ طلبہ کی کاپی کی جگہ کمپیوٹر نوٹ بک ہوگی اور کتاب/ رسالے کی جگہ ای بک اور انٹرنیٹ کو حاصل ہوگی۔ کمپیوٹر کی اگلی نسل آ جانے کے بعد تو شاید کمپیوٹر سکرین اور کلیدی تختہ بھی غائب ہو جائے گا اور اس کی جگہ برقیاتی چشمہ اور برقیاتی دستانہ لے لے گا۔ طلبہ انگلیاں نچائیں گے اور اپنے چشمے کے اندر ہی اندر پڑھیں لکھیں گے۔ یہ تو طے ہے کہ سب کچھ ہو رہا ہوگا، اگر اُردو میں نہیں تو پھر معاف کیجیے انگریزی میں تو ہو رہا ہوگا۔ اُردو تو کیا (خاکم بدہن) کوئی بھی پاکستانی زبان پھر کہیں بھی نہیں ہوگی۔ تب ایم اے اُردو یا پی ایچ ڈی اُردو کیا کرے گا؟ اس کی اعلیٰ سطحی مہارت کہاں درکار

ہوگی۔

ابھی وقت ہے۔ اگر آج ہم نے اُردو کے لیے مناسب تیاری کر لی تو پھر اس دور میں ہمیں ترجمہ کاری کے حوالے سے کم مائیگی سے بھی نجات مل چکی ہوگی۔ پوری دنیا اب انگریزی سے پیچھا چھڑانے کی فکر میں ہے۔ دن رات ترجمے کے سافٹ ویئر بن رہے ہیں۔ بس ایک کلید دبانے سے ترجمے کا سافٹ ویئر منٹوں میں انگریزی کی پوری کی پوری دستاویز، اقتباس یا کتاب اُردو میں پیش کر دے گا۔ اُردو کے اساتذہ کی تربیت کمپیوٹر ہی پر ہوگی اور طلبہ بھی کمپیوٹر پر تعلیم حاصل کر رہے ہوں گے۔ پابند جامعات کی جگہ شاید فاصلاتی تدریس لے لے گی۔

دوسری طرف ان تمام کاموں کی تیاری کے لیے ہمیں آج ہی سے کچھ کرنا ہوگا۔ اُردو کا مستقبل آج ہمارے ہاتھ میں ہے۔ یہی مستقبل اُردو کی نصاب سازی کا ہدف ہے، جس کی تیاری ہمیں آج کرنا ہے۔ ہمیں کمپیوٹر کے لیے اُردو متون کا انتخاب کرنا ہوگا۔ ان کی تدوین کرنا ہوگی۔ تحقیقی کوائف جمع کرنے ہوں گے۔ ان کے مناسب حصول کے لیے فارمولے بنانا ہوں گے۔ تدریسِ اُردو کے اسباق تیار کرنا ہوں گے۔ تکنیکی وتنقیدی اصول وضع کرنا ہوں گے اور ان کا تقابلی چارٹ بنانا ہوگا۔ کتب خانوں کی مسل داری کرنا ہوگی اور اشاریے وضع کرنا ہوں گے۔ اُصولِ ترجمہ اور اُصولِ اصطلاحات سازی کو وجود میں لانا ہوگا۔ تخلیقی امور میں معاونت کے اصول اپنانا ہوں گے۔ مطالعاتی مواد کی تشکیل کرنا ہوگی۔ کہانی لکھنے کی تکنیک بوجھو تو جانے اور ذخیرہ ءالفاظ کی معیاری فہرستیں وضع کرنا ہوں گی۔ تحریر کے اصول سامنے لانا ہوں گے۔ کمپیوٹر کی گرامر لکھنا ہوگی تاکہ اُردو ضابطہ برائے ترجمہ وضع ہو سکے اور انگریزی سے اُردو ترجمے کا سافٹ ویئر وجود میں آ سکے۔

ان سب باتوں کے لیے کمپیوٹر کی کون کون سے تکنیکیں وجود میں لائی جا سکتی ہیں۔ ذرا ایک نظر ان پر ڈال لی جائے۔

۱۔ سب سے پہلے اُردو کے مشینی قواعد یعنی ایسی گرامر جو شاخ داری (Branching) کے عمل سے گزار کر الگ الگ ضابطے یا کوڈ نمبر وجود میں لانے کا سبب بنے - ان کے مقابلے اور سیاق وسباق کے حوالے سے انگریزی گرامر کے کوڈ وضع ہوں گے اور کچھ ایسے طریقوں سے انگریزی - اُردو - انگریزی ترجمے کا سافٹ ویئر وجود میں آ جائے گا - اگر ماہرین زبان وادب نے اُردو کی اس گرامر کی تشکیل میں دلچسپی نہ لی تو یہ خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوگا۔ احمد مرزا جمیل جیسے خطاط اور نوری نستعلیق کے عارضی طریقے سے اُردو کی کمپوزنگ کا سافٹ ویئر تیار کروایا ہے جو اب ای میل اور انٹرنیٹ کی راہ میں حائل ہو رہا ہے-

۲۔ **اُردو ویب سائٹ:** انٹرنیٹ/سرچ انجن/ای ایڈریس وغیرہ ایسے امور ہیں جن میں براہ راست اُردو زبان کے ماہر کی مداخلت درکار ہے- ان کا ذکر آگے آئے گا لیکن فی الوقت اُردو کے نام پر جو

ویب سائٹس موجود ہیں وہ "تصویری صفحہ "پرعمل کرتی ہیں-ان میں تحقیق اور تلاش ممکن نہیں اور یہ کمپیوٹر پر یادداشتی جگہ (Memory) گھیرتی ہیں-

3- **اُردو کی ترجمہ مشین:** یہ سافٹ ویئر ابھی قواعد کے علاوہ ماہر زبان کی اور بھی مہارتوں کا طلب گار ہے؛ جیسے تعبیر مفہوم اور سیاق الفاظ کی تکنیکی پہلو، معیاری ذخیرہ الفاظ، طوالت الفاظ، کلیدی الفاظ(Key Words)، عمل تقلب(Transformation)، صرف ونحو کے بلاک وغیرہ-

مشینی ترجے (MT) کے کئی درجے اور سطحیں ہیں- ہر ایک کے لیے الگ لسانی تحقیق درکار ہے چونکہ CAHT (Comptur Assisted Human Translations) انسانی ترجمہ کاری ہے اس لیے اس میں نسبتاً کم ضرورت پڑے گی لیکن کمپیوٹر ترجمہ CAT(Computer Assisted) یا مشینی ترجمہ MAT(Machine Assisted) میں زیادہ تحقیق درکار ہے- دراصل یہ انسانی نہیں بلکہ مشینی کارگزاری ہوگی اور مشین کو ہر بات کے لیے ایک پروگرام بنانا چاہیے-ان کاموں کے لیے کتنے افراد اور اذہان کی محنت درکار ہے؟ اس کا اندازہ اس بات سے کر لیجیے کہ ۱۹۸۷ء میں جاپان میں مشینی ترجمہ کے منصوبوں پر نو سو افراد کام کر رہے تھے-

زبان دانوں کی درکار مدد والے اس کام میں جو مسائل کے حل میں درپیش ہیں، ان کا اندازہ کچھ یوں ہے:-

(۱) کثیر لسانی لغات درکار ہوں گے جن میں ہر لفظ اور جملے کا مکمل اور صحیح متبادل درج ہو-

(۲) کثیر المعانی الفاظ کی ہر رنگت کے مکمل اور صحیح متبادلات موجود ہوں-معنویات کے لحاظ سے یہ مشینی ترجے کا مشکل ترین مرحلہ ہے-

(۳) ایسے الفاظ جن کا ترجمہ دوسری زبانوں میں موجود نہ ہو جیسے اُردو کے " گوالا" اور "غیرت" اور انگریزی کے "موٹروے"، " کمیونٹی" اور " سول سوسائٹی" وغیرہ-

(۴) ایسے افعال اور زمانے جو دوسری زبانوں میں نہ پائے جاتے ہوں جیسے اُردو کے فعل مستقبل جاریہ اور ماضی شکیہ "وہ جا تا رہا ہوگا"-

(۵) کسی جملے کے اندر ترتیب الفاظ یا نحوی ترکیب کا تقابل- دوسری زبان کی نحوی ترکیب کے ساتھ ان الفاظ کا تعین جو کبھی فعل، کبھی اسم اور کبھی صفت کے طور پر استعمال ہوں، جیسے "بوڑھا"-

(۶) ترجے کی تکنیک کا اختلاف، برعکس ترجے کی صورت میں جیسے انگریزی سے اُردو کی تکنیک، اُردو سے انگریزی کی تکنیک سے مختلف ہوگی- نیز لفظ بہ لفظ ترجے اور بامحاورہ ترجے کی تکنیک بھی ایک دوسرے سے مختلف ہوگی-

(۷) ترجے کی صحت کی شرح ہدفی زبانوں (Target Languages) کے بدل جانے سے مختلف ہو

جاتی ہے جیسے سسٹران (Systran) کے نظام پر مشینی ترجمے کے سافٹ ویئر میں انگریزی سے فرانسیسی ترجمہ ۹۵ فیصد صحیح ہوتا ہے لیکن انگریزی سے اطالوی ترجمہ ۸۵ فیصد صحیح ہوتا ہے- ان کی انسانی ذرائع سے تصحیح کے اصول وضع کرنا بھی ماہرین اُردولسانیات ہی کا کام ہوگا-

(۸) اُردو کی برقیاتی کتب/ ڈسک میں متن اور اس کی خصوصیات، محضری تجزیے (Discourse Analysis)، عمومی اور خصوصی زبان، تھیسارس اور اس کے رابطے، لغات نگاری اور مابعد لغات نگاری ہیئتیں (Lexicographical and post lexicographical forms) اشتقاقات اور تصریف (Inflation) وغیرہ کی تکنیکی مسائل بندی وغیرہ-

(۹) کمپیوٹر خواندگی (Computer Literacy) کی تعریف، حدود، محضر اور اس کے ذخیرۂ الفاظ اور اصطلاحات کی تشکیل-

آیئے اب ان تحقیقی امور کا جائزہ لیتے ہیں جو اس سلسلے میں اُردو زبان میں انجام دیے جانے ہوں گے۔

(۱) حروف سے متعلق: اُردو حروف تہجی کیا اور کتنے ہیں؟ ان کی ترتیب مع حرکات اور اشکال، جوڑ- ان کے بنیادی اصول کیا ہیں؟ تعدد حروف (Letter Frequency) یعنی مختلف مضامین میں حروف وارد ہونے کی شرح کیا ہے؟ یہ تحقیق متعدد وقفوں سے درکار ہوتی ہے- املاء اور تدریسی اصول، نقل حرفی (Transliteration) کے اصول جو موضوعی (Subjective) سے ہٹ کر رجوعی (Reversible) ہوں اور کمپیوٹر کی ضروریات پوری کرسکیں- اُردو میں نقل حرفی کے لیے موجود 35 سکیمیں کمپیوٹر کے لیے ناکافی رہی ہیں- رسم الخط کی بحث، ترسیمے (Ligature) کے اصول، نسخ اور نستعلیق کا علمی مطالعہ، تکنیکی تجزیہ، جوڑ، کسی فانٹ کی اقسام کے اسباب وغیرہ-

(۲) الفاظ سے متعلق: الفاظ کا مطالعہ، ترسیمے کی ضرورت، معیاری املا، اگر ایک سے زیادہ معیارات ہوں تو ان کی جدولوں کی تشکیل- اُردو الفاظ کی تکمیلی طوالت ہجوں کی تحقیق اور اعراب حرکات، رموز اوقاف وغیرہ -کمپیوٹری اصول کی تشکیل، قواعدی صورتوں کا تعلق اور نسبت وغیرہ- متعدد الفاظ کا مطالعہ، جیسا کہ بارکر نے کینیڈا میں کیا تھا، ویسا مطالعہ مختلف محضروں کے حوالے سے، جیسا برمنگھم یونیورسٹی نے کو بلڈ (Co-build) ڈکشنری نے الفاظ کے عمومی اور خصوصی تعددِ استعمال معلوم کرنے کے لیے کیا تھا-

(۳) جُملے سے متعلق: اُردو جملے کی ساخت، کمپیوٹری نحوی ترکیب کی تشکیل، ٹیکسٹ ایڈیٹر کے اصول، اُردو جملوں کی تبدیلی (زمانوں اور حالتوں کی صورت میں) اور اس کی جدولیں، ان صورتوں کی وجوہ پر تحقیق، لفظ و معنی کا رشتہ، تھیسارس کے شجرے اور جدولیں، جملوں میں کلیدی، غیر کلیدی، مصدری/فعلی اور غیر مصدری فعلی الفاظ کا تعین، ذخیرہ ءالفاظ کی نامیاتی تشکیل، نتائجی الفاظ (Pragmatic Vocabulary) وغیرہ-

(۴) تحریر سے متعلق: متن اور متنیت، توسل (Mediation)، ابلاغ، محضر، اسلوب، طرز بیان اور لسانی سانچوں (Registers) پر بنیادی تحقیق، تحریر اور متن کے نفسیاتی عوامل، مطالعاتی مواد کی تشکیل، لسانی فنون، انشائی مسل داری، امکانات وغیرہ۔

(۵) تدریسِ اُردو: معیاری متون کی تشکیل، تدریسی اسباق، سٹوری مشین (پلاٹ کے مختلف امکانات اور کہانی آگے بڑھانے کے طریقے) الفاظ کے بُنت کار (Word Weavers)، نظم، آہنگ، عروض کے سافٹ ویئر کمپیوٹر نظم (Compupoem) سپرنگ بورڈ اور مکالمات کے سافٹ ویئر (تدریس ادب میں معاون)، زبان و بیان کی ذیلی معمولات (Subroutines)، انشاء پردازی کے تکنیکی اصول، سہ پیرا اور پنج پیرا انشائیہ (Three and Five Paragraph Essay)، اختلاف انتقاد ادب کی وجوہ اور امکانات کے سافٹ ویئر نیز دیگر تعلیمی سافٹ ویئر وغیرہ۔

(۶) اعلیٰ تحقیق، اُردو سے متعلق: ایسے تمام امور میں مزید کئی پہلوؤں پر تحقیق کرنے والوں کو مدد دینے کے لیے مختلف کتب خانوں میں موجود اشاریوں، متون اور معلومات کی کوائف کاری اور عملی ضروریات۔

مستقبل کے ایسے کئی امکانات ہیں مثلاً الیکٹرانک بک میں متون کی اشاعت جو ادیبوں اور شاعروں کو ورطۂ حیرت میں ڈالے ہوئے ہے اور اُردو کے طالب علم کو بھی اس نئی دنیا سے واسطہ پڑنے والا ہے۔

چنانچہ کم از کم ایم اے اُردو کے طالب علم کو "اُردو اطلاعیات" کے ایک پرچے میں مندرجہ ذیل حدود و قیود کا مطالعہ اور کمپیوٹر کا علمی استعمال آنا چاہیے۔

(۱) اُردو مشینی دور میں:

اُردو طباعت کا آغاز، ٹائپ اور رسم الخط کی بحث، پروفیسر محمد سلیم، ڈاکٹر طارق عزیز اور مقتدرہ کی شائع کردہ ایسی کئی کتابیں زیر مطالعہ لائی جاسکتی ہیں۔

(۲) اُردو لفظ کار کے امور:

اُردو لفظ کار یا ورڈ پراسیسر کی تاریخ ۔ ۱۹۸۰ء میں احمد مرزا جمیل کے ترسیمہ بنیاد (Ligature Base) پر تیار ہونے والا نوری نستعلیق۔ اس کے مسائل اور حل کی کوششیں، لائنو ٹائپ، شاہکار اور ان پیج کا سافٹ ویئر، ان کے استعمالات پر جہانگیر بک ڈپو لاہور کی شائع کردہ کتابیں وغیرہ۔

(۳) اُردو حرف کار کے امور:

اُردو میں حرفی بنیاد (Character Base) والے کمپیوٹر کی ضرورت، مقتدرہ کی ذیلی کمیٹی برائے یونی کوڈ اور اس پر حالی حروف اور نقطوں کے حوالے سے کی گئی کوششیں ۔ فاسٹ لاہور ۱۲۔ ستمبر ۱۹۹۸ء اور مقتدرہ قومی زبان کے سیمینار ۵۔ جون ۱۹۹۹ء نیز ۱۳۔ اپریل ۲۰۰۱ء کی رودادیں۔ احمد مرزا جمیل کے بیس سال

بعد ۲۰۰۰ء میں اُردو حروف پر مبنی ضابطہ تختیوں (Code- Plates)، کلیدی تختے (Keyboards)، ترتیب حروف (Collation Order)، نقل حرفی (Transliteration) جیسے پہلوؤں پر مقتدرہ قومی زبان، نادرا، فاسٹ لاہور، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد اور عبادت فاؤنڈیشن وغیرہ کی کوششیں۔ Ghost Character Theoryk کا مطالعہ، "اخبار اُردو" کے مضامین، کتاب "پاکستانی اُردو: مزید مباحث" اور "اُردو ضابطہ تختی" وغیرہ کا مطالعہ۔ ان میں بیان کردہ موضوعات پر مزید مطالعے کی راہیں اور تحقیق۔ تعدد حروف پر مرحوم ڈاکٹر محمد افضل (۱۹۵۸ء)، ڈاکٹر ممتاز منگلوری ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور (۱۹۸۲ء)، نادرا اسلام آباد (۱۹۹۹ء) کی تحقیق کے مطالعہ اور کلیدی بورڈ، ڈیٹا بیس کی تیاری کے لسانی مسائل، اُردو ای میل اور انٹرنیٹ کی تیاری پر پی ڈی ایم ایس (PDMS) کراچی، راقم، سافٹ ویئر لاہور وغیرہ کے کام۔ فاسٹ لاہور کے تیار کردہ "نفیس نستعلیق" اور مرکزِ فضیلت کے "پاک نستعلیق" فانٹ کی کارکردگی۔

(۴) اُردو سافٹ ویئر کے امور:

اُردو سافٹ ویئر بنانے کے موضع پر پہلا مقابلہ مقتدرہ قومی زبان نے 13- اپریل 2001ء کو منعقد کرایا۔ اس سلسلے میں 22 تا 29 مارچ 2001ء کو کراچی آئی ٹی سی این ایشیاء (ITCN Asia) کی نمائش منعقد ہوئی۔ اس کی روداد یں "اخبار اُردو میں شائع ہوئیں۔ اُردو سافٹ ویئر کے سلسلے میں انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈویژن کے اعلانات، ایس ڈی این پی (SDNP) اسلام آباد اور فاسٹ لاہور کی کوششوں کا مطالعہ۔ مرکزِ فضیلت کی کوششیں قابل ذکر ہیں۔

اُردو سافٹ ویئر کی تیاری کے سلسلے میں مختلف اداروں کے تجربات خاص طور پر جعفر برادرز، نادرا، پی ڈی ایم سی، کوئیک سافٹ، انعام علوی نیز ایس ٹی ایس وغیرہ۔ مائیکروسافٹ اور انک سافٹ کی مقامی کاری (Localization) کو ملحوظ رکھنا ہوگا۔

Sustainable Development Network Programme (SDNP) اسلام آباد کے ساتھ ملٹی لینگوئیل انٹرنیٹ (MINC) اور مقتدرہ کے تعاون سے 28- جولائی 2001ء کو منعقدہ سیمینار برائے انٹرنیٹ وغیرہ کا جائزہ ''اخبار اُردو'' اسلام آباد کے کمپیوٹر نمبر، اُردو سافٹ ویئر نمبر (2002ء) اور مائیکروسافٹ آفس اور ونڈوز، وسٹا جیسے سافٹ ویئر اور موبائل فون وغیرہ اُردو میں منتقل کرنے کے تجربات اور معیاری برقیاتی فرہنگ کی مقتدرہ کی طرف سے اشاعت اس موضوع پر مطالعاتی مواد مہیا کریں گے۔

(۵) مشینی ترجمے کے امور:

انگریزی اُردو ترجمے کے سافٹ ویئر کی تیاری کے سلسلے میں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن اسلام آباد اور پشاور یونیورسٹی کے زیر اہتمام ۱۰ تا ۱۳ اگست ۱۹۹۱ء کو باڑہ گلی میں منعقد ہونے والے سیمینار کی روداد۔ فاسٹ لاہور اور مقتدرہ قومی زبان کی کوششوں اور مطبوعات کا مطالعہ۔ خاص طور پر پشاور یونیورسٹی کے پروفیسر ایم اے

خان کی کتاب"Text based Machine Translations" اورڈاکٹر عابد خان (پشاور یونیورسٹی) کے مقالات قابل ذکر ہیں- علاوہ ازیں باڑہ گلی میں پشاور یونیورسٹی کے قومی سیمینار میں ڈاکٹر محمد عابد خان، محمد قاسم، ارشد شیخ اور عظمیٰ یوسف وغیرہ کے مقالات اُردو کی کمپیوٹر گرامر کے مسائل وغیرہ سے متعلق ہیں- مثال کے طور پر ان میں سادہ اُردو جملے، اسمیہ جملے، فعلی جملے، صفاتی جملے وغیرہ کمپیوٹر ضابطوں کے حوالے سے دیکھے گئے ہیں- ان کی اصولی ہیئت (Canonical Form) کا انگریزی کی اصولی ہیئت سے مقابلہ کیا گیا ہے- ان کے عناصر (Factors) کا تجزیہ کیا گیا- اگست ۲۰۰۷ء میں پشاور یونیورسٹی کی Language and Technology 07 کانفرنس اور جنوری ۲۰۰۹ء میں فاسٹ میں CLT09 کانفرنس کی روداد یں۔

کمپیوٹر لٹریسی کے حوالے سے اصطلاحات سازی کی جارہی ہے اور اس کے اسالیب ومحضر پر بھی تحقیق انجام دی جارہی ہے جوای میل اور انٹرنیٹ کے الفاظ میں وضع ہو رہے ہیں- عربی میں یہ پہلے ہی وضع ہو چکے ہیں- ان کا مطالعہ اور آئندہ کے لیے تحقیق کی محفوظ راہیں تلاش کرنا ضروری ہے- کمپیوٹر کی اصطلاحات پر مقتدرہ نے بھی ایک ڈکشنری شائع کی ہے- اس سلسلے میں کئی مضامین "اخبار اُردو" کی زینت بنے ہیں- علاوہ ازیں کمپیوٹر پر اُردو کے حوالے سے تحقیق اور مباحث کا ایک بہت بڑا ذخیرہ مقتدرہ کے اندر وجود میں آ رہا ہے جو روز افزوں ہے- ابتدائی تعارف کے لیے مقتدرہ نے "اُردو اطلاعیات" کے نام سے ایک کتاب بھی شائع کی ہے- اُردو میں تکنیکی اور سائنسی موضوعات پر "ٹیکنیکل سائنس" اور " گلوبل سائنس" وغیرہ کے نام سے کئی رسالے شائع ہوتے ہیں- اُردو میں اُردو سائنس بورڈ لاہور کے علاوہ کئی ناشروں نے بھی کمپیوٹر ٹیکنالوجی پر کتابیں شائع کی ہیں- ان کا ذکر اور مطالعہ کیا جاسکتا ہے-

کمپیوٹر اور زبانوں کے سلسلے میں عالمی معیارات آئی ایس او(ISO)، یونی کوڈ(UNICODE)، مائیکروسافٹ(Microsoft) اور OXML وغیرہ کے ناموں سے پہچانے جاتے ہیں-

مقتدرہ نے یونی کوڈ کی رکنیت حاصل کر رکھی ہے تا کہ اُردو کو عالمی معیارات میں جگہ دی جاسکے- یہ کام ممکن ہے زبان کے ماہرین کی مدد کے بغیر مکمل ہو جائے لیکن نوری نستعلیق کی طرح اُردو کی ترقی اور مستقبل کی تمام تر ضروریات کا احاطہ شاید نہ کر سکے- یونی کوڈ میں حروف کی ساخت، املاء، خط، شکل اور معنویات کے حوالے سے کئی مباحث درکار ہیں جو وجود میں آ رہے ہیں- ان سے کمپیوٹری ادبیات کا بھی ایک بڑا ذخیرہ تشکیل پا رہا ہے- ان اداروں میں کی گئی کوششیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ ان بنیادی خاکوں کے حوالے سے جامعاتی سطح پر تحقیق، تدریس اور تعلیم انجام پائے- جامعہ اسلامیہ بہاولپور نے یہ کام شروع کر دیا ہے- شعبہء اُردو جامعہ پشاور کا سیمینار (۲۶ تا ۲۸ اگست ۲۰۰۱ء) " تدریسِ اُردو اور نصاب " اس امر کا شاہد ہے کہ اس سے اُردو کے نصاب کی تشکیلِ نو میں خاطر خواہ مدد ملے گی- اس کی رپورٹ اخبار اُردو کے شمارہ اکتوبر ۲۰۰۱ء میں شائع ہو چکی ہے- جامعہ سندھ کے

ارباب بست وکشاد پشاور یونیورسٹی کے ان نتائج اور مقتدرہ کی کاوشوں کے منتظر ہیں تاکہ وہ بھی اپنے نصابات میں اسے شامل کرسکیں اور اکیسویں صدی کے معاصر بن سکیں-IBA کراچی کے جشن طلائی کے موقع پر مائیکروسافٹ کا اُردو میں نصاب سازی اور تدریس کا اعلان اس سمت میں ایک واضح قدم ہے۔ مائیکروسافٹ اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے اقدامات بھی قابل توجہ ہیں۔

اس مرحلے پر اہم سوال یہ ہے کہ اُردو کے نصاب میں درس وتدریس کے حوالے سے اب کون کون سے اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔

(الف) پرائمری سطح پر دیکھیں تو اُردو کا کوئی معیاری قاعدہ سرے سے وجود ہی نہیں رکھتا- اُردو کے حروف تہجی، حروفِ املا اور عمل تارید کے الگ الگ ہونے کے باوجود کسی بھی قاعدے میں حروف کی تعداد یکساں نہیں-کوئی قاعدہ حروف تہجی کی بنیاد پر ہے اور کوئی حروف املا کی بنیاد پر-حروف کے جوڑ اور ان کی نشستوں کے لیے "خالی حروف" (Ghost Characters) کے حوالے سے جو تحقیق سامنے آئی ہے، اسے پرائمری سطح پر اُردو لکھنے اور پڑھنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے- ابھی صرف خواندگی کے کچھ قاعدے (پنجاب، سرحد وغیرہ میں) یوں وجود میں آئے ہیں۔

پرائمری کے نصاب میں متعدد حروف اور متعدد الفاظ کی بنا پر درجہ وار ذخیرۂ الفاظ مرتب کرنا اور ابتدائی سطح پر اُردو کے بنیادی اور ثانوی الفاظ کے امتیاز کی بنا پر بنیادی الفاظ اور سادہ جملوں کی تشکیل، صرف ونحو کے جدولوں کے حوالے سے نصابی کتب کی تدوین وتشکیل اور کمپیوٹر لٹریسی کا پرائمری سطح پر آغاز، نیز کمپیوٹر کے ذریعے قاعدے اور ابتدائی کتابوں کی تدریس شامل کرنا ضروری ہے-

(ب) ثانوی سطح پر مختلف محضروں (Discourses) کا تجزیہ، کیمبرج کے محضری تجزیے (Discourse Analysis) کی طرز پر کیا جانا اور پھر اس کے مطابق نصابی سرگرمیوں اور کتابوں کا وجود میں آنا لازم ہے-کمپیوٹر کے بارے میں آگاہی اور اُردو پراسیسر پر اساتذہ اور طلبہ کی عملی تربیت ضروری ہے- اُردو ای میل، انٹرنیٹ اور ویب سائٹ کا استعمال مضمون نگاری، انشاپردازی وغیرہ کے حوالے سے بھی ضروری ہے- اُردو کا کوئی لغت داخلی ترتیب حروف (Collation Order) کے لحاظ سے یکسانیت کا حامل نہیں جبکہ ثانوی سطح پر طلبہ کو اشاریہ سازی کی تربیت دی جانی چاہیے-

(ج) اعلیٰ ثانوی سطح پر ادبیاتی ذخیروں کے لیے کمپیوٹر انٹرنیٹ کے استعمال، اقتصادی اور دیگر معلومات، کوائف وغیرہ سے آگاہی، کمپیوٹر لٹریسی سے متعلق مواد کی نصابی سرگرمیوں اور کتب میں شمولیت لازم ہے-

پرائمری سے اعلیٰ ثانوی سطح تک اُردو کے نصاب کا نقشہ (Matrix) وضع کرنے والوں کو ایسے تمام امور کا ابھی سے لحاظ کرنا چاہیے تاکہ ان کے تیار کردہ نصاب سے تعلیم پانے والے بچے اگر آج سے بیس

پچیس سال بعد عملی زندگی میں آئیں تو وہ اُردو کمپیوٹر لٹریسی کے عہد سے مطابقت اختیار کر سکیں اور زندگی کی دوڑ میں پیچھے نہ رہ جائیں۔

(د) گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ سطح پر ان تمام مذکورہ بالا امور کا مطالعہ اور ان سے متعلق مواد کا احاطہ کرنا چاہیے۔ فی الوقت بعض جامعات اُردو کمپیوٹر کی عملی تربیت کو بھی ایم اے اُردو میں شامل کیے ہوئے ہیں۔ یہ انڈر گریجویٹ سطح پر مکمل ہو جانی چاہیے۔ نیز ایم فل اور پی ایچ ڈی کی سطح پر ان پہلوؤں کے حوالے سے تحقیق انجام دی جانی چاہیے۔ خاص طور پر اشاریہ سازی، کتابیات وغیرہ کے علاوہ تکنیکی لسانی امور کو بھی ان کی مناسب حیثیت ملنی چاہیے۔

(۱) منصوبہ ساز مجلس کا قیام:

ایک کمیٹی یا مجلس کا قیام جو کمپیوٹر کے ماہرین، اُردو زبان کے ماہرین، تحقیق، نصاب سازی اور تعلیم کے ماہرین پر مشتمل ہو اور وہ سارے پروگرام کو وضع کرنے کی پابند ہو۔

(۲) نصابی منصوبے کی تشکیل:

نصاب سازی چند ثانیوں، دنوں یا ہفتوں کا کام نہیں ہوتا۔ اس کے لیے ایک باقاعدہ منصوبہ بنایا جاتا ہے۔ منصوبے کے مطابق پائلٹ جانچ کی جاتی ہے اور یوں اس کے نفاذ کے لیے کئی تعلیمی سال درکار ہوتے ہیں چنانچہ ایسا ایک طویل المیعاد منصوبہ تشکیل دیا جائے۔

(۳) اہداف اور سطح کا تعین:

اہداف (Goals) اور سطح (Level) کے حوالے سے کمپیوٹر کی تعلیمی استعداد (Learning Competencies) کا تعین کرنا ضروری ہے تاکہ اس کی روشنی میں کمپیوٹر کا کرداری ماحصل (Behavior Outcome) معلوم کیا جا سکے۔

(۴) کمپیوٹری اطلاقات کا تعین:

کلیدی تختے، پروگرام کاری، لفظ کاری (ورڈ پراسیسنگ)، کوائف کاری (ڈیٹا پراسیسنگ) اور کوائفیہ (Database) کا جائزہ، نیز مختلف پروگراموں کے اطلاقات، استعمالات اور تعاملات (Functions) کا اُردو کے حوالے سے تعین لازم ہے۔

(۵) تدریسی معاونات کا تعین:

کمپیوٹر لٹریسی کے حوالے سے تدریسی معاونات کی ضرورت، اہمیت، وسعت، رہنمائی، تیاری وغیرہ تعلیم اور کمپیوٹر کے ماہرین کے ساتھ مل کر ہی انجام دی جا سکتی ہے چنانچہ ان معاونات کا تعین کر لینا لازم ہے۔

(۶) اساتذہ اور منتظمین کی تربیت:

اُردو کمپیوٹر کے استعمال سے متعلق سکول کے اساتذہ کے لیے محکمہ تعلیم میں اور جامعاتی اساتذہ کے لیے اعلیٰ تعلیم کے اداروں (HEC) وغیرہ میں تعارفی اور تربیتی کورسوں وغیرہ کی تیاری اور نفاذ لازمی حیثیت رکھتا ہے۔

(۷) اُردو سافٹ ویئر کمپنیوں سے رابطہ:

ہر جامعہ اور تعلیمی ادارے کے لیے لازم ہونا چاہیے کہ وہ اپنے تدریسی پروگراموں کے سلسلے میں اُردو سافٹ ویئر کمپنیوں سے رابطہ کرے اور تدریسی ڈسکیں تیار کرائے۔ اب ان پر کوئی زیادہ لاگت بھی نہیں آتی۔

(۸) اضافی اُمور:

اُردو اطلاعیات کے مضمون میں کمپیوٹر کا تعارف، تاریخ، پروگرام، زبان، لوگرتھم، اطلاقات، ڈیزائن، گراف، سپریڈشیٹ اور ورڈ پراسیسنگ کے تکنیکی اموراور اُردو اطلاعیات کے تحقیقی اُمور کو بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔ قلم کاری کی طرح اب کلیدی تختے کی مہارت کو بھی ان اضافی امور میں شامل کر لیا جائے تو اُردو اطلاعیات کی تدریس کے مقاصد بخوبی حاصل ہو سکتے ہیں۔

اس مطالعے اور ان حوالوں سے "اُردو اطلاعیات" کی تدریس کا خاکہ کچھ یوں بنتا ہے۔

۱۔ کمپیوٹر کا تعارف جس میں اُردو پروگراموں کا تعارف بھی شامل ہوگا، نیز کمپیوٹر کے موضوع پر شائع کیے گئے اُردو لٹریچر کا تعارف۔

۲۔ کمپیوٹر پر اُردو کے مسائل، معیار بندی، تحقیق اور مسائل۔

۳۔ اُردو املاء، ٹائپ اور دیگر تکنیکی امور، ان کی بناوٹ، تعدد استعمال وغیرہ۔

۴۔ اُردو صوتیات اور حروف، الفاظ اور معنی کا رشتہ، تعبیر اور سیاق وسباق، بنیادی لفظیات، ثانوی الفاظ، مترادفات ومتضادات پر تھیسارس کی بنیادیں، الفاظ کا نامیاتی رشتہ وغیرہ۔

۵۔ اُردو ترجمہ کاری اور اُصول لغات نگاری کی تکنیک، کمپیوٹر گرامر اور لسانیات وغیرہ کے امور۔

۶۔ تحریر، متن کی ساخت، ابلاغ، توسّل، اسلوب، طرزِ بیان وغیرہ کے مباحث۔

۷۔ اُردو کی لسانی اور ادبی، تکنیکی اور حوالہ جاتی ترقی کے امکانات اور مباحث۔

۸۔ لسانی تجربہ گاہ اور کمپیوٹر کے عملی استعمال کی مشق۔

ان خطوط پر مزید تحقیق بھی انجام دی جاسکتی ہے، غور وفکر ہوسکتا ہے۔ بہت کچھ اور بھی شامل کیا جا

سکتا ہے، لیکن ایک بات طے ہے کہ اُردو کی نصاب سازی اور تدریس میں اب کمپیوٹر کو دخل حاصل ہو چکا ہے اور اس کے لیے اُردو والوں کو اپنا بنیادی تحقیقی فریضہ انجام دینا ہوگا۔

(پشاور یونیورسٹی شعبہ اُردو کے سیمینار "تدریسِ اُردو اور نصاب"، منعقدہ ۲۶ یا ۲۸ اگست ۲۰۰۱ء، باڑہ گلی میں پڑھا گیا۔ "اخبارِ اُردو"، اسلام آباد، فروری ۲۰۰۲ء میں شائع ہوا اور جولائی ۲۰۰۸ء میں نظرِ ثانی کی گئی۔)

۲

اُردو صوتیے، نئ املا اور کمپیوٹر تختیاں
(جدید برقیاتی تقاضوں کے حوالے سے)

برقیاتی ڈاک (E.Mail) اور اطلاعیات کے عالمی جال (Internet) کے باعث دنیا بھر کی زبانوں کو تکنیکی حد بندیوں اور جبر سے واسطہ پڑ رہا ہے۔ چونکہ یہ ایجادیں اہلِ مغرب نے کی ہیں۔ اس لیے انھوں نے ہر قسم کی اختراعات میں اپنی زبانوں ہی کو پیشِ نظر رکھا اور تمام ٹیکنالوجی انھی کے حوالے سے وجود میں لائے۔ جب یہ ایجادات دوسری زبانوں تک پہنچیں، تب بھی معیارات اور ترکیبات مغربی زبانوں ہی کے حوالے سے سامنے لائے گئے۔ یہیں سے ان دوسری زبانوں کی مشکلات کا آغاز ہوا، جن میں ٹیکنالوجی پروان نہیں چڑھی۔

مقتدرہ میں اُردو کمپیوٹر کی ایسکی ضابطہ تختی (ASCII Code Plate) اور کلیدی تختے (Keyboard) کی معیار بندی اور اندرونی پیش کش/اظہار (Internal Representation) کے سلسلے میں یہ بات کھل کر سامنے آئی ہے کہ:

۱۔ ابھی تک اُردو کے حروفِ تہجی کی تعداد معین نہیں۔
۲۔ یہ تعداد روز افزوں ہے اور نئے صوتیے شامل ہو رہے ہیں۔
۳۔ ان حروف کے لیے نئ املا درکار ہے۔
۴۔ کمپیوٹر میں ان امور کی گنجایش رکھنا مقصود ہے۔

یہ نتائج اردو کے کسی نقص، تناقض یا کمی کو ظاہر نہیں کرتے بلکہ جدید لسانیات کے اصولوں کے عین مطابق ایک زندہ، متحرک اور فعال ترقی پذیر زبان ہونے کی شہادت فراہم کرتے ہیں۔ جبکہ انگریزی جیسی جدید، ترقی یافتہ زبان کا یہ پہلو بے حد کمزور اور غیر تسلی بخش ہے۔ اس کے حروفِ تہجی کی تعداد (۲۶) ان برقیاتی ایجادات سے صدیوں پہلے معین ہو چکنے کے بعد اب نئے تقاضوں کا ساتھ نہیں دے رہی۔ مجبوراً ایجادات اور تکنیکی ترقیوں کو انھی کے مطابق محدود کرنا پڑ رہا ہے۔ یا پھر لسانیاتی تقاضوں کے پیشِ نظر صوتیاتی ابجد (Phonetic Alphabets) وضع کرنا پڑ گئے ہیں اور یوں ایک نئ ابجد، جو ابھی تک صرف لغات میں موجود ہے، انگریزی کی موجودہ ابجد پر حاوی ہوتی جا رہی ہے۔ اس کے باوجود لسانی مسائل ہیں کہ بڑھتے

ہی چلے جا رہے ہیں۔

اُردو کا معاملہ اس سے مختلف ہے۔ایک تو مسئلہ یہ کہ اسے انگریزی کے حروف تہجی اور علامات کی حدود میں فٹ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔اور دوسرے یہ کہ مختلف املائی تحقیقات کی روشنی میں معلوم ہو رہا ہے کہ محولہ بالا مسائل موجود ہیں اور انھیں حل کرنے کی ضرورت ہے۔

اُردو میں بنیادی طور پر ۳۷ حروف تہجی تسلیم کیے جاتے تھے۔اور ابن مقلہ کی روایت کے تحت ہم شکل املا میں وضع کیے گئے تھے۔خاص طور پر ''ٹ، ڈ، ڑ، وغیرہ۔ بھ۔ پھ جیسی بھاری، حلقومی آوازوں، یا صوتیوں کو دو حرفی مجموعہ (ب+ ہ)، (ت+ ہ)، (پ+ ہ) قرار دیا گیا۔اس قدیم روایت کے مطابق حروف یا حرفی مجموعوں کی کل تعداد ۴۸ بنتی تھی، جو کچھ حسب ذیل تھی۔

ا،

ب، پ، ت، ٹ، ث،

ج، چ، ح، خ،

د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ

س، ش، ص، ض،

ط، ظ، ع، غ،

ف، ق، ک، گ، ل، م، ن، و، ہ، ء، ی، ے۔

بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ، کھ، گھ۔

ان کے علاوہ بھی کئی صوتیے، آوازیں یا حروف موجود تھے، جو بولنے، پڑھنے اور لکھنے میں تو آتے تھے لیکن انھیں تسلیم نہیں کیا جاتا تھا۔مثلاً:

آ۔ آم، آب، وغیرہ میں،

رھ۔ سرھانا وغیرہ میں

لھ۔ کولھو، دلھا وغیرہ میں

مھ۔ تمھیں، تمھارا

نھ۔ ننھا، پنھارن

ںھ۔ منھ، مینھ وغیرہ میں

وھ۔ وھیل، وھائیٹ وغیرہ میں

یھ۔ یھاں وغیرہ میں۔

بعض روایت پسند لوگ آ کو الف اور مد کا مجموعہ قرار دیتے اور باقی حروف کو شوشے دار طریقے یعنی ''ہہ'' سے لکھ دیتے جیسے سرہانا، کولہو، دلہا، تمہیں، تمہارا، جمہورا، منہ، میڈ وہیل، وہائٹ، یہاں۔ صرف ننھا یا ننھیال ان کی دسترس سے بچا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ بھی کئی اصوات تھیں جو بولنے میں آتی تھیں۔ لیکن انھیں ہم لکھنے سے کتراتے رہے یا انھیں املائی مجبوری کے تحت لکھتے رہے۔ جیسے۔

اء۔ علماء، انبیاء

اٰ۔ جیسے: ماٰخذ وغیرہ

ۃ۔ جیسے: زکٰوۃ، صلٰوۃ وغیرہ

م۔ جیسے: آم، نام وغیرہ

ٹ۔ جیسے: کرشٹ، پاٹی میں

ں۔ جیسے انبیا، چنبیلی میں (نون میم کی آواز)

ں۔ جیسے: جنگ، رنگ، میں نگ کی آواز

وِ۔ جیسے: خورشید، خوان وغیرہ میں

وٗ۔ جیسے: خواب، خواہش، خواتین میں

ؤ۔ جیسے: گاؤں، کوئیں، ہندوؤں، وغیرہ میں

ؤ۔ جیسے جاؤ، لاؤ وغیرہ میں

ء۔ جیسے: ہمزہ اضافت میں

عربی کی بعض علامات اعراب جیسے زکٰوۃ، بذاتہٖ، مثلاً نسلٍ، عبدہٗ''، وغیرہ ان پر مستزاد ہیں۔ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کی کوڈ پلیٹ وضع کرتے ہوئے ایسے بہت سے مسائل سامنے آتے ہیں۔ ان مسائل میں ان حروف کی ترتیب (Sorting Order)، اشاریہ بندی اور تلاش (Search) بھی شامل ہے۔ اُردو کے نیم مصوتے زبر، زیر، پیش، جنھیں غلطی سے اعراب کی علامات سمجھا جاتا ہے، مسائل میں اضافہ کرتے ہیں۔ درحقیقت عربی زبان کی ترتیب کاری میں ان اعراب کی قطعاً ضرورت نہیں ہوتی لیکن اُردو کا یہ لازمی حصہ ہیں۔ مثلاً ہم اُردو الفاظ زبر، زیر، پیش کے بغیر بھی لکھتے ہیں اور ان کے ساتھ بھی۔ ہر دو قسم کے املا رائج ہونے کی بنا پر ترتیب کاری میں ہر دو کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ چنانچہ اُردو کا ہر حرف (چند استثنائی حروف کے علاوہ) چار قسم کے حروف کی شکل اختیار کر جاتا ہے۔

ا، اَ، اِ، اُ

یہ چاروں حروف ترتیب کاری، اشاریہ سازی یا لغوی ترتیب میں اس طرح سے آتے ہیں۔ مثلاً گھن، گَھن، گِھن، گُھن وغیرہ۔

لغت میں حسب ذیل ترتیب سے آئیں گے۔

گھن، گُھن، گَھن، گھُن

چندحروف کوچھوڑ کر باقی میں اس کی تعداد کی ضرب حروف تہجی کے لیے کوڈ پلیٹ میں خانوں کی تعداد کو بڑھا دیتی ہے۔ایک اندازے کے مطابق ان کے لیے ڈیڑھ سو خانے درکار ہیں اور مزید خانے اُردو کی روز افزوں ترقی کے لیے بھی چاہئیں۔

اگر ہم ایک نظر واپس ڈالیں تو اس بڑی تعداد کا جواز واضح ہو جاتا ہے۔اُردو تہذیبی سطح پر پروان چڑھنے والی ایک زبان ہے، جسے مختلف ماخذوں سے آنے والے حروف اور صوتیوں کے املا کے لیے طریق املا مستعار لے کر اس میں اپنی ضرورتوں کے مطابق تبدیلیاں کرنا پڑیں۔

اُردو کے چند حروف عربی ماخذ سے آئے۔ان کا املا اسی طرح رائج رہا جیسے عربی یا فونیقی میں تھا۔ یہی صورت فارسی حروف کی تھی۔جو پہلے عربی یا فونیقی رسم الخط میں ڈھل چکے تھے۔کچھ مقامی اصوات تھیں۔ (جیسے ٹ،ڈ،ڑ، بھ، پھ، ے وغیرہ)۔جنھیں ملتی جلتی املا کے لحاظ سے وضع کر لیا گیا۔البتہ ان کا املا ترقی پذیر رہا، پہلے ٹ،ڈ،ڑ،کو دو نقطے اور لکیر کے ساتھ تۃ، ۃ، ۃ، یا چار نقطوں کے ساتھ ت، ذ، ژ ظاہر کیا جاتا تھا۔ کتابت کی کششِ قلم نے انھیں 'ط' میں بدل ڈالا۔سندھی املا میں البتہ یہ اگلا قدم 'ط' نہیں اٹھایا گیا۔ بھ،کو پہلے 'بہہ' یا پہہ ،لکھا گیا۔پھر دو چشمی ھ مقرر کر لی گئی۔''ے'' کے لیے پہلے یائے معروف ''ی'' ہی مستعمل رہی۔ پھر اسے نصف کر لیا گیا جیسے ''ی'' پھر اسے نیچے کی طرف الٹا کھینچ دیا گیا اور ''ے'' کی موجودہ صورت بن گئی۔

مقامی اصوات کو غلطی سے ہندی حروف کہا گیا۔دراصل یہ مقامی صوتیے یا حروف تھے۔کچھ حروف انگریزی کے ذریعے وارد ہوئے جیسے Wh کی آواز ''وھ'' وھیل وغیرہ میں۔بعض لوگ اسے ابھی تک اُردو میں داخل نہیں سمجھتے۔اسی طرح ایک انگریزی حرف V اُردو میں داخل ہونے کو ہے۔عربی سندھی کی حد تک اس کا املا'' ڤ '' کی صورت میں دیکھنے میں آیا ہے۔اُردو میں ابھی تک ''وْ'' ہی سے کام چلایا جا رہا ہے۔''X'' کی آواز پشتو کے ''خین'' کی ہے۔جو ''خس'' یا ''خش'' کی آواز دیتا ہے۔اُردو میں اسے ''ک،گ،خ،س،ش سے ظاہر کر دیا جاتا ہے۔

ابھی تک اُردو میں حروفِ تہجی کی صورت وزارتِ تعلیم، قاعدوں اور بورڈوں کے حوالے سے کچھ یوں ہے۔ان کی تعداد ۵۳ ہے اور ان کی ترتیب حسب ذیل مانی گئی ہے:۔

ا،آ، ب، بھ، پ، پھ، ت، تھ، ٹ، ٹھ، ث، ج، جھ، چ، چھ، ح، خ، د، دھ، ڈ، ڈھ، ذ، ر، رھ، ڑ، ڑھ، ز، ژ، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، ک، کھ، گ، گھ، ل، لھ، م، مھ، ن، نھ، و، ہ، ء، ی، ے۔

اس ترتیب میں پانچ حروف: آ، رھ، لھ، مھ، نھ، کا اضافہ تسلیم کیا گیا ہے۔نون غنہ ''ں'' کو حرف تو

تسلیم کیا جاتا ہے لیکن ترتیب میں شامل نہیں کیا گیا۔ ان کے علاوہ بعض اہل علم وقلم، ماہرین، زبان اور لغات نویس ل، نؓھ، وھ، اور یھ، کو بھی اُردو کے حروف مانتے اور لکھتے چلے آئے ہیں۔ رشید حسن خان اور قدرت نقوی ''وھ'' کو مانتے اور لکھتے ہیں۔ سید قدرت نقوی، جوش ملیح آبادی، ڈاکٹر جمیل جالبی اور بہت سے دیگر اہل علم وقلم نؓھ کو ''منؓھ'' وغیرہ میں استعمال کرتے ہیں۔ سید قدرت نقوی ''وھ'' کو ''وھیل'' وغیرہ میں۔ شان الحق حقی ''ن''، کو ''کرشڻ' مانک وغیرہ کے ''ڻ'' کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔

ڈاکٹر سہیل بخاری نے بہت سے دیگر حروف پر بھی بحث کی ہے، جن میں سب سے اہم ''نگ'' کی آواز ہے، جو انگریزی میں اب "n" کی بجائے "ŋ" سے ظاہر کی جاتی ہے۔ شان الحق حقی ''یھ'' کے صوتیے کو تسلیم نہیں کرتے جو ''یھاں'' جیسے الفاظ میں مستعمل ہے۔ اسی طرح وہ ''وھ'' کا صوتیہ بھی تسلیم نہیں کرتے۔ رشید حسن خان اردو میں ڻ کو ''نڑ'' کی آواز سمجھتے اور ''ن'' سے لکھنا جائز قرار دیتے ہیں۔ حقی صاحب نے اسے علیحدہ حرف تسلیم کیا ہے۔ اور اس کا نام ''ڑاں'' رکھا ہے۔ ہم اسے ''نون'' کے وزن پر ''ڑون'' کا نام دینا چاہتے ہیں۔ البتہ حقی صاحب ''نؓھ'' کا حرف علیحدہ نہیں سمجھتے اور ''منؓھ۔ اونؓھ وغیرہ کو ''رنگ۔ ڈھنگ، کا نون غنہ ہی سمجھتے ہیں، البتہ وہ ایک نون بشکل میم کو الگ صوتیہ قرار دیتے ہیں جیسے انبار، سنبل، چنبیلی وغیرہ میں۔

دراصل نون غنہ کی کئی صورتیں ہیں۔ جن میں سے کچھ واضح ہو چکی ہیں اور کچھ واضح ہو رہی ہیں۔ منک، جنگ، رنگ وغیرہ میں یہ ک اور گ کے ساتھ مل کر الگ آواز۔ صوت یا حرف ںٌ کی صورت میں واضح ہے۔ ڈاکٹر سہیل بخاری نے اس کے لیے '' ںٌ '' (نون کے درمیان دائرہ) کی املا کی سفارش کی ہے۔ منٌک، جنٌگ رنٌگ جیسے۔ ہاتھ سے لکھتے ہوئے ان دائروں کو نقطے کی صورت میں لکھنے کا مغالطہ ہوسکتا ہے۔ اس کے لیے مزید جزم کی علامت لکھ دی جائے۔ ''نْ'' جنْگ، رنْگ وغیرہ میں۔ اس حرف کے لیے ایک نام بھی درکار ہے۔ اسے ''ڑونگ'' قرار دیا جائے تو بہتر اور موزوں ہوگا۔

صوتیۃً '' ڻ '' کو اردو میں لکھنے سے اس کے ''ٹ'' میں بدلنے کا امکان موجود ہے۔ جیسے مانک، ماٹک، ہو جائے گا۔ پانی، پاٹی، بن جائے گا۔ چنانچہ اسے نون ہی پر اضافی ط کی صورت میں ن لکھا جا سکتا ہے۔ اور یوں مانک، پاٹی، کرشن ظاہر ہو سکتے ہیں۔ یعنی لکھے، پڑھے، بولے جا سکتے ہیں۔ خاص طور پر پاکستانی اُردو میں اس تلفظ، لہجے اور صوت کی ضرورتیں بے حد محسوس ہوتی ہیں جو دیگر پاکستانی زبانوں اور عوام کی ضرورتوں کی بنا پر سامنے آ رہی ہیں۔

جہاں تک نون کی ایسی آواز کا تعلق ہے، جو میم میں بدل جاتی ہے اور جسے ہم نون میمہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ یا تو اسے ہم میم ''م'' ہی سے لکھیں یا پھر ایک نئی علامت ''ن'' مقرر کر لیں اور تمبورد تنبورہ یا تنبورہ لکھیں۔

یہیں میم کی ایک آواز غنہ کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے اور دراصل یہ میم غنہ ہی ہے۔ اسے م کیساتھ نون

غنہ ڈال کر لکھنا چاہیے۔ جیسے آم، دوم، کوآنْم، دونْم، تمبْورہ لکھا جانا چاہیے۔ اگر نون غنہ کی علامت کے ہمزہ یا نون میں بدل جانے کا اندیشہ ہے تو پھر حرف م کے اوپر غنہ کی علامت دے دیں، جیسے آمْ، دومْ، دوتمبْورہ وغیرہ۔

کچھ صوتیے پنجابی، لاہوری وغیرہ سے اُردو بول چال میں داخل ہیں۔ ان میں ب اور پ، ت اور ٹ، ک اور گ، یا بھ اور پھ، تھ اور ٹھ، اور کھ اور گھ کی درمیانی اصوات ہیں جو گورمکھی میں ککّے کہلاتی ہیں، اب اُردو بول چال میں بھی عام ہیں۔ ان کے اظہار کی صورت بھی نکالنا ہوگی۔ جیسے ٻ، ٻھ، ٿ، ٿھ، ڳ، ڳھ وغیرہ۔ بالکل اسی طرح جیسے سرائیکی میں بھاری ب کی صوت کے لیے حرف ''ٻ'' وضع کیا گیا ہے۔ سرائیکی/ملتانی کی یہ صورت بھی اُردو پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ اس کی مزید بھاری صَوت ''ٻھ'' بھی ہے۔

واو معدولہ بھی اُردو میں خاصا پریشان کن مسئلہ ہے۔ اگر اسے بولنا ہی نہیں تو املا سے نکال ہی دیں۔ ''اصطلاحاتِ پیشہ وراں'' میں ایسا ہی کیا گیا ہے۔ پروفیسر سید محمد سلیم نے تو بجا طور پر کہا ہے کہ خواب اور خواہش میں دراصل واو معدولہ نہیں بلکہ یہ ''ua'' کی آواز ہیں جیسے Khuahish, Khuab۔ وہ اسے واو پر دائرہ لگا کر ظاہر کرنا چاہتے ہیں۔ جیسے خوْاب، خوْاہش دراصل یہ واو مخلوط یا ملواں واو ہے۔ اسے جزم کے ساتھ خوْاب، خوْاہش لکھا جا سکتا ہے۔ واو کی ایک آواز خود اسی حرف کو لکھنے میں آتی ہے۔ یہ ''واؤ'' اور ''واءَ'' کی درمیانی صوت ہے۔ گاؤں، پاؤں، ہندوؤں، میں بھی ظاہر ہوتی ہے۔ اور اسے یا تو ہمزہ کے ساتھ یا اس کے بغیر لکھا جاتا ہے۔ اسے بھی دراصل غنہ کی آواز اور علامت کے ساتھ پیش کرنا چاہیے۔ ''واؤ، گاؤں، پاؤں، ہندووں، وغیرہ۔ وَ کی آواز، روءَ، سوءَاء میں بھی ظاہر ہوتی ہے۔

نھے غنہ کا صوتیہ نْھ جو منْھ یا مونْھ، اونْھ، مینْھ، بانْھ میں ظاہر ہوتا ہے۔ ابھی تک حرف اور اس کے نام کا تقاضا کر رہا ہے۔ اسے نھے (نْھ) کی طرح ''اینْھ'' کہا جا سکتا ہے۔

الف کی بھی کئی اصوات ہیں، جن میں سے ا، !۔ ء، اء، وغیرہ مستعمل ہیں جیسے علماء، سنا، ماٰخذ وغیرہ ہیں۔ لیکن اب یہ لکھنے میں نہیں آ رہے بلکہ مقتدرہ نے تو انھیں حذف کرنے کی سفارش کی ہے۔

ی کا ایک صوتیہ یائے مخلوط ہے جو کیْا، لیْا وغیرہ میں آتا ہے۔، اسے بھی جزم کے ساتھ لکھا جانا چاہیے۔

عربی کی تائے مدورہ ''ۃ'' ابھی تک ہمارے ہاں مستعمل ہے، اسے بھی اُردو حروفِ تہجی میں شامل کر لینا چاہیے۔ اور ''ہ'' کے بعد رکھ دینا چاہیے۔

ابھی اور نہ جانے کتنی اصوات ظاہر ہونے کی منتظر ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اُردو کے حروف تہجی ترقی پذیر اور روز افزوں ہیں۔ ان کی کئی مکتوبی وغیرہ، املائی وغیرہ املائی اور حرفی وغیر حرفی صورتیں ہمارے سامنے ہیں۔ کچھ ابھی تک پردہء اخفا میں ہیں۔ ان میں سے مجوزہ اسّی ۸۰ صورتیں کچھ یوں ہیں۔

ا، اٗ، آ (اُ) ب، بھ، ب، بھ، ب، بھ، پ، پھ، ت، تھ، ٹ،
ٹھ، ٹ، ٹھ، ث، ج، جھ، چ، چھ، ح، خ، د، دھ، ڈ، ڈھ، ڈ، ڈھ،
ذ، ر، رھ، ڑ، ڑھ، ز، ژ، س، ش، ش، ص، ض، ط، ظ، ع، غ،
ف، ڤ، ق، ک، کھ، گ، گھ، گ، گھ، ل، لھ، مٓ، م، مھ، ں،
نھ، ںٔ، لٰٓ، لٗ، ن، نھ، ۏ، ۏ، ۏ، وٓ، و، وھ، ہ، ۃ، ء، ۂ، ئ، ی،
ے، یھ۔

اب ان صورتوں، علامتوں، صوتیوں یا حرفوں میں سے بعض کو چند حالتوں میں محض دوسری املائی حالت قرار دے بھی دیں تو بھی ہمارے پاس کم از کم ساٹھ حروف بچ رہتے ہیں۔ محض ٹائپ اور کمپوزنگ میں مختلف علامت قرار دیں تو بھی ۶۵ حروف بچ رہتے ہیں۔ ان میں تائے مدورہ ۃ شامل ہے۔ اُردو کے یہ ۶۵ حروف تہجی کچھ یوں ہیں۔

۲۔ا، آ

۱۱۔ب، بھ، پ، پھ، ت، تھ، ٹ، ٹھ، ث۔

۱۷۔ج، جھ، چ، چھ، ح، خ

۲۲۔د، دھ، ڈ، ڈھ، ذ

۲۸۔ر، رھ، ڑ، ڑھ، ز، ژ

۳۶۔س، ش، ص، ض، ط، ظ، ع، غ

۴۴۔ف، ق، ک، کھ، گ، گھ، ل، لھ

۵۳۔مٓ، م، مھ، ں، نھ، ن، ںٔ، لٰٓ، نھ

۵۷۔ۏ، وٓ، وٓ، و

۶۰۔ہ، ۃ، ء

۶۴۔ی، ئ، ئ، ے، یھ

جہاں تک لغات میں حروف کی تختیاں قائم کرنے کا تعلق ہے، ان میں صرف ایسے حروف چھوڑے جا سکتے ہیں، جن سے الفاظ شروع نہیں ہوتے۔ لیکن خیال رہے کہ رھ سے رھواس (رہنے کا عمل/کیفیت) رُھب (مشت)، ڑ سے ڑُنگا (بیل) گاڑی کی گھنٹی، ڑون (لٰٓ)، (نیا حرف تہجی)، ڑھ سے ڑھیڑی (رھیڑی)، ڑھیڑ (ڈھلوان) موجود ہیں۔ البتہ مٓ، ں، نھ، ن، ںٔ، وٓ، وٓ، لٰٓ، ئ، ئ مشینی ہیں۔

اب اُردو ٹائپ اور کمپیوٹر کی تختیوں کے تعلق سے دیکھیں تو ان تمام حروف کے لیے الگ جگہیں قائم کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ دوچشمی ''ھ'' رکھنے والی بھاری اصوات، غنہ، اور جزم کی علامت رکھنے والے حروف کے لیے علیحدہ خانوں اور کلیدوں کی ضرورت نہیں۔ یہی علامتیں کافی ہیں جو کلیدی تختے پر جوڑی جا سکتی ہیں اور ضابطہ پلیٹ (Code plate) پر ایک منفرد حرف کی صورت اختیار کر سکتی ہے۔ اس طرح صرف

مندرجہ ذیل بیالیس حروف یا علامتوں کی ضرورت باقی رہ جاتی ہے۔

ا،آ،ب،پ،ت،ٹ،ث،ج،چ،ح،خ،د،ڈ،ذ،ر،ڑ،ز،ژ،س،ش

ص،ض،ط،ظ،ع،غ،ف،ق،ک،گ،ل،م،ں،ن،و،ہ،ء،ی،ے،ھ،ۂ،ۓ

ان کے ساتھ اگر زبر، زیر، پیش کو نیم مصوتے یا نیم حروف علت (Semi Vowels) مان کر شامل کرلیں تو یہ تعداد ۴۵ ہو جاتی ہے۔ ہمزہ اضافت ''ٔ'' اور زیر اضافت (ِ) نشان اور ترتیب کاری میں نہیں آتے، اس لیے یہ عام حروف ہمزہ اور زیر کے علاوہ اور مستزاد قرار پائیں گے اور دیگر علامات x،!،؟،ۓ وغیرہ کے ساتھ شریک رہیں گے۔

چونکہ لوکارتم کے انداز پر حرفِ صحیح، حرفِ زبر، حرفِ زیر، اور حرف پیش الگ الگ ہوں گے، اس لیے، زبر، زیر، پیش کی علامات کے لیے الگ خانوں کی ضرورت درپیش نہیں ہوگی۔ اُردو میں مصوتے یا حروف علّت (Vowels) چار ہیں۔ ا، و، ی، ے، ان کے ساتھ جب زبر، زیر، پیش کے نیم مصوتے شامل ہوتے ہیں تو ان کی آواز نئے صوتیے میں بدل جاتی ہیں۔ انھیں حروفِ لین کہتے ہیں۔ چونکہ انھیں زبر، زیر، پیش کے ساتھ ظاہر کیا جا سکتا ہے، اس لیے انھیں الگ حرف شمار نہیں کیا گیا۔ لوکارتم کے اصول کے تحت کمپیوٹر کی ضابطہ تختی میں حروف یوں ہونگے۔

ا،اَ،اِ،اُ،

آ (باقی درکار نہیں)

اء(ۓ،ءِ)

ب،بَ۔بِ۔بُ

پ،پَ،پِ،پُ

ت،تَ،تِ،تُ

ٹ،ٹَ،ٹِ،ٹُ،

ث،ثَ،ثِ،ثُ،

ج،جَ،جِ،جُ،

چ،چَ،چِ،چُ

ح،حَ،حِ،حُ،

خ،خَ،خِ،خُ،

د،دَ،دِ،دُ،

ڈ،ڈَ،ڈِ،ڈُ،

ذ،ذَ،ذِ،ذُ،

ر،رَ،رِ،رُ

ڑ،ڑَ،ڑِ،ڑُ

ز،زَ،زِ،زُ،

ژ،ژَ،ژِ،ژُ،

س،سَ،سِ،سُ،

ش،شَ،شِ،شُ

ص،صَ،صِ،صُ،

ض،ضَ،ضِ،ضُ،

ط،طَ،طِ،طُ،

ظ،ظَ،ظِ،ظُ،

ع،عَ،عِ،عُ،

غ،غَ،غِ،غُ،

ف،فَ،فِ،فُ،

ق،قَ،قِ،قُ،

ک،کَ،کِ،کُ،

گ،گَ،گِ،گُ،

ل،لَ،لِ،لُ،

م،مَ،مِ،مُ،

ں،(باقی درکارنہیں)

ن،نَ،نِ،نُ،

و،وَ،وِ،وُ

ہ،ہَ،ہِ،ہُ،

ۃ،ۃَ،ۃِ،ۃُ،

ء،ءَ،ءِ،ءُ،

ی،یَ،یِ،یُ،

ے(باقی درکارنہیں)

ھ(ےً ےً)

ےٛ (ےً ےً)

ےٚ (ےً ےً)

ہمارے خیال میں اُردو اب تکنیکی گھاٹ چڑھ چکی ہے۔ اب اس کے صوتیے، حروف، املا، ترتیب، اُصولِ لسانیات، زبان کی رہنمائی، ہماری بول چال اور ادبیات کی روایت نہیں کرے گی بلکہ برقیاتی ٹیکنالوجی (اُردو کمپیوٹر، ای میل، انٹرنیٹ، اطلاعیات وغیرہ) کرے گی۔ اب زبان کی ترقی (Language Development) اور لسانی منصوبہ بندی (Language Planning) خواہ کارپس (Corpus) سطح پر ہو، لغاتیات (Lexicology)، یا اصطلاحیات (Terminology) کے حوالے سے ہو یا معجم نویسی (Thesaurii Building) یا قسر یہ لغت (Dicautom) ہو، جو جدید لسانی ترقی کے لوازم ہیں۔ ان سب کی رہنمائی شاہراہِ اطلاعیات (Information Highway) کی لوکارتم کرے گی۔

ہمیں اپنے مستقبل کی آئینہ بندی اپنے ذاتی خیالات اور موضوعی (Subjective) نظریات سے ہٹ کر جدید معروضیت (Objectivity) اور تکنیکیت (Technicality) کی بنیاد پر کرنا ہوگی۔ یہی زبانوں کی منزل ہے اور یہی اُردو کا ہدف۔

("اخبارِ اُردو"، اسلام آباد، مئی ۱۹۹۹ء)

۳

اُردو صوتیے اور ضابطہ تختی

اخبارِ اردو''مئی ۱۹۹۹ء میں شائع شدہ مضمون''اردو صوتیے، نئی املا اور کمپیوٹر تختیاں'' کی صدائے بازگشت مُلکِ عزیز کے علاوہ بھارت اور دیگر ملکوں سے بھی سنائی دی، جہاں اُردو کی ترقی اور نئی تشکیل سے وابستہ اہل فکر و دانش موجود تھے۔ چنانچہ ضروری محسوس ہوا کہ اس مضمون کو جو ابتداء میں محض ایک رائے کی حیثّیت رکھتا تھا، ۵ جون ۱۹۹۹ء کو مقتدرہ کے اردو کمپیوٹر کی ضابطہ تختی پر منعقدہ قومی کمپیوٹر سیمینار کی روشنی میں اسے باقاعدہ تکنیکی پہلوؤں سے دیکھا جائے۔(دیکھیے:ضمیمہ ا تا ۵)

پہلی بات جو کھل کر سامنے آئی وہ یہ تھی کہ اُردو ایک ترقی پذیر زبان ہے اور اس کے حروف تہجی روز افزوں ہیں۔ چنانچہ ان کا ہمیشہ خیال رکھنا چاہیے۔خواہ آج ہم کسی نئے صوتیے یا نئے حرف کو تسلیم کریں یا نہ کریں لیکن ان کے املا اور کل کے لیے ان کی گنجایش موجود ہونی چاہیے۔اُردو زبان کسی خاص طبقے یا گروہ کی جاگیر نہیں جو اسے اپنے خود ساختہ، قدیم اور دوراز کار معیارات میں محدود کردے۔۱۳ مئی ۱۹۹۹ء کو مقتدرہ کی تکنیکی کمیٹی کے اجلاس میں جب اس بنیادی اصول پر پرکھا گیا تو شاید اُردو حروفِ تہجی کی تعداد اس قدر بڑھ گئی کہ کمپیوٹر کی ضابطہ تختی (Urdu Code plate) اس کی متحمل نہ ہوسکتی تھی۔ٹھونس ٹھانس کے جو ایسکی ضابطہ تختی وجود میں آئی وہ بھی ابھی تنقید کا نشانہ بن رہی ہے۔ دیگر عمومی علامات کی بھرمار کے علاوہ بھی تین سو جگہیں درکار تھیں۔ مد، شد، دوچشمی ھ، زبر، زیر اور پیش نکال کر بھی ۴۵ خانے استعمال میں آتے تھے۔لیکن نئے اضافی اصوات کی گنجایش نہ رہی تھی۔ خاص طور پر پنجابی، سرائیکی، پشتو، اور سندھی کے زیر اثر اردو میں جو نئے حروف تہجی سامنے آرہے ہیں یا آسکتے ہیں، ان کے لیے کوئی جگہ نہ تھی۔

اس سے پہلے کہ ہم ضابطہ تختی کے کم سے کم خانے استعمال کرنے کی بات کریں ہم ان اردو صوتیوں پر ایک نظرِ واپسیں ڈال لیں تاکہ ان کی گنجایش مستقبل قریب میں نکالی جاسکے تو بہتر ہوگا۔

سب سے پہلے ہم پنجابی/گورمکھی/لاہوری کی ان آوازوں یا اصوات کو لیتے ہیں جو پاکستانی اُردو بول چال میں اب عام طور پر مستعمل ہیں لیکن لکھنے میں نہیں آپاتے جبکہ اُردو بول چال کی تحقیق میں یہ صوتیے اب اردو کا حصہ بنتے جارہے ہیں۔

ا۔ بھ اور پھ کی درمیانی صوت جو اہل لاہور بھا، بھائی، اور پھول اور بھول کے لیے استعمال کرتے

ہیں۔اس کے لیے ''بھ'' کے اوپر ایک نقطے کی سفارش کی گئی تھی یعنی '' بھ '' اور بعض کے نزدیک ''بھ'' کے نیچے ایک اور عمودی نقطے '' بھ'' کی صورت میں لکھا جانا چاہیے۔ان دونوں کا التباس ''ب'' اور ''ن'' اور بھ'' کے ساتھ ہوسکتا ہے۔ چنانچہ اس کے لیے یہی سفارش ہے کہ ''بھ'' کے نیچے لکیر ''بھ'' کی صورت میں اسے لکھا جائے لیکن پھ کے نیچے لکیر لگا کر نہ لکھا جائے۔کیونکہ اردو میں یہ الفاظ پھ کی نسبت بھ سے بہتر ظاہر ہوتے ہیں۔

گویا ''بھ'' دراصل ''بھ'' کی طرف راجع ہے۔

۲۔ جھ اور چھ کی درمیانی صَوت ''جھا'' کے لیے بھی ''جھ'' کے نیچے ایک افقی لکیر ''جھ'' موزوں ہے۔ یہ آواز بھی چھ سے زیادہ جھ کی طرف راجع ہے۔

۳۔تھ اور دھ کی درمیانی صَوت کے لیے ''دھ'' کے اوپر دو نقطے ''تھ'' اسے ت کی طرح مائل کر کے صوتیہ ظاہر کرنے میں مدد دیں گے، جیسے ''تھوتی''۔ یہ صوت تھ کی نسبت دھ کی طرف زیادہ راجع ہے۔

۴۔ٹھ اور ڈھ کی درمیانی صَوت کے لیے ''ڈھ'' کے اوپر افقی لکیر ''ڈھ'' موزوں ہے جیسے ''ڈھول''۔ یہ صَوت ٹھ کی نسبت ڈھ کی طرف راجع ہے۔

۵۔کھ اور گھ کی درمیانی صَوت ''گھر'' یا ''گھن'' ادائیگی کے لیے ''ق'' پر ایک افقی لکیر ''ق'' کی صورت میں آسانی ادا ہوسکتی ہے۔جیسے ''قر۔قن''۔اس طرح ہم ''کھ۔اور گھ'' کے نیچے دو نقطوں سے بچ سکتے ہیں، جو ان میں ہمارے لیے کتابت، کمپیوٹر کی الجھنیں بڑھاتے ہیں۔

جہاں تک سرائیکی '' ٻ '' کا تعلق ہے وہ بھی ''ی'' کے ساتھ التباس پیدا کرتا ہے، چنانچہ اس کے نچلے نقطے کو افقی لکیر کی صورت میں دیا جائے تو یہ ''ٻ'' کی صورت اختیار کر جاتا ہے۔

سندھی اور ہندکو ''ڑون'' کو ''ڻ'' کے اوپر ط لگا کر ظاہر کیا جاتا ہے۔یہ صَوت سرائیکی میں بھی ملتی ہے۔

تأثر، جرأت، قرأت وغیرہ کے الف ہمزہ کی صَوت ابھی تک معین نہیں تھی۔اسی طرح مؤثر، مؤسسہ میں ''ؤ'' پر ہمزہ کی صوت اور پشتو میں سدوزئی، طوطالئی، اور خانئ وغیرہ جیسی اصوات میں ئ کو بھی الگ ظاہر کرنے کی ضرورت ہے۔یوں أ، ؤ، ئ، کے حروف شامل ہوتے ہیں۔

ان پہلوؤں سے روایتی حروف ۵۶ اور نئے حروف ۲۱ بنتے ہیں۔(دیکھیے نمبر۴: گروہی ترتیب حروف)۔یہ نئے ۲۰ حروف حسب ذیل ہیں۔

أ، ٻ، بھ، جھ، دھ، ڈھ، ٻ، ف، ق، م، نھ، ڻ، ن، ن، ؤ، ۋ، ۆ، ئ، ئ، بھ۔

ابھی اور نہ جانے کتنے حروف پاکستانی اُردو کی اصوات میں شامل ہونے کو بےقرار ہیں۔یاد رہے کہ اس تناظر میں ہم اُردو کو ایک زبان کی حیثیت سے لے رہے ہیں، نہ کہ محض ادبی محضر (Literary

Discourse)۔اس کا بنیادی فریضہ بول چال، ادائیگی و اظہار اور تقریری و تحریری استعمال ہے۔ پاکستانی اُردو اسی سمت میں آگے بڑھ رہی ہے۔

اب اگر کمپیوٹر کی ضابطہ تختی کو دیکھا جائے تو اس کے خانے اس روزافزوں مانگ کا مقابلہ کرنے کی سکت نہیں رکھتے۔ جلدی میں کیا گیا کوئی بھی فیصلہ اُردو کو نہ صرف پابندیوں اور جکڑ بندیوں کا شکار بنا دے گا بلکہ اس کی ترقی اور پھیلاؤ بھی رک کر جمود کی صورت پیدا ہو جائے گی۔ چنانچہ ہمیں یہاں دو بنیادی اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھنا ہوگا۔

الف: اردو حروف کی بنیادی شکلوں کی معیار بندی۔

ب: ان شکلوں سے نئے حروف کی تشکیل کے امکانات۔

ان اصولوں کی روشنی میں دیکھیں تو ہمیں اردو میں حروف تہجی کی املا کی اجزا شکنی (Atomizing) کرنا ہوگی اور اپنی ضابطہ تختی کے خانے میں ان اجزاء کو بخشنا ہوں گے۔ سابقہ سیمینار میں یہ بات سامنے آئی کہ اُردو ضابطہ تختی کے ساتھ بہرصورت تمام موجود، نئے اور آئندہ حروف ان اجزاء سے ملا کر وضع ہوتے ہیں، ہو سکتے ہیں یا ہوں گے۔ اب اگر ان کی امتزاجی تکنیک کا گراف ملاحظہ کریں (ضمیمہ ۲)۔ تو ہمیں ان کے ملاپ کی منطقی ترتیب نظر آ جاتی ہے۔ یہاں ہمیں ''ن'' کو '' ں '' سے الگ جز کی حیثیت دینا پڑتی ہے۔ کیونکہ اگر ہم ''ں'' کو ایک بالائی نقطے یعنی ''نمبر ے'' سے ملائیں تو ''ن'' بن جاتا ہے۔ لیکن ڑون کے لیے پھر اسی ''ںٖ'' کو بالائی ط سے ملانے کے لیے ہمیں نمبر ۵ کی طرف واپس آنا پڑتا ہے۔ اور یوں ''ن'' ترتیب Sorting Order میں ''ں'' سے پہلے آ جاتا ہے جو غلط ہے۔ اسی طرح ڻ اور ن، نھ کے بعد آتے ہیں، جو غلط ہیں۔ انھیں بہرحال ن کے بعد اور نھ سے پہلے واقع ہونا چاہیے۔

اس منطقی امتزاج میں ''یھ'' بھی ''ے'' سے پہلے واقع ہوتا ہے اور یوں ''الف تا ے'' کا مقولہ بھی قائم رہتا ہے۔ اس تکنیکی ترتیب میں صرف ایک خرابی ہے کہ ''ح'' ترتیب میں ''ج'' سے پہلے واقع ہو کر ہماری روایتی ترتیب کو ختم کر دیتا ہے۔ اس کا علاج ''ضابطہ تختی'' میں اس طرح ڈھونڈا جا سکتا ہے کہ ہمیں کوئی نہ کوئی محرک (Drive) یا سافٹ ویئر استعمال کرنا پڑے گا۔ چنانچہ دو چشمی ھ کو الگ جز (Atom) مان کر علیحدہ رکھ دیا گیا تھا تا کہ محرک (Engine or Drive) اسے جوڑ کر بیرونی اظہار (External Representation) میں ایک حرف بنا کر پیش کر دے۔ جب حروف کے اجزاء الگ الگ رکھتے ہیں تو ان کے دیگر اجزاء یعنی نقاط اور علامات پر بھی نظر ڈالنی چاہیے۔ اگر ہم حروف تہجی کے خالی املائی اجزاء دیکھیں تو

یہ تعداد میں ۲۲ نظر آتے ہیں۔ جن پر سے نقطے یا علامات ا ب ح د ر س ص ط ع ں ک گ ل م ں و ہ ء ی ھ ے

ان حروف کے آخر میں ھ دراصل ثانوی جز ہے۔ ان کے نقاط اور علامات دیکھیں تو یہ چودہ ہیں۔

ان کے علاوہ زیر، زبر، پیش، شد اور بڑی مد اور دیگر بہت سے اجزاء اور علامات ہیں۔ (دیکھیں ضمیمہ نمبر ا)

اضافی اجزاء کے پہلے خانے یعنی ب، پ، اور الف کے خانے سے پہلے رکھ دیے جائیں، اسی طرح ضابطہ تختی میں ثانوی حروف یا اجزاء ''ء'' ''ھ'' وغیرہ دیگر اضافی علامات وغیرہ کے ساتھ نقاط اور علامات کے بعد رکھ دیئے جائیں (دیکھیے ضمیمہ نمبر ۵)۔

اب ہمارے ۷۶ حروفِ تہجی حسب ترتیب سے واقع ہوتے ہیں۔ قوسین میں نئے مجوزہ حروف ہیں:

ا، (اء)، (آ)، ب (ب) بھ، (بھ)، پ، پھ، ت، ٹھ، ث، ج، جھ، (جھ)، چ، چھ، ح، خ، د، دھ، (دھ) ڈھ، (ڈھ)، ذ، ر، ڑھ، ز، ژ، س، ش، ۔ (س) ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، (ق) ک، کھ، گ، گھ، ل، لھ، م، (مٖ)، (مھ)، ں، (نھ)، ن، (نٔ)، (ن)، (ن)، وھ، ہ، ۃ، ء، ی، (یٔ)، (یٔ)، (یھ)، ے۔

— قوسین میں دیے گئے حروف کی اصوات سے شاید انکار مشکل ہو۔ اس کی املا پر بھی یقیناً منطقی طور پر اختلاف ممکن نہ ہو سکے گا۔ خاص طور پر تکنیکی حوالوں سے۔ چنانچہ ہمیں ان کی گنجایش ضابطہ تختی میں رکھنا ہو گی۔ خواہ اس کے لیے حروف کو اجزا (Atoms) میں تقسم کرنا پڑے۔ ضابطہ تختی کی عالمی معیار بندی (یونی کوڈ وغیرہ) کی طرف قدم اٹھاتے ہوئے ہمیں ایک بار پھر ان تکنیکی اور مستقبل کی ضروریات کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔ ہمارے تکنیکی ماہرین خاص طور پر اُردو کمپیوٹر سے وابستہ افراد کو اُردو کی ادبی اور اشاعتی ضروریات سے زیادہ اس امر پر توجہ دینی چاہیے کہ اُردو زبان کی بنیادی ضروریات کیا ہیں۔ یعنی What is کو ملحوظ رکھا جائے اور دیکھا جائے کہ اس کے امکانات کا پھیلاؤ (Span) کتنا ہے۔ کل کی ضرورتیں ہمیں آج دیکھ لینی چاہئیں۔ یہ نہ ہو کہ مستقبل قریب میں ہم اپنے جلدی میں کیے گئے فیصلوں پر پچھتائیں۔ یاد رہے کہ اندرونی اظہار (Internal Representation) کچھ اور بات ہے اور ترتیب (Sorting Order) کچھ اور ہے۔ اسی طرح ان کی تلاش (Search) اور ان کی رسائی (Access) کچھ اور شے ہے۔ ہمیں ان میں سے ہر بات کو الگ الگ حوالے سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔ کمپیوٹر میں ان کے حوالے سے الگ الگ محرکات اور سافٹ ویئر تیار ہو سکتے ہیں۔

۱-املائی اجزائے حروف

نمبر شمار	خالی اجزاء (۲۲)	ثانوی اجزاء (۲)	+ +اضافی اجزاء (۱۴)
۱-	ا	۲۳+ ـٓ : آ	۲۵ ـ = ب، بھ، ج، جھ
۲	ٮ	۲۴+ ھ = بھ، بھ، پھ	۲۶ ـِ = ب، بھ، جھ
		تھ، ٹھ،	۲۷ ـ۪ = پ، پھ، چ، چھ
۳	ح	+ ھ = جھ، جھ، چھ	۲۸ ـٰ = ت، تھ، ذھ
۴	د	+ ھ = دھ، ڈھ،	۲۹ ـٹـ = ٹ، ٹھ، ڈ، ڈھ، ڑ، ڑھ، ںٹ
		ڈھ، ڈھ	۳۰ ـ = ڈھ، ق
۵	ر	+ ھ = رھ، ڑھ	۳۱ ـٔ = خ، ذ، ز، ض، ظ، غ، ف
۶	س		۳۲ ـ۠ = ث، ژ، ش، ف
۷	ص		۳۳ ـ = بْ
۸	ط		۳۴ ـ = اُ، وُ، یُ
۹	ع		
۱۰	ق		۳۵ ـ = مٚ، نھٚ، وٚ
۱۱	ؤ		۳۶ ـ٘ = ںٛ، وٛ، یٛ
۱۲	ک	+ ھ = کھ	۳۷ ـ = ءٔ
۱۳	گ	+ ھ = گھ	
۱۴	ل	+ ھ = لھ	
۱۵	م	+ ھ = مھ	
۱۶	ں	+ ھ = نھ	
۱۷	ن	+ ھ = نھ	
۱۸	و	+ ھ = وھ	
۱۹	ہ		
۲۰	ء		
۲۱	ی	+ ھ = یھ	
۲۲	ے		

۲-املائی اجزاء کا امتزاج

نمبر	اضافی اجزاء ← / سادہ اجزاء ↓	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
		ـ.	ـ:	ـ⁘	ـ‥	ط	ـ	ـ.	ـ∴	ـ.ـ	ـر	ـ‥	ـ٧	ـ٨	ـم	ـہ	ھ
۱	ا										ارٛ					آ	
۲	ٮ	ب	ٻ	پ	ت	ٹ			ث								
	ٮھ	بھ	ٻھ	پھ	تھ	ٹھ											ھ
۳	ح	ج		چ				خ									
	حھ	جھ	ڄھ	چھ													ھ
۴	د					ڈ		ذ									
	دھ				ڌھ	ڈھ	ڏھ										ھ
۵	ر					ڑ		ز	ژ								
	رھ					ڑھ											ھ
۶	س								ش	ڛ							
۷	ص							ض									
۸	ط	.						ظ									
۹	ع							غ									
۱۰	ڡ							ف	ڤ								
۱۱	ٯ				ق		ق										
۱۲	ک																
	کھ																ھ
۱۳	گ																
	گھ																ھ
۱۴	ل																
	لھ																ھ
۱۵	م												مٛ				
	مھ																ھ
۱۶	ں																
	ںھ																ھ
۱۷	ن					ڻ								ڻ	نٛ		
	نھ																ھ

۱۸	و										وَ		و٘	و̂			
	وھ																ھ
۱۹	ہ				ۃ												
۲۰	ء																
۲۱	ی										یُ	ئ		ی̂			
	یھ											ئھ					ھ
۲۲	ے																

(نوٹ اس تکنیکی ترتیب میں ح ج سے پہلے آئے گا)۔

۱	ا	۲۷	ڈھ	۵۳	لھ
۲	اُ	۲۸	ذ	۵۴	م
۳	آ	۲۹	ر	۵۵	مٚ
۴	ب	۳۰	رھ	۵۶	مھ
۵	ٻ	۳۱	ڑ	۵۷	ں
۶	بھ	۳۲	ڑھ	۵۸	ںھ
۷	ٻھ	۳۳	ز	۵۹	ن
۸	پ	۳۴	ژ	۶۰	ݨ
۹	پھ	۳۵	س	۶۱	نٛ
۱۰	ت	۳۶	ش	۶۲	نٗ
۱۱	تھ	۳۷	ښ	۶۳	نھ
۱۲	ٹ	۳۸	ص	۶۴	و
۱۳	ٹھ	۳۹	ض	۶۵	ۏ
۱۴	ث	۴۰	ط	۶۶	وٚ
۱۵	ح	۴۱	ظ	۶۷	وٛ
۱۶	ج	۴۲	ع	۶۸	وھ
۱۷	جھ	۴۳	غ	۶۹	ہ
۱۸	ڄھ	۴۴	ف	۷۰	ۃ
۱۹	چ	۴۵	ڤ	۷۱	ء
۲۰	چھ	۴۶	ق	۷۲	ی
۲۱	خ	۴۷	ڨ	۷۳	یٚ
۲۲	د	۴۸	ک	۷۴	یٛ
۲۳	دھ	۴۹	کھ	۷۵	یھ
۲۴	ڏھ	۵۰	گ	۷۶	ے
۲۵	ڈ	۵۱	گھ		
۲۶	ڈھ	۵۲	ل		

۴-گروہی ترتیبِ حروف

	روایتی حروف (۵۶)	نئے حروف (۲۰)
۱	ا	۲-اُ
۳	آ/اٗ	
۴	ب	۵-بٖ
۶	بھ	۷-بھٖ
۸	پ	
۹	پھ	•
۱۰	ت	
۱۱	تھ	
۱۲	ٹ	
۱۳	ٹھ	
۱۴	ث	
۱۵	ج	
۱۶	جھ	۱۷-جھٖ
۱۸	چ	
۱۹	چھ	
۲۰	ح	
۲۱	خ	
۲۲	د	
۲۳	دھ	۲۴-دٖھ
۲۵	ڈ	
۲۶	ڈھ	۲۷-ڈٖھ
۲۸	ذ	
۲۹	ر	
۳۰	رھ	•
۳۱	ڑ	
۳۲	ڑھ	
۳۳	ز	
۳۴	ژ	
۳۵	س	
۳۶	ش	۳۷-یش
۳۸	ص	

	روایتی حروف	نئے حروف
۳۹	ض	
۴۰	ط	
۴۱	ظ	
۴۲	ع	
۴۳	غ	
۴۴	ف	۴۵-ڤ
۴۶	ق	۴۷-قٖ
۴۸	ک	
۴۹	کھ	
۵۰	گ	
۵۱	گھ	
۵۲	ل	
۵۳	لھ	
۵۴	م	۵۵-مٚ
۵۶	مھ	
۵۷	ن	۵۸-نھٚ
۵۹	ں	۶۰-ںٛ
		۶۱-ںٛ
		۶۲-ںٛ
۶۳	نھ	
۶۴	و	۶۵-وَ
		۶۶-وٚ
		۶۷-وٛ
۶۸	وھ	
۶۹	ہ	
۷۰	ۃ	
۷۱	ء	
۷۲	ی	۷۳-یٗ
		۷۴-یٛ
		۷۵-یھ
۷۶	ے	

۳-تکنیکی ترتیبِ حروف

۵- ضابطہ تختی میں ترتیبِ اجزاء

۱	ـــ ہ	۱۱	ط	۲۱	و	۳۱	ـبـ
۲	ـــ خ	۱۲	ع	۲۲	ہ	۳۲	ـــر
۳	ـــ پ	۱۳	ف	۲۳	ء	۳۳	ـتـ
۴	ا	۱۴	ق	۲۴	ی	۳۴	ـںـ
۵	ب	۱۵	ک	۲۵	ے	۳۵	ــ^
۶	ح	۱۶	گ	۲۶	ـثـ	۳۶	ـحـ
۷	د	۱۷	ل	۲۷	ـٹ	۳۷	ـ~ـ
۸	ر	۱۸	م	۲۸	ـــ	۳۸	ھ
۹	س	۱۹	ں	۲۹	ـنـ	۳۹	ـسـ
۱۰	ص	۲۰	ن	۳۰	ـشـ	۴۰	ــ

("خبارِ اُردو"، اسلام آباد، دسمبر ۱۹۹۹ء)

۴

اُردو میں انٹرنیٹ وغیرہ کے لیے قابلِ رُجوع نقلِ حرفی

اُردو میں نقل حرفی (Transliteration)، خاص طور پر رومن حروف میں لکھنے، کے لیے اب تک بیس سے زائد نظام وجود میں آ چکے ہیں۔ ان میں برٹش لائبریری، لائبریری آف کانگریس، انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے نظام خاص طور پر معروف ہیں۔ لیکن ان میں سے ایک نظام بھی ایسا نہیں جسے رجوع یا واپسی کے قابل (Reversible) سمجھا جا سکے۔ خاص طور پر کمپیوٹر پر استعمال کے لیے کسی ایسے نظام کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ جو رومن حروف سے اُردو میں نقل حرفی کرتے ہوئے صحیح ترین صورت اختیار کرے اور اس میں رومن حروف کے اوپر یا نیچے علامات بھی نہ لگانا پڑیں۔

کمپیوٹر میں اُردو کے استعمال کے لیے بعض امور کو طے کرنے کے سلسلے میں ایسے بیسیوں تکنیکی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس سے پہلے اُردو کے ماہرین اور اہل علم کو کبھی ان سے واسطہ نہ پڑا اور نہ ان کے لیے کوئی حل سوچا گیا۔

ظاہر ہے کہ انسانی علمی تقاضے کچھ اور ہوتے ہیں اور خالص تکنیکی مسائل کسی اور سمت اشارہ کرتے ہیں۔ اکیسویں صدی کے آغاز سے پہلے کسی نے یہ سوچا بھی نہ تھا کہ زبانیں سماجی میل جول اور موضوعی (Subjective) رویوں سے ہٹ کر تکنیکی اور معروضی (Objective) حالات کی بھینٹ چڑھ جائیں گی اور تہذیبی سطح پر صرف وہی زبان قائم رہے گی جو ٹیکنالوجی کے ہاتھوں ذبح ہونے سے بچ رہے گی۔

آج بھی بہت سے لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ زبان محض بول چال کی چیز ہے، شعر و ادب کی ملکیت ہے، وہ بھلا کب فنا ہو سکتی ہے، خاص طور پر کمپیوٹر کے ہاتھوں جبکہ کئی زبانوں کے لفظ کار word processor تک وجود میں آ چکے ہیں۔ پھر بھلا زبانوں کو کیا خطرہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کمپیوٹر کاری (Computing) کے لیے خاص طور پر کوائفی اساس (Database) اور انٹرنیٹ کی دنیا میں تمام زبانوں کو آج رومن حروف کے ساتھ ایک عجیب سی تکنیکی ہم آہنگی پیدا کرنے کی ضرورت درپیش ہے جو عام سماجی صورت حال میں کسی کے حاشیۂ خیال میں بھی نہیں آ سکتی۔

وجہ صاف ظاہر ہے کہ کمپیوٹر انگریزی دانوں کی ایجاد ہے۔ انھوں نے اس کی بنیاد میں رومن حروف

رکھ دیے ہیں۔ ہر زبان کو اپنے حروف/اصوات/علامات انھی حروف اور علامات کے متبادل کے ساتھ پیش کرنے کی ضرورت ہے۔اس ضمن میں متعدد ایسے تکنیکی مسائل سامنے آئے ہیں۔ جب ان کے حل کے لیے اُردو کے ذخیروں کو کھنگالا جاتا ہے تو وہاں ایک طویل اور گہری خاموشی ملتی ہے،اس سب کے جواب میں۔

موضوعیت کوئی برخود غلط شئے نہیں۔ ذہن (Mind) کی داخلیت اسی کے باعث تخلیق کے مراحل طے کرتی ہے۔رضا اور مرضی اسی کے نتیجے میں وجود میں آتے ہیں۔لیکن کمپیوٹر نہ تو تخلیقی کام انجام دیتا ہے۔اور نہ من مرضی کے کام کرتا ہے۔اس کے برعکس انسان ایک ذہین مخلوق ہے۔ یوں کہیے کہ وہ اپنی مرضی کا مالک ہوتا ہے۔اس میں موضوعیت ہوتی ہے۔ ذہانت ہوتی ہے۔اس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ انسان دھوکا دیتا ہے اور کھاتا ہے، غلطی کرتا اور اس کی تصیح کرتا ہے، خطا کرتا ہے اور اس کا ازالہ کرتا ہے، مگر کمپیوٹر کو آپ خواہ ''مصنوعی ذہین'' قرار دیں لیکن وہ یہ سب کام نہیں کر سکتا۔مثل مشہور ہے کہ کمپیوٹر میں کوڑا ڈالو،کوڑا ہی نکلے گا یعنی اس سے وہی کچھ برآمد ہوگا جو اس میں داخل کیا جائے گا۔

اس حوالے سے دیکھیں تو اُردو حروف کو رومن صورت میں ڈھال کر جب کمپیوٹر میں بھیجا جائے گا تو سکرین پر واپسی یا رجوعی عمل میں، جب کہ ہمیں اُردو حروف نظر آنے کی توقع ہو، کمپیوٹر کو وہی رومن اُردو میں ڈھال کر پیش کرنے چاہئیں۔لیکن ابھی تک نقلِ حرفی کا ایسا کوئی نظام سامنے نہیں آسکا جو اس واپسی یا رجوعی عمل کو درست رکھ سکے یا موضوعیت کی بجائے معروضیت پر مبنی ہو۔

اس عمل کو یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ کمپیوٹر ہر نوع کے لیے الگ حرف یا علامت طلب کرتا ہے لیکن اُردو حروف کو رومن بنانے کے لیے ماہرین نے کوئی تکنیکی طریقہ ایجاد نہیں کیا تھا۔مثلاً اگر ہم ''کعبہ'' کو رومن میں لکھیں تو "Ka'ba","Kaba", "Kaaba" کی سی صورتیں اختیار کی جاتی ہیں۔جن میں a کا حرف کبھی الف، کبھی زبر، کبھی عین اور کبھی ''ہائے مختفی'' کے لیے استعمال ہوتا ہے۔اب کمپیوٹر تو اتنا ذہین نہیں کہ انھیں دوبارہ اُردو میں لکھتے ہوئے آپ کا مطلوبہ اُردو لفظ ''کعبہ'' پیش کر دے۔ وہ لازماً لفظ کو الٹ پلٹ کر دے گا یا پھر ''پریشان اور پاگل'' ہو جائیگا۔ یہی صورت دوسرے صوتی طور پر ہم آہنگ حروف کی ہے مثلاً ز، ذ، ض، ظ کے لیے ایک ہی رومن حرف z استعمال کیا جاتا ہے۔نقل حرفی کے بعض طریقوں میں Z کے اوپر نیچے نقطے استعمال کیے جاتے ہیں۔''ض'' کے لیے "dh" ''دھ'' کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے اور کہیں ''ذ'' کے لیے مستعمل ہے۔انٹرنیٹ میں رومن حروف کے اوپر نیچے علامات استعمال نہیں ہوسکتیں۔ یہی صورت مشدد حروف کی ہے۔انھیں رومن حروف میں دوبارہ لکھ دیا جاتا ہے۔مثلاً ''بّ'' کے لیے bb۔اسے اُردو میں واپس تبدیل کرتے ہوئے کمپیوٹر ''بب'' بنا دے گا۔ چنانچہ جب اُردو، عربی، فارسی کے حروف کی نقل حرفی کی موجودہ سکیموں کا جائزہ لیا گیا تو مندرجہ ذیل اصولوں کی روشنی میں وہ آئندہ تکنیکی ترقی کا ساتھ دینے سے معذور ثابت ہوئیں۔

۱۔ اُردو کے ہر حرف اور اس کی صورت یا حرکت کے لیے الگ حرف یا علامت موجود ہو اور وہ کسی دوسرے حروف سے اشتباہ پیدا نہ کرے۔

۲۔ تمام متبادل رومن حروف یا علامتیں قابلِ رجوع یا واپسی ہوں یعنی رومن سے اُردو میں منتقل کرتے ہوئے غلطی کا شائبہ بھی نہ ہو۔

۳۔ تمام حرکات علت (Vowel) کو بھی حروف تسلیم کرتے ہوئے ان کے لیے الگ رومن متبادل حروف یا علت تلاش کی جائے۔

۴۔ رومن متبادل حروف کے لیے صرف انگریزی کے ۲۶ حروف استعمال کیے جائیں اور ان پر امتیاز کے لیے کوئی نشان، علامت یا لکیر نہ دی جائے۔

۵۔ بعض ہم صَوت یا قریب الصوت اُردو حروف کی مختلف صورتیں کے لیے ایک ہی انگریزی حرف کے استعمال میں امتیاز کے لیے حرف کے دائیں طرف کوئی امتیازی علامت استعمال کی جائے۔ جو مفرد صَوت میں کسی اور حرف یا صَوت کے لیے استعمال نہ ہوئی ہو اور موجودہ انگریزی کلیدی تختے پر موجود ہو نیز انٹرنیٹ اور ویب سائٹ کے کنٹرول / پروگرام وغیرہ میں بہت کم مستعمل ہو۔

ان اصولوں پر اُردو حروف کی رومن نقل حرفی کا جائزہ لیا گیا تو معلوم ہوا کہ الف، و، ہ، ء، ع، ی وغیرہ حروف علت (Vowel) کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں اور ان کی کم وبیش صورتیں اعراب وحرکات کی صورت اختیار کر جاتی ہے۔ ان سب میں امتیاز ملحوظ رکھا جائے تو الف کی دس قسمیں، انواع یا صورتیں سامنے آتی ہیں۔ ''واؤ'' کی ۱۳، ''ہ'' کی ۷، اور ''ء'' کی ۴، ''ع'' کی ۵، ''ی'' ۱۴ صورتیں ہیں۔ ان سب کے تعین کے لیے الگ الگ رومن حروف یا علامتیں درکار ہیں۔

باقی اُردو حروف میں سے ''ف'' اور ''ق'' کی ۳، ۳ صورتیں ہیں۔ پ، ج، چ، ل م کی ۴، ۴ صورتیں ''ب'' کی پانچ، ک اور گ کی ۶، ۶، ''ن'' کی ۷، ''د''، ر، ز'' ''س'' کی ۸، ۸ اور ت کی ۱۰ صورتیں ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر حروف انھی گروہوں میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔ ان سب کو الگ الگ مشخص کرنا تا کہ ایک بے جان معروضی مشین ان میں امتیاز کر سکے لازم ہے۔

اگر ذرا سا غور کیا جائے تو ''الف'' کی ابتدائی صورت ہے جو حرف صحیح (Consonent) کے طور پر استعمال ہوتی ہے اور ایک آخری صورت ہے، جو لفظ، ہجا یا جوڑ میں بطور علت استعمال ہوتی ہے۔ رومن علامت کی صورت میں ان دونوں میں امتیاز ضروری ہے۔ ''زبر'' دراصل نصف الف علت ہے۔ کھڑی زبر اس سے ذرا بڑی علامتِ علت ہے۔ پھر جب الف زبر، الف زیر اور الف پیش استعمال میں آئیں تو دراصل یہ زبر، زیر پیش ہی ہوتے ہیں، جو لفظ کے شروع میں آتے ہیں لیکن کسی حرفِ صحیح کے بعد آنے سے ذرا

مختلف ہوتے ہیں۔ الف کی ایک صورت مخلوط ہے جو ''بالکل'' جیسے لفظ میں اُردو، عربی میں تو لکھنے میں آتی ہیں لیکن اسے رومن کرتے ہوئے غائب ہو جاتی ہے۔ یعنی "Bilkul"۔ اگر کمپیوٹر اسے دوبارہ اُردو یا عربی میں لکھنا چاہے تو ایسا کرنے سے معذور ہو جاتا ہے۔ یہی صورت حرف ''آ'' کی ہے اگر اسے دو الف مان کر ''ā'' لکھا جائے تو واپسی میں ''اا'' ملیں گے۔

واو کی صورت تو اس سے بڑھ کر ہے۔ واو زبر، زیر، واو پیش میں تو کوئی مشکل نہیں کیونکہ یہ حرکات الف کے برعکس واو صحیح کیساتھ ہیں۔ مگر خود واو علت کی صورت میں اس کی آواز ''O'' کی ہو جاتی ہے۔ زبر کے بعد واو یعنی واو لین کی صورت میں ''ao'' کی ہو جاتی ہے۔ جبکہ ہم ''a'' کو الف صحیح قرار دے چکے ہیں۔ پیش کی علامت دراصل نصف o ہے۔ الٹی پیش اس سے ذرا بڑھ کر ہے۔ پیش واو ایک اور طرح کا واو لین ہے۔ اس کے علاوہ ایک دہرے لین یا تہری علت کی صورت بھی واو کیساتھ در پیش ہے۔ اور وہ ''ہو'' ''جو'' ''خواجہ'' جیسے الفاظ میں ''پیش، واو، الف'' کی ہے۔ واو مخلوط یا واو معدولہ بھی دو ایسی صورتیں ہیں جو فی الوقت اُردو میں ایک ہی صورت ''معدولہ'' کے نام سے معروف ہیں۔ مشدد واو بھی اپنا امتیاز طلب کرتا ہے جو واو صحیح ہی کو دہرانے کا نام ہے۔

Wh کا ایک متبادل ''وھ'' بھی وھیل اور دھائیٹ کی صورت میں موجود ہے۔ مسئلہ اس کے وجود کے اقرار یا انکار کا نہیں، مجموعی کارپس (Corpus) صورت میں کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں تمام امکانی صورتیں پیش نظر رکھنا ہوتی ہیں کہ اگر ایسا لکھنا پڑ جائے تو کیا ہو۔

''ۃ'' کا مسئلہ اور بھی گھمبیر ہے۔ اس کی دوسری صورت علت (Vowel) کی ہے جو ''کعبۃ'' راجۃ'' وغیرہ کے آخر میں ''الف'' کی سی آواز دیتی ہے۔ ''ۃ'' مشدد میں پہلے ہائے علت (ہائے مختفی) اور پھر ہائے صحیح کی صورت ابھرتی ہے۔ ''ح'' کی صوت اور شکل کا امتیاز بھی ضروری ہے۔ اور ''ح'' مشدد کی صورت میں بھی علیحدہ متبادل درکار ہے۔ گول ت یعنی ''ۃ'' کی اُردو میں ایک الگ صورت ہے۔ یہ لکھی جاتی ہے لیکن بولی نہیں جاتی یعنی عربی ''ۃ'' میں گول ت کی بجائے صرف ''ت'' کی ذرا سی بھاری صوت ہے۔ دو چشمی ھ کو اُردو میں ''ہ'' کی قائم مقامی نہیں بلکہ بھاری اصوات ''بھ'' پھ، تھ، کے تحریری جز و نصف کی حیثیت حاصل ہے۔

ان سب کے لیے امتیازی رومن حروف یا علامات درکار ہیں نیز کمپیوٹر کو یہ بتانا بھی مقصود ہے کہ اُردو میں ھ الگ طور سے کہیں استعمال نہیں ہوتا، اگر ایسا ہو تو وہ ''ہ'' ہے۔

ہمزہ بنیادی طور پر عربی کا ''الف'' ہے لیکن اُردو میں ''کوئی'' ''کئی'' وغیرہ میں الگ الگ ''حرف'' کے طور پر آتا ہے۔ بعض افراد ہمزہ اضافت کو بھی ''ہمزہ'' سمجھتے ہیں۔ اس پر بحث آگے آتی ہے۔ عین کا حرف ''ہمزہ'' اور الف سے مشابہ ہے۔ خاص طور پر مشدد صورت میں دو الف کی حثیت اختیار کر جاتا

ہے۔

یائے صحیح اور یائے علت کے علاوہ بھی اس کی کئی صورتیں امتیازی حثیت رکھتی ہیں۔ مثلا درمیانی ''ی'' مشدد سے مختلف ہے جو بیک وقت حرف صحیح بھی ہے اور حرفِ علت بھی۔ زیر اور کھڑی زیر بھی نصف اور نیم ''ی'' کی صورتیں ہیں۔ بڑی ''ے'' ایک الگ حیثیت رکھتی ہے اور اس کی لین صورت ''زبر+ ے'' کے طور پر جدا مستعمل ہے۔ ''ژ'' بھی دراصل ''یھ'' کی ایک صورت ہے۔

یہ تمام حروف آپس میں عمل کرتے ہیں تو ان کے لیے بھی بعض قاعدے وجود میں آتے ہیں۔ تکنیکی لحاظ سے ا، د، ء، ع، ی میں باہمی فرق لازم ہے۔ پھر ایسی علامات استعمال کی جائیں جو ان میں علت کے لیے یکسانیت پیدا کریں۔ اسی طرح کھڑی زبر، کھڑی زیر، اور کھڑی پیش کے لیے قاعدہ درکار ہے۔

اُردو کا مسئلہ یہ ہے کہ اس میں حروف انگریزی کی طرح محض پاس پاس رکھ دینے سے نہ تو لفظ تشکیل پاتا ہے اور نہ ایک ترسیمہ Ligature میں آجانے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہاں ا، ء، ہ، و، ی، ے بطور حرف صحیح استعمال ہوئے ہیں۔ یا بطور حرف علت۔ مثلاً ''کور'' اور ''کَور'' میں کو کے پہلے ترسیمے واؤ علت ہے اور دوسرے ترسیمے میں واو صحیح۔ چنانچہ رومن نقل حرفی کرنے والے سافٹ ویئر کو مطلع کرنا پڑے گا۔ کہ ''واؤ'' کی کلید برائے ''علت'' رکھی جائے جو حرف سے پہلے یا بعد میں استعمال کی جائے۔ یہی صورت حرف مخلوط کی ہے اس کے لیے بھی ایک الگ کلید مزید استعمال کرنا ہوگی۔

دیگر حروف میں بعض ایسی صورتیں سامنے آتی ہیں جن کے لیے عام یا بنیادی طور پر ایک ہی رومن حرف استعمال ہوتا ہے۔ مثلات، ٹ، ٹھ، ط، و، وغیرہ یا پھر د، دھ، ڈھ، اسی طرح ر، رھ، ڑھ وغیرہ نیز ز، ذ، ض، ظ کی مثال پہلے ہی دی جا چکی ہے۔ س، ث، ص، ش کا مسئلہ بھی کچھ ایسا ہی ہے، ک، کھ اور خ میں مشابہت موجود ہے جیسی کہ گ، گھ اور غ میں ہے۔ ن اور ں کا امتیاز بھی لازم ہے۔ بہت تفحص اور تفکر کے بعد مندرجہ ذیل اصول ہاتھ آئے:۔

ا۔ مجوزہ رومن حروف یا علامتیں پہلے ہی کثرت سے رومن اُردو یا نقل حرفی میں مستعمل ہوں تاکہ اجنبیت یا نئے پن کا احساس کم سے کم ہو۔

۲۔ حروف کی انواع و اقسام یا مختلف صورتوں میں امتیاز کے لیے جو اضافی علامتیں استعمال ہوں وہ قابل خواندگی ہوں یعنی ایسے رومن لفظ کو پڑھنے میں انسانی آنکھ دقت محسوس نہ کرے اور معمولی سی کوشش سے اسے پڑھا جا سکے۔

۳۔ مجوزہ رومن متبادلات سابقہ تمام اصولوں/نظاموں کی جگہ لے کر ایک جامع، عمومی اور معیاری نظام کے طور پر سامنے آئیں۔ نیا نظام تجویز کرتے ہوئے اُردو کے ستر اسّی حروف اور حرکات پیش کرنے کے لیے انگریزی کے ۲۶ حروف تو ناکافی ہیں۔ خاص طور پر x, v, c وغیرہ کو نکال کر ان کی تعداد ۲۳ رہ جاتی ہے۔

ایک تجویز یہ بھی تھی کہ انٹرنیٹ کے لیے حرف کی مختلف صورتوں کا تعین کرتے ہوئے نمبر دے دیئے جائیں مثلاً ذ، ز، ظ، ض اور ان کی مشدد صورتوں کے لیے نمبر دیے جائیں۔ ز=z1 ,z2= زّ , z3= ذ z4 , ذّ =, ض z5 , z6= ضّ z7 =, ظ =z8= ظّ۔

اس طریقے میں دو قباحتیں تھیں۔

۱۔ اُردو حروف کی بعض صورتیں ۱۳ تک پہنچتی ہیں اور اعداد ۹ تک ہیں۔

۲۔ اس طرح سے لکھا ہوا رومن لفظ عام فرد کے لیے قابل خواندگی نہیں۔ اگر چہ اس رومن متبادل کو صرف تکنیکی ماہرین ہی استعمال کریں گے لیکن اگر عام افراد ان رومن حروف کو سکرین پر دیکھنا چاہیں تو کیا ہو؟

۳۔ اگر عبارت کے اندر اعداد ہوں اور انھیں پیش کرنا ضروری ہو تو حروف اور اعداد میں امتیاز کی کیا صورت ہو گی۔

۴۔ انگریزی کے ۲۳ حروف کے ساتھ کون کون سی علامتیں استعمال کی جائیں۔ جو کلیدی تختے پر بھی موجود ہوں لیکن انٹرنیٹ کی پروگرامنگ میں بہت کم مستعمل ہوں۔

بہت غور وخوض کے بعد انگریزی سے ۲۴ حروف (جن میں c بھی مرکب صورت میں چ کے لیے Ch کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔) اور پانچ علامات !،\،*،^،~ وغیرہ ہاتھ لگیں۔ ''ا، و، ی'' کی مخلوط صورت یا پھر چ، خ، ش، اور غ کی مخلوط صورت بھ، پھ، تھ کی مخلوط صورت سے مختلف ہے۔ اس لیے مخلوط صورتوں بھ، پھ کے لیے ! کی علامت کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ا، و، ی کی مخلوط صورت تو کم ہی سامنے آتی ہے۔ مثلاً ''بالکل'' ''خورشید'' اور ''کیا''، کیوں، پیار وغیرہ میں۔ "^" کی علامت کو آگے کھینچی جانے والی اصوات کے لیے اور "~" کی علامت کو اوپر یا گول آواز کھینچنے کی اصوات کے لیے استعمال کیا گیا۔ "*" کو شد کی علامت کا متبادل بنایا گیا تاکہ حروف کو دہرانے کے عمل سے بچا جا سکے۔ یوں اُردو کے صوتی اور مکتوبی ہر دو انداز ابجد کو ملحوظ رکھا گیا نیز مستقبل کے امکانی حروف کے لیے بھی گنجایش پیدا ہو گی۔

اضافی علامات کے استعمال میں باہمی یکسانیت بھی ملحوظ رکھی گئی مثلاً '':'' کی علامت کھڑی زبر، کھڑی زیر، اور الٹی پیش کے لیے بھی استعمال ہوئی۔ ''~'' کی علامت ''مد'' کے علاوہ ٹ، ڈ، ڑ، ن کی ط کی علامت اور ''ہ'' اور ''ح'' اور ی'' اور ''ے'' ''ز'' اور ''ظ'' میں امتیاز کے لیے استعمال ہوئی ہیں۔ چ، خ، ش، غ کے لیے علی الترتیب Gh, Sh, Kh, Ch استعمال ہوتے ہیں لیکن کمپیوٹر انھیں ''ہC'' ''ک ہ'' ''س ہ'' اور ''گ ہ'' پڑھ سکتا ہے۔ چھ، کھ، سھ، گھ بھی اسی طرح لکھے جا سکتے ہیں۔ اگر ان کے ساتھ کوئی امتیازی نشان مہیا کر دیا جائے جو ''`'' کی صورت میں دے دیا گیا ہے تو سافٹ ویئر اسے چ، خ، ش اور غ کی حیثیت سے شناخت کر لے گا۔

اضافت ایک ایسا مسئلہ ہے جو کبھی ء اور کبھی زیر کی صورت اختیار کر کے ہمزہ اور زیر کی ساتھ مغالطہ پیدا کرتا ہے۔ حالانکہ اشاریاتی ترتیب (Collating Order) میں ہمزہ اور زیر کو تو مقام حاصل ہے مگر

Version 0.5, October 17, 2000

Reversible Urdu <--->Transliteration
to be used in
Computers/ E-mail/ Internet

قابلِ رُجوع اُردُو نقلِ حرفی
برائے
کمپیوٹر / انٹرنیٹ

(الف) صوتی حرفی گروہ اور متبادلات

گروہ نمبر	حرف	رومن متبادل	کیفیت
1	ا	a	الف ابتدائی
	ـا	a^	آخری (Vowel)
	ءا	'a!	ہمزہ الف
	أ	a'!	الف ہمزہ
	ـَ	e	زبر
	ـٰ	a`	کھڑی زبر
	اَ	a/ae	الف زبر
	اِ	i/ai	الف زیر
	اُ	u/au	الف پیش
	↑	a!	الف مخلوط
	آ	a~	
	ـً	ee	تنوین
2	و	w	ابتدائی
	وَ	we	
	وِ	wi	
	وُ	wu	
	ـــو	o	واو مجہول (Vowel)
	ـَو	eo	لین
	ـُ	u	پیش
	ـٗ	u`	اُلٹی پیش
	ـُو	uo	واو معروف
	ـُوا	uoa^	دہرا لین
	ؤ/و	u!	مخلوط / معدولہ
	وّ	w*	مشدد
	وھ	wh!	
	وٌ	uu`	تنوین
3	ہ	h	
	ہ	h^	ہائے مختفی (Vowel)
	ہّ	h*	
	ح	h~	
	حّ	h~*	
	ۃ	ht!	
	ھ	h!	
4	ء	'	
	ءَ	'e	
	ءِ	'i	
	ءُ	'u	
5	ع	'^	
	عَ	'^e	
	عِ	'^i	
	عُ	'^u	
	عّ	'^*	
6	ی / یـ	y	ابتدائی
	یَ	ye	
	یِ	yi	
	یُ	yu	
	یـ / ی	iy	درمیانی آخری (Vowel)
	یّ	iy*	مشدد
	ی	y!	مخلوط
	ـِ	i	زیر
	ـٖ	i`	کھڑی زیر
	ـٍ	ii	تنوین
	یھ	yh!	
	ے	y~	
	ـَے	ey~	لین
	ئ	y^	
7	ب	b	
	بّ	b*	
	بھ	bh!	
	بھّ	bh!*	
8	پ	p	
	پّ	p*	
	پھ	ph!	
	پھّ	ph!*	

	t	ت	9
	t*	تّ	
	th!	تھ	
	th!*	تّھ	
	t~	ٹ	
	t~*	ٹّ	
	t~h!	ٹھ	
	t~h!*	ٹّھ	
	t^	ط	
	t^*	طّ	
	j	ج	10
	j*	جّ	
	jh!	جھ	
	jh!*	جّھ	
	ch`	چ	11
	ch`*	چّ	
	ch`h!	چھ	
	ch`h!*	چّھ	
	d	د	12
	d*	دّ	
	dh!	دھ	
	dh!*	دّھ	
	d~	ڈ	
	d~*	ڈّ	
	d~h!	ڈھ	
	d~h!*	ڈّھ	
	r	ر	13
	r*	رّ	
	rh!	رھ	
	rh!*	رّھ	
	r~	ڑ	
	r~*	ڑّ	
	r~h!	ڑھ	
	r~h!*	ڑّھ	
	z	ز	14
	z*	زّ	
	z+	ذ	
	z+*	ذّ	
	z^	ض	
	z^*	ضّ	
	z~	ظ	
	z~*	ظّ	
	s	س	15
	s*	سّ	
	s~	ث	
	s~*	ثّ	
	s^	ص	
	s^*	صّ	
	sh`	ش	
	sh`*	شّ	
	f	ف	16
	f*	فّ	
	q	ق	17
	q*	قّ	
	k	ک	18
	k*	کّ	
	kh!	کھ	
	kh!*	کّھ	
	kh`	خ	
	kh`*	خّ	
	g	گ	19
	g*	گّ	
	gh!	گھ	
	gh!*	گّھ	
	gh`	غ	
	gh`*	غّ	
	l	ل	20
	l*	لّ	
	lh!	لھ	
	lh!*	لّھ	

21	م مّ مھ مھّ	m m* mh! mh!*	
22	ن نّ نھ نھّ ں ںھ نؕ	n n* nh! nh!* n^ n^h! n~	
23	اضافت ِ	-i-	
24	تشدید ّ	*	
25	مدّ ٓ	!ٓ	مدّ
26	لا	x	
27	ۂ	c	
28	لفظ مکمل	Space Bar	
29	اردو شروع	[x x]	

(ب) اردو حروف تہجی کی ترتیب

1- ا (الف ابتدائی)	a
2- ا (الف آخری۔ Vowel)	a^
3- ء (ہمزہ الف)	'a!
4 ۔أ (الف ہمزہ)	a'!
5- ـَ ۔(زبر)	e
6- ـٰ ۔(کھڑی زبر)	a`
7- اَ (الف زبر)	a/ ae
8- اِ (الف زیر)	i/ai
9- اُ (الف پیش)	u/au
10- آ (الف مخلوط)	a!
11- آ	a~
12- تنوین ً ٍ ٌ	e*
13- ب	b
14- بّ	b*
15- بھ	bh!
16- بھّ	bh!*
17- پ	p
18- پّ	p*
19- پھ	ph!
20- پھّ	ph!*
21- ت	t
22- تّ	t*
23- تھ	th!
24- تھّ	th!*
25- ٹ	t~
26- ٹّ	t~*
27- ٹھ	th!
28- ٹھّ	th!*
29- ث	s~
30- ثّ	s~*
31- ج	j
32- جّ	j*
33- جھ	jh!
34- جھّ	jh!*
35- چ	ch`
36- چّ	ch`*
37- چھ	ch`h!
38- چھّ	ch`h!*

نمبر	حرف	کوڈ
39	ح	h~
40	حّ	h~*
41	خ	kh`
42	خّ	kh`*
43	د	d
44	دّ	d*
45	دھ	dh!
46	دّھ	dh!*
47	ڈ	d~
48	ڈّ	d~*
49	ڈھ	d~h!
50	ڈّھ	d~h!*
51	ذ	z!
52	ذّ	z!*
53	ر	r
54	رّ	r*
55	رھ	rh!
56	رّھ	rh!*
57	ڑ	r~
58	ڑّ	r~*
59	ڑھ	r~h!
60	ڑّھ	r~h!*
61	ز	z
62	زّ	z*
63	ژ	y^
64	ژّ	y^*
65	س	s
66	سّ	s*
67	ش	sh`
68	شّ	sh`*
69	ص	s^
70	صّ	s^*
71	ض	z^
72	ضّ	z^*
73	ط	t^
74	طّ	t^*
75	ظ	z~
76	ظّ	z~*
77	ع	'^
78	عَ	'^e
79	عِ	'^i
80	عُ	'^u
81	عّ	'^*
82	غ	gh`
83	غّ	gh`*
84	ف	f
85	فّ	f*
86	ق	q
87	قّ	q*
88	ک	k
89	کّ	k*
90	کھ	kh!
91	کّھ	kh!*
92	گ	g
93	گّ	g*
94	گھ	gh!

95- گھؔ	gh!*
96- ل	l
97- لؔ	l*
98- لھ	lh!
99- لھؔ	lh!*
100- م	m
101- مؔ	m*
102- مھ	mh!
103- مھؔ	mh!*
104- ن	n
105- نؔ	n*
106- نھ	nh
107- نھؔ	nh!*
108- ں	n^
109- ںھ	n^h!
110- نٔ	n~
111- و (ابتدائی)	w
112- وَ	we
113- وِ	wi
114- وُ	wu
115- ـــو (مجہول۔Vowel)	o
116 ۓ و (لین)	eo
117- ـُـ (پیش)	u
118- ـٗـ (الٹی پیش)	u`
119- ـُ و (معروف)	uo
120-ُوا (دہرالین)	uoa^
121- ؤ/وٕ (مخلوط/معدولہ)	u!
122- وؔ	w*
123- وھ	wh!
124- ـٌ تنوین	uu!
125- ہ	h
126-ہ(ہائے مختفی Vowel)	h^
127- ہؔ	h*
128- ۃ	ht!
129- ء	'
130- ءَ	'/ 'e
131- ءِ	'i
132- ءُ	'u
133- ی/یہ(ابتدائی)	y
134- یَ	ye
135- یِ	yi
136- یُ	yu
137- ـیـ/ی(درمیانی/آخری۔Vowel)	iy
138- یؔ	iy*
139- ئ (مخلوط)	y`
140- ـِـ (زیر)	i
141- ـٖـ (کھڑی زیر)	i!
142- ـٍـ تنوین	ii
143- یھ	yh!
144- ے	y~
145- ۓ ے(لین)	ey~
146- ھ	h!
147- ـٓ	*
148- ـٓمد	~!
149- ـِ/ء اضافت	-i-
150- لا	x

151-	ہ	C
152-	لفظ مکمل	Space Bar
153-	اردو شروع	[x x]

(ج) تحریر حروف کی صوتی ترتیب

ا، اِ، أ، آ، و، وھ، ہ، ة، ح، ھ، ء، ع، ی،
یھ، ے، ژ، ب، بھ، پ، پھ، ت، تھ،
ٹ، ٹھ، ط، ج، جھ، چ، چھ، د، دھ، ڈ،
ڈھ، ر، رھ، ڑ، ڑھ، ز، ذ، ض، ظ، س،
ث، ص، ش، ف، ق، ک، کھ، خ،
گ، گھ، غ، ل، لھ، م، مھ، ن، نھ، ں،
ںھ، ںٓ، لا، ـً، ـِ، ـُ، ـٗ، ـٖ، ـٰ،
ـٔ، ـٍ، ـٌ، ـٓ، ـّ،

English -----> Urdu Transliteration
for E-mail addresses

a	=	ا
b	=	ب
c	=	ہ
d	=	د
e	=	ے
f	=	ف
g	=	گ
h	=	ہ
i	=	ـِ
j	=	ج
k	=	ک
l	=	ل
m	=	م
n	=	ن
o	=	ـو (واو مجہول)
p	=	پ
q	=	ق
r	=	ر
s	=	س
t	=	ت
u	=	ـُ
v	=	و
w	=	و
x	=	لا
y	=	ی
z	=	ز

اضافت کونہیں۔ چنانچہ یہاں ہر دو اضافت کے لیے ب''آئ'' کی پہلے سے مستعمل صورت ہی کوملحوظ رکھا گیا ہے۔موقع محل کے مطابق سافٹ ویئر انجن اسے ہمزہ یا زیر میں تبدیل کر دے گا۔

ہر لفظ کے مکمل ہونے پر کی علامت درکار تھی جو Space Bar پوری کرتا ہے تا کہ کسی مغالطے یا لفظوں کے باہم ادغام کا مسئلہ پیدا نہ ہو۔اسی طرح جب کمپیوٹر پر اُردو متن شروع کرنا ہو تو اسے ہدایت دی جائے کہ اب اُردو متن شروع ہو رہا ہے۔اس کے لیے [xx] کی علامت تجویز کی گئی ہے۔

مقتدرہ قومی زبان نے شعبہ اُردو اطلاعیات کے قیام سے قبل ۲۰ اگست ۱۹۹۹ء کو انٹرنیٹ اور ای میل پر اُردو کے استعمال کے امور میں مشاورت کے لیے ایک ذیلی کمیٹی بنانے کا اعلان کیا، جس کے کنویز جناب ظہیر عزیز تھے اور ارکان میں ڈاکٹر خالد رشید، ڈاکٹر محمد افضل، جناب طارق حمید، جناب محمد خاور، جناب طاہر مفتی، جناب این آر لیوال شامل تھے۔شعبہ کے قیام (۲۰ ستمبر ۱۹۹۹ء) کے بعد بھی یہی ذیلی کمیٹی کام کرتی رہی۔

۲۲ جولائی ۲۰۰۰ء کو اُردو معیار بندی میں مشاورت کے لیے قائم کردہ ٹیکنیکل کمیٹی کے اجلاس میں اس ذیلی کمیٹی کی رپورٹ نہ ہونے کے برابر تھی۔اس روز طے ہوا کہ اگلے اجلاس میں یہ ذیلی کمیٹی بھی اپنی رپورٹ پیش کرے۔اس ذیلی کمیٹی کے ۲۔ستمبر ۲۰۰۰ء کے اجلاس میں جن ضروریات کا ذکر ہوا ان میں یہ بھی تھا کہ اُردو میں انٹرنیٹ ویب سائٹ کے لیے نقل حرفی کی معیاری فہرست تیار کی جائے۔چنانچہ ایک تجویز ۹ ستمبر ۲۰۰۰ء کے اجلاس میں پیش کی گئی۔اجلاس میں جناب ظہر عزیز، جناب طاہر مفتی، جناب طارق حمید، میجر سہیل اقبال، راقم اور جناب اکبر سجاد شریک تھے۔راقم کے اس مجوزہ نظام پر غور رخوض شروع ہوا۔کئی منازل گزارنے کے بعد ۱۵ ستمبر ۲۰۰۰ء کو طے ہوا کہ:

۱۔متبادلات کا یہ نظام قابل تحسین ہے اور کام کر سکتا ہے۔

۲۔ اضافی علامات کے بارے میں بار بار چیک کر کے معلوم کر لیا جائے کہ کہیں یہ اُردو ویب سائٹ یا ای میل میں کسی اور کنٹرول مفہوم میں تو استعمال نہیں ہوتیں۔

۳۔ یہ بھی معلوم کیا جائے کہ ویب اور ای میل پتوں کے علاوہ سرچ انجن ان کے ذریعے کلیدی الفاظ اور متن بھی تلاش کر سکے گا۔نیز رومن میں لکھے ہوئے پتوں کو بھی پڑھ سکے گا یا نہیں۔

۴۔ یہ طے کر لیا جائے کہ انگریزی میں متن پہلے سے موجود پتوں کے اُردو متبادل کس نظام اور تحدید کے ساتھ اُردو میں لکھے جائیں گے۔

چنانچہ مختلف مشوروں کے بعد اس نظام میں پانچ بار تبدیلی کی گئی اور بالآخر ۱۷ اکتوبر ۲۰۰۰ء کو یہ طے پایا کہ اسے ''حتمی صورت'' میں (Final Version) کے طور پر شائع کر دیا جائے اور اس کے ذریعے اُردو کے بنیادی الفاظ کی ایک ڈکشنری بھی بنا کر مقتدرہ کے ویب سائٹ پر رکھ دی جائے تا کہ سافٹ ویئر بنانے والے وہاں سے ذخیرہ ڈاؤن لوڈ کر سکیں۔اسے کتابی صورت میں بھی شائع کر دیا جائے۔

اُردو اطلاعیات اور فرہنگ

قوموں کی زندگی میں کبھی کبھار ایسے مراحل اور مواقع بھی آتے ہیں جنھیں تاریخ ساز اور عہد آفرین کہا جا سکتا ہے۔ اُردو پاکستان کی قومی زبان ہے اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ پچھلے ساٹھ برس میں اُردو کو بحیثیت قومی زبان اس کا جائز مقام حاصل نہیں ہو سکا۔ اس اثنا میں بھی زمانے کی تیز رفتار ترقی کے ساتھ ساتھ اُردو کو ساتھ لے کر چلنے کی کچھ اکا دکا اور منتشر کوششیں بھی کی جاتی رہی ہیں۔ یہ کوششیں کبھی عوامی سطح پر ہوئیں اور کبھی ان کا سہرا محبِّ وطن قیادت کے سر جاتا ہے۔ ۱۹۷۹ء میں اپنے قیام سے لے کر اب تک مقتدرہ قومی زبان بھی اس کام میں پیچھے نہیں رہا۔ دفتری امور کو دستی طور پر انجام دینے کا دور ہو یا اُردو ٹائپ رائٹر کی تیاری کے لیے تکنیکی پہلوؤں سے معیاری کلیدی تختہ یا پھر اُردو تار گھر اور ٹیلی پرنٹر کے لیے کلیدی تختہ کی تیاری، غرضیکہ مقتدرہ قومی زبان نے ہر موقع پر قومی خدمت کے جذبے کے ساتھ بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔

دنیا اطلاعات و معلومات کی شاہراہ پر گامزن ہوئی تو بیسویں صدی کی آخری دہائی کے ماہرین لسانیات اور ماہرین کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے تمام عالمی ماہرین زبانوں کے بارے میں یک زبان تھے کہ اکیسویں صدی میں صرف وہی زبان زندہ رہ سکے گی جو کمپیوٹر کی زبان بن جائے گی۔ کمپیوٹر کی زبان کے عام طور پر یہ معنی لیے جاتے ہیں کہ زبان کو کمپیوٹر پر ٹائپ رائٹر کی طرح کمپوز کیا جا سکے۔ عام آدمی حتیٰ کہ پڑھا لکھا طبقہ بھی یہی سمجھتا ہے کہ وہ اپنی روزمرہ کی ضروریات، خطوط اور رسائل کی کتابت کا کام اس مشین سے لے۔ مگر وقت نے ثابت کیا کہ جب یہ دنیا ایک گلوبل ویلج بن گئی اور کسی ایک کمرے میں بیٹھ کر پوری دنیا کے تمام علوم وفنون پر تحقیق اور تدریس کا کام بھی اس مشین پر لیا جانے لگا تو معلوم ہوا کہ یہ مشین دنیا بھر کے علوم وفنون کا مخزن ہے اور حصول معلومات، ترجمہ کاری اور لفظ کاری کے لیے اس مشین پر اپنی زبان کا ہونا بے حد ضروری ہے۔ چنانچہ مقتدرہ قومی زبان نے بھی عالمی معیارات کے مطابق کمپیوٹر کی سکرین کو اُردو میں مکمل طور پر بدلنے کا بیڑا اٹھایا۔

اس موقع پر مائیکروسافٹ جیسے بین الاقوامی ادارے کو بھی اس حقیقت کا اندازہ ہو گیا تھا کہ اب لسانی توسیع میں بھی بہت سا کاروبار پوشیدہ ہے، چنانچہ دوسری زبانوں کی طرف بھی توجہ دی جانی چاہیئے یا

انھوں نے اکیسویں صدی کے آغاز ہی میں اپنی تمام تر مصنوعات کو دنیا کی منتخب کردہ سوز بانوں میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا۔ انھی سوز بانوں میں سے ایک اُردو ہے جو اب عربی کے بعد ان پہلی چار زبانوں میں شامل ہے جن میں مائیکروسافٹ کی مصنوعات پیش کی جا رہی ہیں چنانچہ کمپیوٹر سکرین کو اُردو میں بدلنے کے سلسلے میں مائیکروسافٹ اور مقتدرہ قومی زبان کے درمیان ایک دوستانہ معاہدہ ہوا۔ جس کی رو سے مائیکروسافٹ کی مصنوعات/ ایپلی کیشن اُردو میں ڈھالنے کا آغاز ہوا۔

اس بین الاقوامی ادارہ نے اپنی تمام مصنوعات مائیکروسافٹ آفس (Microsoft Word, Excel, PowerPoing, PowerPoint, Access, Outlook Express) اور آپریٹنگ سسٹم مائیکروسافٹ ونڈوز XP میں موجود تمام ہدایات، مینیو، دریچے اور کمپیوٹر سکرین کو اُردو میں بدلنے کے کام کا آغاز مقتدرہ قومی زبان کے ساتھ اسی معاہدہ کے تحت کیا۔ مذکورہ بالا تمام مصنوعات کو اُردو میں بدلنے کے لیے انگریزی میں استعمال ہونے والے تقریباً ساڑھے آٹھ لاکھ الفاظ اور اصطلاحات پر مشتمل مواد کے معیاری ترجمہ، کوائف کاری اور تکنیکی تدوین، نظرِ ثانی و معیار بندی کا کام شامل تھا۔ اس منصوبے کی اہمیت اور تکنیکی نوعیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے:

الف۔ تمام ترجمہ شدہ مواد مائیکروسافٹ آفس کے لیے ان کے کوائفیہ یا ڈیٹا بیس Helium میں کوائف کاری، و تدوین و معیار بندی کے بعد ان کے حوالے کیا گیا جبکہ مائیکروسافٹ ونڈوز Xp کا کام اس سے بھی زیادہ تکنیکی نوعیت کا ہے۔ اس میں تمام آپریٹنگ سسٹم کے پیغامات ان کے مختلف کوائفیوں کے ذریعے کو سکرین پر نمودار ہونے والے بٹنوں تک پر اُردو لگا کر بھجوانا تھا۔

ب۔ اس سارے منصوبے میں ہم معنی الفاظ و اصطلاحات کے لیے علیحدہ علیحدہ اُردو مترادفات استعمال کیے جانے تھے، کیونکہ کمپیوٹر پر ایک لفظ یا اصطلاح کا صرف ایک معنی یا مترادف بھی دیا جا سکتا ہے، وجہ ظاہر ہے کہ ہر لفظ اپنا الگ پروگرام یا عملیہ رکھتا ہے۔ ہم معنی الفاظ کا مترادف استعمال ہونے پر معیار بندی ہی متاثر نہیں ہوتی بلکہ پراسیسنگ بھی غلط ہو جاتی ہے۔

۲۔ اس سلسلے میں مذکورہ منصوبے کے پہلے حصے (مائیکروسافٹ آفس) کے نو پراجیکٹوں کے تراجم اور ابتدائی کوائف کاری کو معیار بندی کے بعد ۳۰۔ جون ۲۰۰۴ء کو مائیکروسافٹ کے حوالے کر دیا گیا۔

۳۔ پہلے حصے کے کام پر نظرِ ثانی کے مطابق ترمیم اور حتمی معیار بندی کا کام جاری رہا اور اس کی تکمیل کے ساتھ ہی پراجیکٹ کے دوسرے حصے مائیکروسافٹ ونڈوز XP کے تراجم، کوائف کاری اور دوسرے تمام مراحل کا کام شروع ہوا۔

منصوبے کے آغاز سے پہلے ابتدائی طور پر ۲۵۰۰ بنیادی اصطلاحات (Core Terms) کے ترجمہ کی معیار بندی کا کام کیا گیا تھا۔ ابتدائی اُردو ترجمہ کے بعد ملک بھر سے ماہرین کی ایک منتخبہ کمیٹی میں

ایک ایک اصطلاح پر سیر حاصل بحث کے بعد حتمی ترجمہ کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ اس کمیٹی کے دو دو روزہ دو اجلاس منعقد ہوئے۔ تفصیل حسب ذیل ہے:

۱۔ مائیکروسافٹ کی Core Terms کے اُردو ترجمہ کو حتمی شکل دینے کے لیے مترجمین کمیٹی کا اجلاس مقتدرہ کے کانفرنس ہال میں ۱۸ اور ۱۹ اکتوبر ۲۰۰۳ء (دو روزہ) منعقد ہوا۔ اجلاس میں درج ذیل اراکین نے شرکت کی:

۱۔ جناب سعید احمد (PCB)، اسلام آباد
۲۔ ڈاکٹر محمد افضل (Barani University)، راولپنڈی
۳۔ ڈاکٹر سرمد حسین (FAST)، لاہور
۴۔ جناب علیم احمد، کراچی (نمائندہ جناب ہمایوں قریشی)
۵۔ پروفیسر خورشید احمد رضوی، لاہور
۶۔ جناب تفسیر احمد، اسلام آباد
۷۔ ڈاکٹر انجم حمید (مقتدرہ)
۸۔ ڈاکٹر عطش درانی (مقتدرہ)

دو روزہ مسلسل کام کے بعد مذکورہ پراجیکٹ کا صرف ۲۵% تکمیل کے مراحل تک پہنچ سکا۔ باقی کام کو حتمی شکل دینے کے لیے تمام ممبران نے تجویز دی کہ رمضان المبارک کے بعد ایک اور اجلاس منعقد کیا جائے۔

۲۔ حسب پروگرام مائیکرسافٹ Core Terms کی معیار بندی کے باقی کام کی تکمیل کے لیے ۱۳۔۱۴ دسمبر ۲۰۰۴ء کو مترجمین کمیٹی کا دوسرا اجلاس مقتدرہ کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ درج ذیل اراکین نے شرکت کی۔

۱۔ جناب سعید احمد، اسلام آباد
۲۔ ڈاکٹر محمد افضل، راولپنڈی
۳۔ ڈاکٹر خاور ضیا (Beacon House)ء، لاہور
۴۔ جناب ہمایوں قریشی، کراچی
۵۔ ڈاکٹر نذیر سانگی (AIOU)، اسلام آباد
۶۔ جناب علیم احمد، کراچی
۷۔ ڈاکٹر انجم حمید (مقتدرہ)

۸۔ڈاکٹر عطش درانی (مقتدرہ)

کمیٹی نے مذکورہ اصطلاحات کے اُردو ترجمے کا لفظ بہ لفظ جائزہ لیا۔ دو روزہ مسلسل محنت کے بعد ایک ایک لفظ پر بحث کی گئی اور ترجمے کے اس کام کو حتمی شکل دی گئی۔

ابتدائی ۲۵۰۰ اصطلاحات کا یہ ترجمہ مائیکروسافٹ کو بھجوایا گیا چنانچہ آفس اور ونڈوز کے سافٹ ویئر ترجمہ کرنے کے لیے مقتدرہ کے سپرد ہوئے۔ معاہدہ کے آغاز میں مائیکروسافٹ کے نمائندہ نے مقتدرہ کے دفتر میں آ کر مقتدرہ کے عملہ کو منصوبے پر عمل درآمد کے لیے Helium اور دوسرے کوائفیوں میں تربیت دی۔ اس تربیت کی روشنی میں منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے تمام کام کا جائزہ لینے اور لائحہ عمل طے کرنے کے لیے ملک بھر سے ماہرین اور مترجمین کی کمیٹی کا ایک اجلاس ۱۶۔۱۷ فروری ۲۰۰۴ء کو مقتدرہ کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس کی رپورٹ درج ذیل ہے:

(الف): مائیکروسافٹ کے لیے اُردو تراجم کے کام کا جائزہ لینے، تراجم کے اصول وضع کرنے اور تقسیم کار کے اصول اور مزید مترجمین کی تلاش اور رسائی کے حصول کے لیے کمیٹی کے سابقہ اجلاس مورخہ ۲۶۔ جنوری ۲۰۰۴ء کی روشنی میں یہ طے کیا گیا کہ کمیٹی کے تجویز کردہ اور چند مزید افراد کو تلاش کر کے شامل کیا جائے اور کام تفویض کرنے کی بنیادیں وضع کی جائیں۔ چنانچہ یا اجلاس ۱۶، ۱۷ فروری ۲۰۰۴ء کو منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں مندرجہ ذیل مندوبین نے شرکت کی۔

۱۔ جناب سعید احمد، پی سی بی، اسلام آباد۔
۲۔ جناب خادم علی ہاشمی، ملتان۔
۳۔ جناب اے ڈی میکن، اسلام آباد۔
۴۔ جناب الیاس قدیر طاہر، اسلام آباد۔
۵۔ جناب علیم احمد، کراچی۔
۶۔ جناب سید محمد اویس احمد، اسلام آباد۔
۷۔ محمد ظہیر عزیز، اسلام آباد۔
۸۔ جناب طارق حمید، اسلام آباد۔
۹۔ جناب صفدر رشید، اسلام آباد۔
۱۰۔ جناب بلال احمد، اسلام آباد۔
۱۱۔ جناب محمد سہیل عمر، لاہور۔
۱۲۔ ڈاکٹر اللہ رکھا ساغر، اسلام آباد۔

۱۳۔ جناب شاہد مسعود، معتمد، مقتدرہ قومی زبان۔

۱۴۔ سید عقیل عباس جعفری، مقتدرہ قومی زبان۔

۱۵۔ محمد اکبر سجاد، مقتدرہ قومی زبان۔

۱۶۔ ڈاکٹر عطش درانی (ناظم منصوبہ)۔

اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ منصوبے کو دو ذیلی گروہوں میں تقسیم کر دیا جائے۔

۱۔ گروہ مترجمین۔ یہ گروہ کاغذ پر ترجمہ، نظر ثانی اور معیار بندی کا کام سرانجام دے گا۔

۲۔ فنی گروہ۔ یہ گروہ موصولہ ترجمہ کی ویلی ڈیشن، ڈیٹا پروسیسنگ، فائل ٹرانسفر اور مائیکرو سافٹ کے معیار کے مطابق کام کی تکمیل کے لیے کام کرے گی۔

دوسرے روز مترجمین نے عملی طور پر ترجمہ کر کے اس بات کا جائزہ لیا کہ اوسطاً کتنا کام روزانہ مکمل کیا جائے کہ منصوبہ بر وقت مکمل ہوسکتا ہے اور اس سلسلے میں کبھی کبھی الجھنیں اور مسائل بھی درپیش ہو سکتے ہیں، ان کے حل کے لیے کوئی پلیٹ فارم وضع کیا جائے۔ ترجمہ، نظر ثانی اور معیار بندی کے لیے بھی وقت دورانیے اور میقات کا تعین کیا گیا:

۱۔ معیار بندی اور کوائف کاری کا تمام کام مقتدرہ کے دفتر میں انجام دیا جائے گا۔

۲۔ ترجمہ کے لیے بنیادی لغت میں توسیع کی جائے گی اور اسی کو معیار بندی کا آلہ بنایا جائے گا۔

۳۔ دوران ترجمہ میں کوشش کی جائے گی کہ اُردو ترجمہ بھی اتنے ہی حروف (Characters) پر مشتمل ہو، جتنے حروف انگریزی متن میں موجود ہیں۔

۴۔ دوران ترجمہ میں مخففات (Abbreviations)، ٹریڈ مارک، اور قوسین میں ٹیگ کا ترجمہ نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ ایسے الفاظ کو انگریزی ہی میں رہنے دیا جائے گا۔

۵۔ کوشش کی جائے گی کہ کوئی لفظ دس حروف سے زیادہ نہ ہو۔

۶۔ ہدایات کا ترجمہ کرتے وقت درمیانی راستہ اختیار کیا جائے گا۔ مثلاً دیکھو، دیکھیں اور دیکھیے میں سے "دیکھیں"۔ اسی طرح رکھو، رکھیں، رکھیے میں سے "رکھیں"۔

۷۔ فعل یا مصدر بنانے کے لیے کرنا یا ہونا یا صیغہ امر کے لیے کریں، بنائیں وغیرہ کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

۸۔ "and" کے ترجمے کے لیے کوما، و، اور وغیرہ میں سے "و" کو ترجیح دی جائے گی۔

اس سلسلے میں جن تکنیکی و لسانی نوعیت کے مسائل اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا وہ درج ذیل ہیں:

۱۔ مائیکرو سافٹ کی طرف سے سب سے پہلا مطالبہ یہ تھا کہ کسی بھی انگریزی اصطلاح کے لیے اُردو

میں متبادل ایک ہی اصطلاح مختص کی جائے اور کسی بھی ہم معنی دوسرے لفظ کی جگہ وہ لفظ استعمال نہ کیا جائے۔تقریباً ساڑھے آٹھ لاکھ الفاظ میں اس معیار کو برقرار رکھنا انتہائی مشکل کام تھا۔

۲۔ دوسری شرط یہ تھی کہ کسی بھی فقرے یا اصطلاح کا اُردو ترجمہ انگریزی اصطلاح سے حجم میں صرف ۱۰٪ تک زائد ہو۔اس سے زائد ہونے کی صورت میں کوائفیہ اس فقرے کی کوائف کاری کو ناممکن بنا دے گا۔جس کے لیے ضروری تھا کہ ترجمہ حروف کی تعداد کے لحاظ سے کسی بھی صورت ۱۰٪ سے زائد نہ ہو۔

۳۔ اپنے کوائفیہ یا ڈیٹا بیس میں مائیکروسافٹ نے تمام تر اصطلاحات اور فقرات کی پروگرام کاری یوں کر رکھی تھی کہ فقرات اور متن کو تکنیکی ٹیگ کے درمیان رکھا گیا۔کسی ایک بھی ٹیگ کی خرابی کی صورت میں کئی کئی ہفتوں پر محیط کام ضائع ہو جاتا تھا۔جس کی وجہ سے ایک ایک ٹیگ کی ساخت، اس کی تصریح اور دیگر خصوصیات کے مطابق کام مکمل کرنا ضروری تھا۔

۴۔ بار بار تصحیح اور ترمیم کے بعد اندازہ ہوا کہ ابھی لاکھوں اصطلاحات ایسی ہیں جن میں متبادل الفاظ استعمال ہوئے ہیں جنھیں انسانی ذہن کی رسائی سے باہر سمجھا جا سکتا ہے۔لیکن مائیکروسافٹ کا میکانکی آلہ Consistancy Checker ایک ایک لفظ اور فقرے پر رک جاتا اور جب تک اس کی تصحیح نہ کر لی جاتی آگے بڑھنا مشکل تھا۔

۵۔ مائیکروسافٹ کی ٹیکنالوجی کو اُردو میں ڈھالنا اس لیے بھی مشکل نظر آتا تھا کہ یہ انگریزی کی طرح بائیں سے دائیں انداز تحریر کی بجائے دائیں سے بائیں کا انداز تحریر رکھتی ہے۔پھر اُردو جملے کے اندر انگریزی یا رومن حروف میں بعض آلات اور ٹریڈ مارک کو قائم رکھنا بھی مشکل امر تھا۔

۶۔ ان تراجم کی بنیاد پر آزمایشی طور پر سافٹ ویئر (Microsoft Office 2003) تیار کر کے اُردو Build حتمی جائزے اور تصحیح کے لیے بھی تقریباً چار بار مقتدرہ کے حوالے کیے گئے جن ایک ایک کمانڈ، ہدایت، مکالمہ خانوں، ان کے ذیلی مکالمہ خانوں تک ایک ایک لفظ کا بغور جائزہ لیا گیا۔ اس مرحلے پر بھی مقتدرہ میں تمام تیار سافٹ ویئر میں ہر کمانڈ اور اس کی فعالیت کی بنیاد پر بھی تراجم اور معیار بندی کی گئی۔

مائیکروسافٹ آفس 2003ء کے تکمیلی مراحل کے اختتام سے پہلے ہی Microsoft Windows Xp کے ترجمے کا کام بھی شروع کر دیا گیا۔اس منصوبہ پر عمل درآمد کا آغاز Microsoft Office سافٹ ویئر کے ترجمے میں درپیش تمام تر تجربات اور مشکلات اور ان کے حل کو سامنے رکھتے ہوئے کیا گیا۔ اس مرحلے میں کام کے آغاز ہی سے مائیکروسافٹ ٹیم کی طرف سے فروری ۲۰۰۵ء تک تکمیل کا شیڈول دیا گیا۔تراجم کا یہ کام مارچ ۲۰۰۵ء میں مکمل ہوا۔ جن کی MIS اور دیگر تکنیکوں میں مہارت سے

تبادلہ امسلہ ممکن ہوسکا۔ ان میں جناب محمد اسد زمان، جناب محمد نعمان، جناب محسن حجازی اور جناب نوازش علی کا ذکر لازم ہے۔

مائیکروسافٹ کے آفس اور ونڈوز کی اُردو زبان میں منتقلی جیسے اہم ترین منصوبے پر کام شروع کرنے کے ساتھ ہی حکومت پاکستان کی طرف سے "مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات" کے ایک بہت بڑے منصوبے کے پہلے مرحلے کے پی سی۔ا کی منظوری مرحمت فرمادی تا کہ اُردو کی کمپیوٹر کاری کے حوالے سے ترقی کی تمام تر کوششوں کو یک جا کیا جا سکے اور ایک قومی پلیٹ فارم مہیا ہو۔ سیکرٹری کابینہ جناب اعجاز رحیم کی ذاتی دلچسپی اور تعاون سے ان کاموں کا آغاز اور تکمیل ممکن ہوئی۔ اس منصوبے کا انتظامی آغاز یکم جولائی ۲۰۰۴ء سے ہوا۔ اس میں ابتدائی طور پر یونی کوڈ کی بنیاد پر نستعلیق کا حروف پر مشتمل فانٹ کی تیاری، انگریزی سے اُردو مشین ٹرانسلیشن سافٹ ویئر کی تیاری کے لیے کمپیوٹیشنل گرامر کی تیاری اور دیگر مراحل کی تکمیل شامل ہے۔

مرکزِ فضیلت کے منصوبے کے اہم نکات:

الف: اُردو اطلاعیات کے مرکزِ فضیلت کا قیام

(تین مرحلوں میں)

پہلا مرحلہ: موجودہ پی سی۔I

۱۔ معیاری نستعلیق فانٹ کی تیاری (جو یونی کوڈ پر مبنی ہو)

۲۔ مشینی ترجمے کے لیے کمپیوٹر کے حوالے سے اُردو قواعد لکھنا۔

۳۔ مشینی ترجمہ (مرحلہ اول) کا معیاری سافٹ ویئر تشکیل دینا۔

ب: جامعات کو اُردو اطلاعیات کا شعبہ قائم کرنے میں مدد دینا:

(خاص طور پر وفاقی اُردو یونیورسٹی کے حوالے سے پائلٹ پروگرام جاری کرنا)

۱۔ نصاب۔

۲۔ ٹیوٹوریل وغیرہ۔

۳۔ تحقیقی منصوبوں کی فہرست۔

ج: حکومت پاکستان کو دفتروں، عدالتوں اور تعلیمی اداروں میں اُردو زبان کے انتخاب کا حق دینے کے لیے تکنیکی مدد فراہم کرنا۔

د: مرکزِ فضیلت کے حوالے سے معیارات کی تشکیل کے لیے ایسے تمام تحقیقی امور انجام

دینا جو اُردو زبان کے حوالے سے اس مرکز کو حتمی استناد کا درجہ دے سکیں۔

حروف کی بنیاد پر معیاری نستعلیق فانٹ

اس وقت تک تمام موجود سافٹ ویئر حروف کی بجائے شکل کی بنیاد پر تشکیل دیے گئے ہیں۔جس کی وجہ سے حرفی صورت میں بننے والے فانٹ سے ۱۰۰ گنا زیادہ جگہ گھیرتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ویب سائٹ پر اُردو تصویری بنیاد پر ہوتی ہے اور ویب سائٹ کھلنے میں بہت زیادہ وقت لگتا ہے لہذا اسے ناکام تصور کیا جاتا ہے۔اس حرفی بنیاد پر معیاری اُردو نستعلیق فانٹ کی تیاری کے بعد اُردو بھی انگریزی اور دیگر زبانوں کے برابر جگہ لے گی اور نیٹ پر آسانی سے سفر کرنے کے قابل ہو جائے گی۔مائیکروسافٹ جیسا ادارہ بھی کسی ایسے اُردو فانٹ کو زیر استعمال لانے میں مشکل محسوس کرتا ہے جو GIF کی بنیاد پر کام کرے۔اُردو آفس اور ونڈوز کے لیے بھی ایک ایسے معیاری نستعلیق فانٹ کی ضرورت ہے جو بٹ کی بنیاد پر اور یونی کوڈ کی معاونت سے کام کر سکے۔مقتدرہ نے اسی خاطر یونی کوڈ جیسے عالمی ادارے کی رکنیت حاصل کر رکھی ہے۔جس کے ورژن ۴۔۰۰ میں بعض حروف اور علامات مقتدرہ کی سفارشات کی روشنی میں شامل کی گئی ہیں۔اب نستعلیق فانٹ کے بعد بھی بعض علامات اور نقاط پر یونی کوڈ کی معاونت درکار ہوگی۔

کمپیوٹیشنل گرامر

دنیا بھر میں متعدد کوششوں کے باوجود انگریزی سے اُردو میں مشین ٹرانسلیشن کے سافٹ ویئر بنانے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ کسی معیاری اُردو کمپیوٹیشنل گرامر کی عدم دستیابی ہے۔اُردو چونکہ ایک موضوعی زبان ہے اس لیے اس کے تکنیکی قواعد انگریزی کے قواعد کے ضابطوں پر منطبق کرنا بے حد مشکل ہے اور تقریباً ناقابل عمل کام ہے۔اس لیے کمپیوٹر پر مشینی ترجمہ کاری سے قبل ضروری ہے کہ کوئی ماہر لسانیات جدید ٹیکنالوجی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک کمپیوٹیشنل گرامر تحریر کرے تاکہ اسے بنیاد بنا کر ماہرین کمپیوٹر کے اُردو میں آمدہ مسائل حل کر سکیں۔

مشین ٹرانسلیشن (مشینی ترجمہ) (انگریزی، اُردو)

مشینی ترجمہ کی اہمیت بین الاقوامی سطح پر ایک مسلمہ حقیقت کی شکل اختیار کر چکی ہے۔اس لیے جب تک انگریزی سے اُردو میں مشینی ترجمہ کی روایت کا آغاز نہیں ہو جاتا، اس وقت تک جدید علوم کا اُردو میں فوری حصول ناممکن ہے۔اس لیے اس اہم ترین ضرورت کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے اس پراجیکٹ میں دیگر معیارات

کے ساتھ مشینی ترجمہ کا منصوبہ بھی رکھا گیا ہے جو کم از کم دفتری ضروریات کو تکنیکی سطح پر پورا کر سکے۔

ستمبر ۲۰۰۵ء سے اُردو آفس اور ونڈوز کے اجراء کے موقع پر اس بنیادی فرہنگ کی اشاعت مقتدرہ کی طرف سے کی گئی جو معیار بندی کے لیے بنیاد کا کام دے رہی ہے اور دیگر کمپیوٹر ایپلی کیشنز کی اُردو میں تیاری کے لیے بھی ایک عالمی ذخیرہ اور معیار کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ یقیناً یہ فرہنگ اپنی نوعیت کی پہلی کاوش ہے۔ عالمی سطح پر اُردو کے تکنیکی فروغ اور ترقی کے لیے یہ فرہنگ ناگزیر حیثیت رکھتی ہے۔

("اخبارِ اُردو"، اسلام آباد، ستمبر ۲۰۰۵ء)

۶

کمپیوٹر کے لیے اُردو الفاظ سازی
(بنیادی مسائل)

اُردو میں مائیکروسافٹ کی ایپلی کیشن خاص طور پر آفس ۲۰۰۳ء اور ونڈوز ایکس پی/ سٹارٹر ایڈیشن کو اُردو میں منتقل کرنے اور یوں کمپیوٹر سکرین کو اُردو کی صورت دینے کے دوران میں کئی قسم کی مشکلات اور مسائل سے واسطہ پڑا۔ جن کا لب لباب کچھ یوں ہیں:

اُردو کے بارے میں بعض مقولات بنیادی طور پر غلط فہمی اور خوش فہمی پر مبنی ہیں۔ مثلاً یہ کہ:

۱۔ **اُردو کوئی لشکری یا کھچڑی سی زبان ہے۔ اس کے کوئی با قاعدہ قواعد وضوابط نہیں اور ہر طرح کی آمیزش بلا کسی تردد کے اس میں کی جا سکتی ہے،** ایسا نہیں۔ اُردو ایک باقاعدہ زبان ہے جسے اس دور کی اعلیٰ سول سوسائٹی نے تشکیل دیا جب یہ زبان پروان چڑھ رہی تھی۔ اس کے قواعد و ضوابط باقاعدہ طور پر موجود ہیں۔ الفاظ سازی کے اصول طے شدہ ہیں۔ یہ الگ بات کہ ہمارے اکثر اُردو دان ان سے آشنا نہیں۔

۲۔ **اُردو میں ابلاغ کی مکمل صلاحیت پہلے سے موجود ہے اور اس میں ہر بات بیان کی جا سکتی ہے۔** یہ بات محض خوش فہمی کا نتیجہ ہے۔ اُردو ایک موضوعی (Subjective) زبان بنا دی گئی ہے۔ اس میں ہر فرد اپنی مرضی استعمال کرتا ہے۔ خاص طور پر تراجم اور تکنیکی ابلاغ کے حوالے سے یہ بات طے شدہ ہے کہ اُردو میں ابلاغ و بیان میں ابتری پائی جاتی ہے۔ چنانچہ مشینی سطح پر دنیا کی دوسری بڑی زبانوں مثلاً انگریزی، فرانسیسی، جرمن، عربی وغیرہ کے ساتھ اس کو موازن نہیں کیا جا سکتا۔ اُردو میں پہلے سے ابلاغ کی ہر سطح کی صلاحیت کیونکر ممکن ہے۔ جب تک کہ کسی خاص میدان کے لوگ اسے اپنے موضوع اور مضمون کے حوالے سے اس کام لیے تیار اور استعمال نہیں کرتے۔

۳۔ **اُردو میں تراجم کو آسان/ عام فہم اور براہ راست ابلاغ کا حامل ہونا چاہیئے۔ بات سمجھ میں آنی چاہیئے۔** یہ غلط فہمی اس پہلو سے قابلِ گرفت ہے کہ ابلاغ کی سطح کا خیال رکھے بغیر اور علمی

گفتگو کو عام آدمی کے فہم کے ساتھ منطبق کر کے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اُردو ہر مضمون کے لیے سہل اور آسان بیان پیش کرے۔ یہ آسان کرنے کی فرمایش یعنی آسان بیان کی کوشش محض صحافتی نوعیت کی ہوتی ہے۔ جو کا مقصد معلومات کو عام آدمی تک پہنچانا ہوتا ہے۔ چونکہ عام آدمی کا ذخیرہ الفاظ محدود ہوتا ہے۔ اس لیے ہر قسم کا مضمون اس محدود ذخیرے کے اندر بیان ہو۔ علمی اور تکنیکی سطح پر ایسا ممکن نہیں ہے۔ علمی اور تکنیکی زبان محض خواص کے لیے ہوتی ہے اور اسے انگریزی میں بھی زبان برائے خصوصی مقاصد (LSP) کا نام دیا جاتا ہے۔ انگریزی میں بھی علمی زبان براہ راست سمجھ میں نہیں آ سکتی جب تک کہ اس کی مخصوص اصطلاحات کا مخصوص مفہوم جان نہ لیا جائے۔ صحافتی زبان کا مطلب یہ ہے کہ لفظ عمومی معنی کو بیان کرے جبکہ علمی زبان میں لفظ خصوصی معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

اب سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ علم کی اکائیاں بنیادی تصورات ہیں۔ دنیا بھر میں ڈھائی سو سے زائد علوم وفنون ہیں، جن کی تصوراتی اکائیوں کو ایک جرمن محقق نے گن کر ان کی تعداد ایک کروڑ ستر لاکھ بتائی ہے۔ علمی دنیا میں یہ ضروری ہے کہ ہر تصور علیحدہ اصطلاح کی صورت میں بیان ہو۔ چنانچہ ایک کروڑ ستر لاکھ (۱۷،۰۰۰،۰۰۰) اصطلاحات درکار ہیں۔ مجبوری یہ ہے کہ دنیا کی کسی بھی زبان میں بنیادی الفاظ زیادہ سے زیادہ ساٹھ ہزار ہیں۔ ادبی دنیا ان میں سے پندرہ سے بیس ہزار الفاظ استعمال کرتی ہے۔ شیکسپیئر نے، جسے دنیا میں زیادہ الفاظ استعمال کرنے والا سب سے بڑا ادیب سمجھا جاتا ہے، کل بائیس ہزار الفاظ استعمال کیے ہیں۔ صحافتی دنیا اپنا کام دس ہزار الفاظ سے چلا لیتی ہے۔ روزانہ بات چیت اور بنیادی ضرورتوں کے لیے پندرہ سو الفاظ کا ذخیرہ کافی ہوتا ہے۔

یونیسکو کی سفارشات کے مطابق کسی بھی زبان میں اگر تین لاکھ اصطلاحات کا ذخیرہ موجود ہو تو وہ علمی مطالب بیان کرنے کے قابل ہوتی ہے۔ لکسمبرگ کے ایک اصطلاحی مرکز (یورپی یونین) کے مطابق انگریزی میں اصطلاحات کا ذخیرہ پانچ لاکھ ساٹھ ہزار ہے۔ علمی مطالب تو کروڑوں ہیں چنانچہ علمی دنیا نے مخففات پر انحصار کرنا شروع کیا تو یہ تعداد ایک لاکھ دس ہزار ہوئی۔ ہر سال انگریزی اصطلاحات میں کوئی دو ہزار کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ انگریزی زبان مخففات سمیت سات لاکھ کی تعداد کو چھوتی ہے۔ پھر ہر اصطلاح کئی کئی میدانوں میں متعدد معنی کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ جیسے Culture کی اصطلاح ۱۴۸ معنی میں استعمال ہوتی ہے۔ گویا سات لاکھ اصطلاحیں چالیس پچاس لاکھ تصورات کو بیان کرتی ہوں گی۔ اس سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ابھی کروڑوں تصورات کے بیان کے لیے انگریزی بھی ناکافی ہے۔ اُردو میں کل ذخیرہ اصطلاحات (قدیم وجدید) ابھی تک دو تا ڈھائی لاکھ ہے جبکہ اُردو کے بنیادی الفاظ کی تعداد صرف بتیس ہزار ہے۔ کیا اسی بل بوتے پر ہم اُردو کو علمی اور تکنیکی زبان بنانے کا عزم رکھتے ہیں؟

مخصوص اور خصوصی مطالب کو بیان کرنے کے لیے مخصوص الفاظ اور خاص زبان کی ضرورت ہوتی ہے۔ خاص زبان صرف ماہرین کی زبان ہوتی ہے جو رفتہ رفتہ چھن چھن کر تھوڑی بہت حد تک عام زبان میں شامل ہوتی رہتی ہے۔ اس لیے یہ توقع کرنا کہ خاص زبان کے تصورات/ مفاہیم عام زبان میں ادا ہو سکیں تقریباً ناممکن ہے۔ خاص زبان ماہرین کے باہمی ابلاغ کے لیے ہوتی ہے، عوام کے ساتھ ابلاغ کے لیے نہیں۔ اس لیے جب کوئی عام فرد کسی خاص موضوع/مضمون/ میدان میں کچھ سیکھنا چاہتا ہے تو اسے اس میدان کے تصورات، مفاہیم اور ان کے لیے وضع کردہ اصطلاحات سے واقفیت حاصل کرنا ہوتی ہے۔

خاص زبان کے لیے اصطلاحات سازی کا کام بھی عمومی لفظ سازی کے اصولوں پر نہیں ہوتا۔ علمی زبان کے الفاظ قرارداد (Convention) کے ذریعے طے کیے جاتے ہیں۔ خاص الفاظ سازی کا یہ حق بھی محض زبان دانوں، ادیبوں اور شاعروں کو نہیں بلکہ اصل کام کرنے والے موجدوں، دریافت کنندوں، استادوں، محققوں، مقالہ نگاروں اور ان مقالہ جات کے خاص مترجموں کو حاصل ہوتے ہیں۔

ان حوالوں سے اگر ہم دیکھیں تو زبان کو آسان بنانے اور عام فہمی کا اصول محض زبان کے نادان دوستوں کا مطالبہ رہ جاتا ہے یا پھر ان لوگوں کا پراپیگنڈہ/ہتھیار ہے جو نہیں چاہتے کہ اُردو زبان علمی طور پر ترقی کرے اور یہ محض ادبی اور صحافتی دنیا تک محدود ہو کر رہ جائے یعنی بس مطلب بیان ہو، تصورات کی تفہیم نہ ہو۔

ترجمہ کاری میں یہ پہلو اور بھی خطرناک صورت اختیار کر لیتا ہے۔ ادبی وصحافتی تراجم سے قطع نظر علمی اور تکنیکی میدانوں میں ترجمے کا کام عام طور پر دو طرح سے انجام پاتا ہے۔ ایک انفرادی مترجمین جو زیادہ تر اپنی مرضی کے تراجم سامنے لاتے ہیں اور اپنے من پسند الفاظ شامل کرتے ہیں۔ دوسرے ادارہ جاتی طریقے جن میں مجالس اور کام کی کئی تہیں ہوتی ہیں اور وہاں بنیادی فرہنگیں بطور معیار، یکسانیت استعمال کی جاتی ہیں۔

ان تراجم میں بھی دو بڑے رجحانات عام ہیں۔ ایک زبان کے تخلیص پسند مترجمین جو ہر مترادف عربی، فارسی ذخیرے سے ڈھونڈتے ہیں یا بہت ہوا تو کوئی مقامی لفظ شامل کر لیں۔ دوسرے لفظی تارید یا اُردوانے کا عمل انجام دینے والے لوگ جو انگریزی اصطلاحوں کو بجنسہ رکھنے کے حامی ہیں۔ دونوں انتہائیں تکنیکی زبان وضع کرنے کے لیے قابل قبول نہیں۔ خاص طور پر کمپیوٹر سائنس میں ان سے کام نہیں چلتا۔ عربی، فارسی خود بھی تعریب اور تفریس پر گزارا کر رہی ہیں اور انگریزی الفاظ کو جوں کا توں لینے میں ان سے دیگر صورتیں اور وضعیں ممکن نہیں۔ ایک امتزاجی صورت ہی سے اس چیلنج سے عہدہ برآ ہوا جا سکتا ہے۔

تکنیکی زبان نہ تو ادبی محضر پر انحصار کر سکتی ہے اور نہ صحافتی انداز اپنا سکتی ہے۔ ادبی زبان میں ایک لفظ میں معنی کے دریا بہائے جا سکتے ہیں اور قاری اپنی مرضی کے مطالب اخذ کرتا ہے جبکہ تکنیکی زبان ایک لفظ کے ایک ہی معنی کو ملحوظ رکھنا چاہتی ہے۔ چونکہ ایسا ممکن نہیں کہ ایک کروڑ ستر لاکھ تصورات کے لیے ایک کروڑ

ستر لاکھ الفاظ وضع ہوسکیں، اس لیے زبان کے بنیادی الفاظ ہی کومختلف میدانوں میں مختلف معنی کے لیے استعمال کرلیا جاتا ہے۔اس عمل کے لیے معیار بندی کا سہارا لیا جاتا ہے۔

معیار بندی صرف لغات اور فرہنگیں مرتب کر دینے کا نام نہیں۔علمی یکسانیت،تصورات اور بیان میں مغالطہ ربائی، درست عملی تفہیم اور تبادلہ علم کے ساتھ ساتھ عالمی تربیت اور کاروباری بہتری کے لیے بھی الفاظ اور اصطلاحات کی معیار بندی ضروری ہوتی ہے۔ یہ معیار بندی لفظوں کے معنی طے کیے یعنی قرارداد کا سہارا لیے بغیر ممکن نہیں ہوتی۔قرارداد کی ایک مثال یہ ہے کہ اگر Cat کے لیے اُردو میں "بلی" کامفہوم ہے تو حیوانیات میں بلی کی قسم کے لیے مختلف جانوروں کو ایک خاندان سمجھنے کے لیے بھی یہی لفظ استعمال کرنا اہل علم کے درمیان علمی تفہیم میں مغالطہ پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔اب اگر ایک پروفیسر لفظ "بلی" کہے اور دوسرا اس سے "خاندان بلی" مراد لے جبکہ پہلے کا مقصود وہ نہ ہو یعنی Felidae کو "خاندان بلی" کہا جائے جبکہ لازم نہیں کہ اس میں شامل کوئی نوع "بلی" ہو تو دونوں کے درمیان ابلاغ نہ ہو سکے گا۔اسی طرح اگر "dog" کی مثال لی جائے تو dog family کے لیے لاطینی کا سہارا لے کر Canidae کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے جبکہ کمپیوٹر سائنس میں dog کا لفظ تیرہ عدد رکھنے والے اعشاری ہندسے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ یہاں "کتے" کا مفہوم بالکل موجود نہیں۔یہ معنی طے کرنے کا یہ طریق کار قرارداد (Convention) کہلاتا ہے یعنی یہاں معانی "طے" کیے گئے ہیں،لفظ میں موجود نہیں۔

مائیکروسافٹ کی کمپیوٹر اپلی کیشنوں کے لیے الفاظ اور جملوں کو ترجمہ کرنے کے دوران میں جن مسائل اور مشکلوں سے واسطہ پڑا ان میں مندرجہ بالا کے علاوہ خاص طور پر مندرجہ ذیل امور شامل تھے:۔

۱۔ عدم یکسانیت، ابتری اور بے قاعدگی۔اس سے بچنے کے لیے بنیادی ترجمہ کاری آلہ "فرہنگ" کی تیاری ضروری تھی۔

۲۔ کوئی بھی جملہ انگریزی جملے سے مقدار میں (حروف کی تعداد) میں دس فی صد سے زیادہ نہ ہو۔

۳۔ انگریزی جملوں کے درمیان آنے والی قوسین۔جن کے اندر کسی پروگرام/ اپلی کیشن کا نام درج ہو، اُردو میں بھی اسی مقام پر آئیں اور ہر لفظ کا ترجمہ دیا جائے۔خاص طور پر حروف The, a, an کا ترجمہ بعض اوقات ممکن نہیں ہوتا کہ اُردو میں شامل کیا جائے مثلاً اس جملے کا ترجمہ ملاحظہ ہو:

The <MS Office> is user friendly programe.

یہ <MS Office> ایک صارف دوست پروگرام ہے۔

اس جملے میں The کا ترجمہ ضروری نہیں تھا،لیکن اگر ایسا نہ کیا جاتا تو قوسین میں دیا ہوا انگریزی لفظ انتہائی بائیں طرف چلا جاتا۔چنانچہ "یہ" کا لفظ اضافہ کیا گیا۔

۴۔ انگریزی میں افعال (Verbs) کے بارہ زمانے اور اُردو کے متعدد افعال (۵۶) میں کس طرح منتقل کیے جائیں اور ان میں سیاق وسباق کے لحاظ سے بہترین جملے کا انتخاب کیسے کیا جائے۔ مثلا اس جملے کے متعدد تراجم ممکن ہیں:

The birds would be flying.

پرندے اڑتے ہوں گے/ پرندے اڑ رہے ہوں گے/ پرندے اڑتے چلے جا رہے ہوں گے۔

سیاق وسباق کے لحاظ سے آخری جملہ درست ہے مگر اس میں انگریزی کے ایک verb کے مقابلے میں اُردو کے پانچ افعال اڑنا، چلنا، جانا، رہنا، ہونا استعمال ہوتے ہیں۔ خود کار کمپیوٹر کیوں کر ایسا کر سکتا ہے۔

افعال کی تذکیر و تانیث، واحد، جمع اور امالہ اور متعلق فعل کی صورت بھی مشکل میں ڈالتی ہے۔ مثلا:

جاتا، جاتی، جاتے، جاتیں، جاتے ہوئے، جاتے جاتے۔

ایک لفظ next کے کئی تراجم "اگلا، اگلے، اگلی، اگلوں، آگے" وغیرہ ممکن ہیں۔ ان میں سے کسی ایک لفظ کا انتخاب کیوں کر ممکن ہے جو ہر قسم کی صورت حال میں استعمال کیا جا سکے۔

۵۔ انگریزی مرکب جملے میں مختلف اجزا اُردو میں اسی نحوی ترکیب کے ساتھ مرقع نہیں ہوتے۔ اس مقصد کے لیے مائیکروسافٹ نے ہمیں جو خصوصی سافٹ ویئر Helium بنا کر دیا، اس سے قدرے سہولت حاصل ہوئی لیکن موقع محل کی مناسبت اور انحصار (Situation Dependency) کے لیے بہت محنت کرنا پڑتی تھی۔

۶۔ اُردو لفظ کی طوالت دس حروف سے زیادہ نہ ہو۔ اسے بھی کسی نہ کسی صورت ملحوظ رکھا گیا۔

۷۔ اُردو میں موضوعیت کو کم سے کم کیا جائے، اس کے لیے ایک معیاری فرہنگ وضع کی گئی۔ بعض امکانی پسند کو محدود کر دیا گیا جیسے دیکھو، دیکھیں، دیکھیے = See

ان میں سے "دیکھیں" کو معیار قرار دیا گیا۔

تلاش، تلاش کریں اور تلاش کرنا = Search

ان میں سے "تلاش" کو بٹن پر اور "تلاش کریں" کو دریچے میں استعمال کیا گیا۔

۸۔ کئی صورتوں میں اسم اور فعل ایک سے ہوتے ہیں، جیسے Searching "تلاش"، "تلاش کرنا"، "تلاش کر رہا ہے"۔ مفہوم کو سمجھنا اور اس کے مطابق مترادف فراہم کرنا ضروری ہوتا ہے۔

کمپیوٹر کی اپیلی کیشنوں کے لیے مترادفات تلاش کرنا آسان کام نہیں۔ ذیل کی مثالوں میں ایسے الفاظ کے گروہ دیے گئے ہیں جو بظاہر یکساں مفہوم رکھتے ہیں اور ان کے لیے ایک سے اُردو مترادفات کا

استعمال ممکن ہے۔مگران میں سے ہر ایک کا وظیفہ (Function) مختلف ہے۔اس لیے ہر ایک کے لیے الگ الگ لفظ درکار ہے۔اس میں مترجم کے ذاتی پسند ناپسند کو بھی دخل ہوسکتا ہےمگر معیار بندی ان کی اجازت نہیں دیتی، اس لیےقرارداد یا متعین الفاظ کا سہارا لینا پڑتا ہے۔اب یہ قرارداد کون کرے، کوئی فرد یا ادارہ؟ لازم ہے کہ ادارہ ورنہ "موضوعیت" کا راستہ نہیں رک سکتا۔

1. Show, Display, Presentation, Exhibition.
2. Find, Search, Explore, Surfing,
3. Location, Place, Space, Memory
4. Point, Dot, Period
5. Event, Situation
6. Top, Over, Upper, Above, On
7. Bottom, Down, Under, Below, Beneath
8. Change, Replace, Convert,
9. Correct, Rectify, Adjust,
10. Exact, Precise
11. Back, Backward, Behind
12. Job, Task, Tasks, Work
13. Advance, High
14. Alert, Warning
15. Allow, Permit
16 Action, Verb
17. Apply, Paste, Connect
18. Complete, Finish, Over
19. Confirm, Certified, Authorised, Verified
20. Custom, Customize, Specify
21. Choose, Select
22. Instrument, Tool, Device
23. Fixing, Correcting, Rectifying

ان میں سے کئی الفاظ ایسے ہیں جن کے معنی لغت میں کچھ اور ہیں مگر کمپیوٹر سائنس نے ان کے لیے اپنے مخصوص معنی متعین کرر کھے ہیں یعنی قرارداد کا عمل کیا ہے۔اُردو میں ان کے مترادفات کچھ یوں وضع کیے گئے۔ملاحظہ ہوں۔

	Word	Lexical Meanings	Covened Meanings
1.	By default	ازنقص/ازروئے خرابی	طے شدہ
2.	Archive	درمحراب/درطاقچہ	محفوظہ
3.	Arguments	دلائل/استدلال	براہین
4.	Bridge	پل	برج
5.	Character	حرف،خوبی،کردار	کریکٹر
6.	Child	بچہ	تابع
7.	Animation	حیوان داری	حرکت اندازی
8.	Browsing	چارا کھانا	براؤز کرنا
9.	Surfing	برموج ہونا	سرفنگ
10.	Show	دکھانا	نمایش کرنا
11.	Display	دکھانا	دکھانا
12.	Presentation	اظہار/پیشکش	پیش کش
13.	Exhibition	نمایش	نمایش
14.	Find	تلاش کرنا	ڈھونڈنا
15.	Search	تلاش کرنا	تلاش کرنا
16.	Explore	تلاش کرنا	ایکسپلور کرنا
17.	Surfing	تلاش کرنا	سرفنگ کرنا
18.	Location	جگہ	جگہ
19.	Place	جگہ	جگہ
20.	Space	جگہ	گنجایش
21.	Memory	یادداشت	میموری
22.	Point	مقام/نقطہ/جگہ	نقطہ/نکتہ/پوائنٹ
23.	Dot	نقطہ	ڈاٹ

24.	Dash	چھوٹا نقطہ	ڈیش
25.	Event	وقوعہ/موقع	وقوعہ
26.	Situation	صورت حال/موقع	موقع محل
27.	Top	اوپر	بالا
28.	Over	اوپر/پر	بر
29.	Above	اوپر	پر
30.	On	پر	بر
31.	Bottom	پینڈا	پایان
32.	Down	نیچے	نیچے/پست
33.	Under	نیچے	تحت
34.	Below	نیچے	نیچے
35.	Beneath	نیچے	نیچے
36.	Change	بدلنا	تبدیل کرنا
37.	Replace	بدلنا	بدلیں
38.	Convert	بدلنا	ادل بدل کرنا
39.	Correct	صحیح کرنا	صحیح کرنا
40.	Rectify	صحیح کرنا	تصحیح کرنا
41.	Fix	صحیح کرنا	درست کرنا
42.	Adjust	صحیح کرنا	بمطابق بنانا
43.	Exact	صحیح	درست
44.	Precise	صحیح	عین
45.	Back	پیچھے	واپس
46.	Backward	پیچھے کو/پسماندہ	پیچھے
47.	Behind	پیچھے	عقب

48.	Work	کام	کار
49.	Task	کام	کام
50.	Tasks	کام	مجموعہ کار
51.	Advance	اعلیٰ	ایڈوانس/اعلیٰ
52.	High	اعلیٰ	اعلیٰ
53.	Alert	ہشیار	انتباہ
54.	Warning	تنبیہ	تنبیہ
55.	Allow	اجازت دینا	اجازت دینا
56.	Permit	اجازت دینا	اجازت دینا
57.	Action	فعل	عمل
58.	Verb	فعل	فعل
59.	Apply	جوڑیں	لگائیں
60.	Paste	جوڑنا/لگانا	جوڑنا
61.	Connect	جوڑنا	جڑنا
62.	Complete	مکمل کرنا	مکمل کرنا
63.	Finish	ختم کرنا	تکمیل کرنا
64.	Over	مکمل/تمام	ختم
65.	Confirm	تصدیق کرنا	توثیق کرنا
66.	Certified	تصدیق شدہ	تصدیق شدہ
67.	Authorised	تصدیق شدہ	مجاز
68.	Verified	تصدیق شدہ	توثیق شدہ
69.	Custom	مخصوص کرنا	مخصوص
70.	Customise	مخصوص بنانا	اختصاص کرنا
71.	Specify	مخصوص بنانا	تخصیص کرنا

72.	Choose	منتخب کرنا	انتخاب کرنا
73.	Select	منتخب کرنا	منتخب کرنا
74.	Instrument	اوزار	آلہ
75.	Tool	اوزار	ٹول
76.	Device	اوزار	آلہ
77.	Fixing	درست کرنا	درست کرنا
78.	Correcting	درست کرنا	تصحیح کرنا
79.	Rectifying	درست کرنا	صحیح کرنا

ان میں سے بعض متعین کردہ اُردو مترادفات سے مجھے بھی ذاتی طور پر اختلاف ہے۔ لیکن جب معیار بندی کا کام اداروں کے کرنے کا ٹھہرا تو میری ذاتی رائے خواہ کچھ بھی ہو اصولی طور پر میں اس تکنیکی مجلس کی وضع کردہ فرہنگ سے متفق ہوں۔ یہی طریق کار معیار بندی کے عالمی اداروں Unicode،ISO وغیرہ میں برتا جاتا ہے۔ جب تک میری رائے یہ تکنیکی مجلس منظور کر کے اگلے ایڈیشن میں شامل نہیں کر لیتی۔ مجھے عملاً اسی کی منظوری سے متفق رہنا ہے۔ چنانچہ مقتدرہ نے اس معیاری آلے یا فرہنگ کو Electronic Dictionary of Localization of Computer Applications کے نام سے شائع کر دیا ہے۔ معیار بندی اور یکسانیت کے لیے یہ فرہنگ بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ انھی بنیادوں پر مائیکروسافٹ نے مجھ سے Style Guide، معیاری آلے کے طور پر Glossary اور Polycheck جیسے معیارات کی تکمیل کرائی جو وسٹا(Vista) اور دیگر سافٹ ویئر کے تراجم کے لیے بنیاد ٹھہرے۔

(۲۸۔ اگست ۲۰۰۵ء کو IBA کے عالمی سیمینار منعقدہ پرل کانٹی نینٹل ہوٹل کراچی اور ۲۹۔ اگست ۲۰۰۵ء کو مائیکروسافٹ کے پیش منظری اجلاس منعقدہ میریٹ ہوٹل کراچی میں پیش کیا گیا۔ "اخبارِ اُردو"، اسلام آباد میں اکتوبر ۲۰۰۵ء کو شائع ہوا اور جولائی ۲۰۰۸ء میں نظر ثانی کی گئی۔)

۷

اُردو میں ابلاغ اور جدید اطلاعیات

ہم اپنی بات کا آغاز اس خوشخبری سے کرتے ہیں کہ ہم نے کمپیوٹر سکرین کو اُردو میں بدل دیا ہے۔ مائیکروسافٹ ونڈوز ایکس پی اور سٹارٹر ایڈیشن نیز آفس ۲۰۰۳ء اب اُردو میں ہیں اور کمپیوٹر سیکھنے کے لیے انگریزی جاننا، ای میل یا ویب سائٹ قائم کرنے کے لیے حتیٰ کہ ویب سائٹ کا پتا (www) لکھنے کے لیے بھی اب رومن حروف درکار نہیں۔ اسی طرح موبائل فون نوکیا، موٹورولا بھی اب اُردو میں دستیاب ہیں۔ وسٹا (Vista) اُردو میں آرہی ہے۔ جدید اطلاعیات (Informatics) کے حوالے سے ابلاغیات میں یہ بہت بڑا انقلاب ہے اور ہم یہ انقلاب لا چکے ہیں۔

دنیا کی چار ہزار زبانوں میں سے صرف ۲۶ زبانیں ابھی تک کمپیوٹر کے ذریعے انٹرنیٹ پر آسکی ہیں اور صرف ۳۳ زبانوں کے مشینی ترجمہ کے سافٹ ویئر بن سکے ہیں۔ جبکہ دنیا میں ۶۶ زبانیں دفتری اور تعلیمی ضروریات پوری کر رہی ہیں۔ رسمِ خط کے لحاظ سے ابھی تک ساٹھ رسومِ خط تسلیم ہو سکے ہیں۔ دنیا کی زبانوں کو جدید ٹیکنالوجی کا دیو ہڑپ کیے جا رہا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اب صرف وہ زبان باقی بچے گی جو جدید اطلاعیات کی ٹیکنالوجی میں استعمال ہوگی۔ باقی زبانیں علمی دنیا سے حرفِ غلط کی طرح مٹ جائیں گی۔ یہ بات نوشتہ دیوار کی طرح اٹل ہے۔ اُردو کے حوالے سے تو اب یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ اُردو اطلاعیات ہی اُردو کا مستقبل ہے۔

دنیا بھر میں اس شاہراہِ اطلاعیات نے دانش، تفکر، علم اور ابلاغ کے راستے ہی بدل ڈالے ہیں۔ کمپیوٹر اب تدریس کا بھی اور تحریر وصوت کا بھی سب سے بڑا واسطہ (Medium) بن چکا ہے اور بہت جلد شاعر اور نثر نگار کی جگہ بھی لینے والا ہے۔ کبوتر کی طرح محض آنکھیں بند کر لینے سے اس کا جادو سر چڑھ کر بولنے سے نہیں رہ سکتا۔ یہ باتیں ایک ان دیکھی طلسماتی دنیا کی لگتی ہیں۔ یوں لگتا ہے کہ ہزار سال پہلے کی ہزار داستان کا الف لیلوی ماحول اپنا حقیقی آغاز کر چکا ہے۔

اس بحث سے قطع نظر کہ ہماری زبان، ادب اور ثقافت کو اپنے ابلاغ کے لیے اُردو کے اس نئے واسطے کی ضرورت ہے یا نہیں اور آیا یہ آزاد فضا میں غیر ترقیاتی انداز میں زندہ رہ سکتی ہے یا نہیں، ہمیں اُردو کو اس جدید ٹیکنالوجی کے حوالے سے دیکھنے کی کوشش کرنا ہوگی۔

اُردو اطلاعیات کا شعبہ ۱۹۹۸ء سے کام کر رہا ہے اور اس میں کام کرتے ہوئے میں اگلے پچاس برس بعد کی اُردو کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا، کانوں سے سُن رہا اور اگر کہیں تو زبان سے بول رہا ہوں۔ **"پاکستانی اُردو کے خدوخال"** میں جس "اُردش" قسم کی زبان کی پیش گوئی کی تھی، وہ اکیسویں صدی کے آغاز ہی میں اک کڑی دھوپ بن کر ہمارے سروں پر آ گئی ہے۔ جس ادبی محضر (Literary Discourse) میں ہم نے تربیتِ مطالعہ وتحریر پائی تھی، نئی نسلوں میں اس کا قاری عنقا ہو گیا ہے اور اب وہ نیا قاری جس زبان کا عادی ہو چکا ہے، ہمارا شاعر اور ادیب اس میں اظہار کی راہ نہیں پا رہا۔ قلم سے کاغذ پر لکھنے والے کلیدی تختے، برقیاتی گتے اور صوت نگار کی سان پر نہیں چڑھ رہے۔ ہم جس ادبی محضر اور علمی کینڈے (Academic Genre) کی بات بیسویں صدی میں کرتے تھے، وہ اک قصہء پارینہ بن چکا ہے۔ حرف اور عبارت کا جو واسطہ ہمارے زیرِ استعمال رہا ہے، اگلی نصف صدی میں شاید اس کی ضرورت ہی ختم ہو جائے۔ متن تا صوت اور صوت تا متن کی تمام ترمنتقلی کا کام کمپیوٹر سنبھال لے گا۔ ایک اندازے کے مطابق ہر ڈیڑھ سال بعد کمپیوٹر کا سائز دوگنا چھوٹا اور قوت دوگنا زیادہ ہو جاتی ہے۔ ایک چوتھائی صدی پہلے کے بڑے بڑے الماری نما کمپیوٹر بیسویں صدی کے آخر میں صرف میز پر اور اکیسویں صدی کے آغاز پر ہتھیلی میں آ چکے ہیں۔ اب اگلے عشرے تک یہ کان اور آنکھ پر اور اس کے بعد کے دو عشروں بعد صرف دماغ کے اندر نصب ہو جائیں گے۔ تب شاید انتقال وابلاغ کے لیے بول چال کی ضرورت بھی باقی نہیں رہے گی۔

ایسے میں اُردو کی صورت کیا ہو، اس کے ادبی وعلمی پہلوؤں کی تدریس کا اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا، اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

جدید اطلاعیات کا یہ الف لیلوی جنّ بوتل سے باہر آ چکا ہے مگر اس سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ کوئی الہ دین ضرور ہوگا جو اس جنّ کو غلامی پر مجبور کر دے گا۔ یہ کام تو ہم سب کے کرنے کا ہے لیکن اگر سب ایسا نہیں کر سکتے تو کم از کم اخلاقی سطح پر اس الہ دین کو تقویت ہی بہم پہنچاتے رہیں۔ یہی اُردو کے حق میں بہتر ہے۔ وگرنہ اُردو کی داستاں تک بھی ۔۔۔۔۔

جدید ٹیکنالوجی کا یہ پہلو اُردو دوستوں سے دردمندی سے غور وفکر کا متقاضی ہے۔ اب تک ہم نے جن امور کو سطحی اور نچلے درجے کا سمجھا تھا اور آزاد فنون کی جن سطحوں کو بورژوائی مقام دے رکھا تھا، انھیں اتھل پتھل کرنے کی ضرورت ہے۔ سندھی لینگویج اتھارٹی اور پشتو اکیڈمی کو بھی میرا یہ مشورہ پہنچا تھا مگر ادبی نقار خانے اس نحیف طوطی کی آواز وہ شاید سن نہیں پا رہے۔

اُردو پر نوری نستعلیق کے حوالے سے ۱۹۸۰ء میں احمد مرزا جمیل کا ایک احسان ہوا۔ پھر بھارت میں "ان پیج" کے لفظ کار سافٹ ویئر سے ہماری کتابت کی بہت سی ضرورتیں پوری ہونے لگیں تو ہماری اکثریت مطمئن اور خوش ہو کر بیٹھ گئی کہ اُردو کمپیوٹر پر آ گئی ہے جبکہ وہ محض سکرین پر نظر آ رہی تھی۔ ہماری کتابیں اور

اخبارات اس پر دھڑا دھڑ چھپنے لگے۔ یہ حقیقت بہت کم لوگوں کو معلوم تھی کہ یہ سافٹ ویئر صرف لفظ کار ہیں، کمپیوٹر کار نہیں اور یہ صرف تصویری اساس پر عمل کرتے ہیں۔ یہ کمپیوٹر پر جگہ یا میموری ہزار گنا زیادہ گھیرتے ہیں۔ان کی رفتار انگریزی کے سافٹ ویئروں سے سو گنا کم ہے اور انٹرنیٹ/ ویب سائٹ/ ای میل وغیرہ کی دیگر ضرورتیں پوری نہیں کر پاتے۔ چنانچہ جب ہم نے کمپیوٹر سکرین پر اُردو کی جلد چڑھا دی تو مائیکروسافٹ نے اسے پیش کرنے کے لیے نسخ (تہامہ) فانٹ کا سہارا یہ کہہ کر لیا کہ ابھی نستعلیق کا کوئی موزوں کمپیوٹری فانٹ موجود نہیں۔ چنانچہ اک دوڑ لگ گئی۔اس سے پہلے نادرا کو شناختی کارڈ بنانے کے لیے اُردو کوائف کی تلاش کے لیے اُردو کے فانٹ کی ضرورت تھی۔ترتیب، تدوین اور پیش کش کے کئی مسائل درپیش تھے۔ کچھ طالع آزما کمپیوٹر سائنس کی دنیا سے اٹھے اور اُردو اطلاعیات کی اس لیڈرشپ پر قبضہ کرلیا۔ معاملات پھر بھی جوں کے توں رہے۔ضرورت اُردو کے ایسے ماہرِ لسان کی تھی جو ٹیکنالوجی کے ادق مسائل سے بھی واقف ہو اور نچلی سطح کے ان امور پر اعلیٰ تفکر و تدبر بھی کر سکے۔ اُردو کے ادیبوں اور پروفیسروں سے رجوع کیا گیا مگر وہاں تو انتقادی سطور پیش پیش تھیں اور صرف تفہیم و تشریح کی بات تھی۔ تجزیے، تقابل اور ڈیزائن تو کوسوں دور تھے۔ ایسا کام تو مستریوں اور کمپوڈروں کے کرنے کا تھا۔

مقتدرہ قومی زبان کا مرکز فضیلت برائے اُردو اطلاعیات اس میدان میں آگے بڑھا۔اس کے عزائم تو بہت بلند تھے۔ فی الوقت اس کی کارکردگی یہ ہے کہ اس نے مائیکروسافٹ جیسے اداروں کے ساتھ مل کر بہت سے معیاری اوزار وضع کیے ہیں، جن سے کمپیوٹر سکرین اُردو میں بدل لی ہے۔ اُردو میں ای میل ممکن ہوئی ہے۔ اُردو ویب سائٹ، برقیاتی کتاب، برقیاتی اشاعت اور برقیاتی رابطوں کی صورتیں سامنے آئی ہیں۔ ایک بنیادی اُردو فانٹ "پاک نستعلیق" کے نام سے ایجاد کیا گیا ہے، جو خالی حروف (Ghost Character) کی بنیاد پر تمام پاکستانی زبانوں کو ایک ہی وقت میں پیش کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ ان پیج سے نوے گنا تیز رفتار ہے اور ہزار گنا کم جگہ گھیرتا ہے۔اس میں خالی جگہ حروف + نقاط اور شوشے استعمال کیے گئے ہیں۔اب کوئی پاکستانی یا عربی حروف میں لکھی جانے والی زبان اس کی دسترس سے باہر نہیں۔ اس مرکز کی طرف سے اب مشینی ترجمے کا سافٹ ویئر پیش کیا جانے والا ہے۔ پہلا مرحلہ دفتری انگریزی اُردو کا ہے۔ اگلا مرحلہ سائنسی و تکنیکی، پھر صحافتی اور شاید آخری مرحلہ ادبی ترجمے کا ہوگا۔ لطف کی بات یہ ہے کہ تکنیکی ترجمے کا سافٹ ویئر بنانا آسان ہے اور ادبی ترجمہ سب سے مشکل کام ہے۔

ادیبوں کے لیے کمپیوٹر پر کام کرنے میں حائل کلیدی تختہ کو بہت جلد ختم کر کے "تحریری گتہ" بنا کر دیا جارہا ہے، جو قلم کاری کو کمپیوٹر کی لفظ کاری میں بدل دے گا اور یوں ادیب کاغذ کی بجائے براہ راست بلا کسی کلیدی تختے کے نوری قلم کے ذریعے سکرین پر لکھ سکیں گے اور اسے کسی بھی فانٹ میں تبدیل کر سکیں گے۔ تحریری دستاویزات عکسی (Scan) ہو کر لفظ کاری میں بدل سکیں گی۔ قدیم دستاویزات اور کتابیں آسانی سے

کمپیوٹر سے عمل کار ہوسکیں گی۔ اگلے مرحلوں میں ہاتھ کی بجائے آواز کے ذریعے تحریر اور تحریر سے بات چیت کا عمل بھی انجام دے لیا جائے گا۔

مرکز کا یہ پراجیکٹ بہت جلد انسٹی ٹیوٹ کا درجہ پانے والا ہے۔ جو اُردو اطلاعیات میں ماہرین تیار کرنے کے لیے مابعد ڈاکٹریٹ تک کی تدریس و تحقیق بھی انجام دے گا۔

اُردو کا ایک بہت بڑا ذخیرہ (Bank) وضع کیا جا رہا ہے جو ایک کوائفیہ (Database) کی صورت میں اُردو کے کسی لفظ، ترکیب، محاورے، جملے، مصرعے، شعر کو اس کے معنی، مفہوم، ربط، تعلق، تعدد، حوالے کے ساتھ مابعد لغات (Post-lexico graphic) امور کے طور پر پیش کر سکے گا۔ یہ عمل برعکس بھی ہو گا۔ یعنی خیال سے معنی کا سفر بھی۔ ایک اندازے کے مطابق اس میں ساڑھے تین لاکھ الفاظ و اصطلاحات، چھ کروڑ اشعار اور دو کروڑ سے زائد جملے اور فقرے ہوں گے۔ اُردو کا یہ کوائفیہ وضع کر لیا گیا ہے۔ اب صرف مطلوبہ معلومات/کوائف کا اندراج باقی ہے اور یہ سب کچھ مفت میسر ہے اور رہو گا۔

اُردو کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے تحقیقی و تدریسی امور کا احاطہ مندرجہ ذیل پہلوؤں سے کیا جانا چاہیئے:۔

۱۔رسم خط	۲۔متن	۳۔ترجمہ	۴۔صوتی رابطے
۵۔ذخائر	۶۔اشاعت	۷۔تدریس	۸۔تحقیق

رسمِ خط میں بہت سے امور شامل ہیں۔ جن کی تعریف، تصریح اور تحقیق درکار ہے۔ مرکز فضیلت اُردو کے حوالے سے نستعلیق رسمِ خط پر کام کر رہا ہے۔ اس کے دائرۂ کار میں حروف تہجی (صرف مصمتوں کی اکائیاں)، ابجد (مصمتوں اور مصوتوں کی بنیادی اکائیاں)، ہجا (ایک یا زائد مصمتے اور ایک مصوتے کا جوڑ)، ابوجدا (حروف و ہجا کا ملا جلا سینٹ)، ترسیمہ (مل کر لکھے گئے حروف جو ا، ر، د، و، پر ختم ہوں)، ترقیمہ (نشانات)، علامتیات، رموز اوقاف، ترتیبِ حروف، جوڑ کار (Joinder)، سمتِ تحریر، معنویاتِ حروف، اندازِ عبارت، فاصلِ تحریر، دندانے، شوشے، حرکات، صوتیاتی الفبائی حروف، ہندسے، فاصلِ تاریخ، کرنسی علامات، اضافی علامات، آرائش، فاصلہ جات، رجوعی نقلِ حرفی اور دیگر کئی متفرق امور شامل ہیں۔ جنھیں موضوعی کی بجائے معروضی اور رجوعی انداز میں معیار بند کرنا ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے عالمی معیارات وضع کیے جا رہے ہیں۔ حروفِ ابجد کی معیار بندی کی گئی ہے۔ کئی "رہنمائے وضع" بنائی گئی ہیں۔ عالمی ضابطوں کے لیے یونی کوڈ تک کی رکنیت حاصل کی گئی اور اس میں اُردو کے لیے تبدیلی کی کوششیں کی گئی ہیں۔

دوسرا مرحلہ ادخالِ متن کا ہے، جس سے الفاظ اور ان کی حد، بنیادی ذخیرہء الفاظ، مجازی ذخیرہء الفاظ، معجمی (تھیسارس کا) ذخیرہء الفاظ، معنویاتی روابط، معیاری املا، معیاری ہجے، صوتیے، مصوتے، مصمتے، سادہ جملے کی حدود، افعال اور زمانے اور ان میں استثنا، مرکب جملے کی جدولیں، حدودِ جملہ و حدودِ فقرہ، نحو، طے

شدہ (default) نحو، استثنا، متبادل نحو، کمپیوٹری لسانیات، کمپیوٹری ترتیبات، طرزیات (Syslistics)، تدوینِ متن، قواعد کی جنس، تعداد، املا کے لحاظ سے لفظ کی صورتیں، تصوریات (Conceptology)، معجمی یا تھیسارس کے حوالے سے معنوی تعلق، تلازماتِ لفظی (Word Associations)، معنویات کی سطحیں، بول چال کے سانچے (Registers)، کینڈے (Genres)، متنیت (Textuality)، توسل (Mediation)، زبانی وتحریری محضری اور ثقافتی انداز اور تجزیے، وضعی، لغوی اور مستعمل صورتیں، کمپیو نظم کے سانچے (صدر، ضرب، ردیف، وزن، بحور)، کمپیوانشا (۳ تا ۵ پیرا موضوعات، تصوریات)، حدودِ تحریر وغیرہ کئی پہلو شامل ہیں۔ ان کے لیے متعدد فہرستیں اپنی خصوصیات کے ساتھ مرتب ہونی چاہئیں۔

تیسرا مرحلہ ترجمہ کی ایسی مشین بنانے کا ہے جو خودکار ترجمے اور ترجمانی کے کام آ سکے۔ اس میں نقل یا ترسیمِ حرفی (Transliterational Graphics) سے لے کر لفظ کی خاصیت، علمِ ترجمہ، سادہ جملوں کا تقابلی مقام، مرکب جملوں کی تقسیم اور انگریزی سے تقابل اور منتقلی کے فارمولے، استثنا، ترتیبِ نو اور اس کے اضافی امور، مثال اساس (Example Based) ترجمے اور علم اساس (Knowledge Based) ترجمے کے تقاضے، محضری مشینی ترجمہ، کمپیوٹرا عانتی ترجمہ (CAT)، خودکار ترجمہ مشین (MT) اور ان کے لیے درکار کمپیوٹرا اساس لغات اور فرہنگیں بنانا مقصود ہیں۔ اگرچہ کئی معیاری فرہنگیں اور جدید جدولیں تیار کی گئی ہیں۔ دنیا میں ترجمے کے کئی سافٹ ویئر (TRADOS وغیرہ) موجود ہیں مگر ابھی ایک ہفت خواں طے کرنا باقی ہے۔

چوتھے مرحلے میں آواز سے حروف اور حروف والفاظ سے آواز تک تبدیلی کے لیے تعبیر وخاصیت کے حوالے سے معیاری فرہنگوں، صوتی تجزیوں، صوتی ابجدوں، لہجوں اور شدتوں کی پیمائش کی ضرورت ہے۔ اس سے صوت نگار (Phonogram) وجود میں آئیں گے۔ فاسٹ یونیورسٹی لاہور کے طلبہ نے ایسے کئی منصوبے انجام دیے ہیں۔ "اخبارِ اُردو" میں ان کی اشاعت ہوتی رہی ہے۔

پانچویں شے اُردو کوائفیہ ذخائر کے حوالے سے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اُردو کے کوائفیہ کو آگے چل کے کثیر لسانی کوائفیوں میں بدلنا، پانچ لاکھ پچھتر ہزار اصطلاحات اور ایک کروڑ ستر لاکھ تصورات کی اُردو میں منتقلی اور باہمی ربط کے ساتھ ذخیرہ کاری ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ یوروپی کمیشن کا ایک ایسا مرکز نوزبانوں کے لیے لکسمبرگ میں کام کر رہا ہے اس کے تعاون سے اُردو کوائفیہ بھی یہ تمام تصورات پیش کر سکے گا۔

کمپیوٹر کے ذریعے اشاعتی امور اتنے سادہ نہیں جتنے اُردو دنیا کو نظر آتے رہے ہیں۔ اشاعت کی (DTP) ضروریات ان پیج وغیرہ جیسے سافٹ ویئر سے پوری نہیں ہو پاتیں۔ اس پہلو پر ایڈوب (Adobe) کی مداریات (Acrobatics) کی ضرورت ہے۔ جو پی ڈی ایف (PDF) اور دیگر لفظ

کاری مسلیں اور پوشے (Word Processing Files and Folders) حسبِ ضرورت وضع کر سکے۔ مرکز فضیلت بہت جلد اس میں بھی پیش رفت حاصل کر لے گا۔

ساتویں بات یہ کہ اُردو میں اعلیٰ سطح پر تدریس کے حوالے سے کئی طرح کے سافٹ ویئر وجود میں لانے کے لیے اُردو کی بنیادی تحقیق درکار ہے جس میں معیاری متن کی تشکیل، تدریسی اسباق، متعامل (Interactive) اسباق، مشینی کہانی، لفظی بنت کار (Weaver)، کمپیونظم، کمپیوانشا، کمپیومکالمہ، تدریسِ خواندگی، اختلافِ انتقاد، امکاناتِ تدریس، تدریسی کینڈے وغیرہ کے متعدد تشریحی پہلو شامل ہیں۔ یہ کام اُردو دانوں، اُردو کے شعبوں اور اکادمیوں کے کرنے کا ہے۔ اس سے ابلاغیات، ادبیات اور تعلیم کی تکنیکی پہلوؤں سے ترقی اور مہارت کے کئی گوشے وا ہوں گے۔

اُردو کے دوستوں نے تو ابھی تحقیق کی وادی میں قدم نہیں رکھا تھا اور اب ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ہاتھوں پریشان ہو رہے ہیں۔ تحقیق ایک طریقِ کار ہے اور محض اسی طریق کار پر عمل پیرا ہو کر ہی تحقیق انجام دی جا سکتی ہے۔ اُردو کے ساتھ ساتھ اُردو اطلاعیات کے مندرجہ بالا سمیت بہت سے امور میں تحقیق درکار ہے۔ اصولِ تحقیق کے کئی انگریزی سافٹ ویئر (SPSS وغیرہ) موجود ہیں جو کوائف کے باہمی تعلق کی جدولیں وضع کرتے ہیں، انھیں اُردو میں ڈھالا جانا مقصود ہے۔ کمپیوٹری لسانیات پر جو تھوڑا بہت کام دیگر اداروں میں ہو رہا ہے، اس میں پشاور یونیورسٹی، فاسٹ لاہور اور اسلامیہ یونیورسٹی اسلام آباد کے کمپیوٹر سائنس کے شعبوں میں قدرے تحقیق انجام پا رہی ہے۔

اب اگر ایک نظر ان ضمیموں پر ڈالی جائے جو اس مقالے کے ساتھ منسلک ہیں تو ذرا زیادہ وضاحت ہو سکے گی۔ پہلے ضمیمے میں اُردو کے معیاری حروفِ تہجی اور اس کی ترتیب علّت دی گئی ہے، جو مقتدرہ قومی زبان کی ویب سائٹ www.nla.gov.pk پر بھی موجود ہے۔ اس کی معیار بندی پر پانچ برس صرف ہوئے۔ اب یہ رائج ہو چکے ہیں۔

دوسرے ضمیمے پر اُردو کلیدی تختہ ہے جو مقتدرہ قومی زبان کی طرف سے معیار بند کیا گیا ہے۔ یہ کلیدی تختہ نادرا کے زیرِ استعمال ہے اور جزوی طور پر مائیکروسافٹ کے انگریزی کے ونڈوز ایکس پی اور اُردو کے ونڈوز ایکس پی میں شامل ہے۔

تیسرے ضمیمے میں یونی کوڈ پر موجود عربی حروف کا صفحہ ورژن نمبر ۳ دیا گیا ہے۔ جس میں مقتدرہ کی طرف سے تبدیلی ورژن نمبر ۴ میں واضح ہے۔ اس تبدیلی میں علاماتِ صفر، شاعر، حوالہ، درود و تقدیس اور ادبیات کی علامات اور خالی (Ghost) کشتیاں یا حروف شامل ہیں۔ جن سے نقاط کے بغیر قرآن اور دیگر

عبارات کی لفظ کاری ممکن ہوگئی ہے۔ یونی کوڈ ورژن ۵ بھی ملاحظہ ہوسکتا ہے۔ جس میں ۰۶ پر جگہ ختم ہونے کے باعث حروف ۰۷ پر دیے گئے ہیں مگر جگہ پھر بھی ختم ہوگئی۔ اب جگہ کا مسئلہ پیدا ہوگیا۔ اس کا حل بنیادی حرف اور خالی نقاط میں پوشیدہ ہے۔ خالی نقاط کی بحث یونی کوڈ کے ساتھ جاری رہی جو مرکز فضیلت کی ویب سائٹ www.nlauit.gov.pk پر دیکھی جا سکتی ہے۔ ۱۱ مئی ۲۰۰۸ء کو UTC نے اسے قبول کرلیا اور ۰۸ پر جگہ دے دی۔ یہ یونی کوڈ ۶ میں آئے گی۔

چوتھے ضمیمے میں یونی کوڈ پر موجود ساٹھ رسومِ خط کے نام دیے گئے ہیں۔ ان میں سے پچاس کو باقاعدہ ضابطہ صفحات حاصل ہوئے ہیں اور ان میں سے ۴۳ جدید رسومِ خط ہیں۔ نستعلیق ان میں کہیں شامل نہیں کیونکہ اسے غلطی سے نسخ کا ذیلی سیٹ سمجھا جاتا ہے جبکہ اس کا ترسیمہ ح، م، ی کے حوالے نیز نشست اور مقام کے حوالے سے مختلف ہوتا ہے۔ اُردو کو ویسے بھی عربی کا ذیلی سیٹ ہی سمجھا جاتا ہے، جو غلط ہے۔

پانچویں ضمیمے میں سادہ جملوں کا فارمولا دیا گیا ہے جو چومسکی کے نقطۂ نظر سے وضع ہوتا ہے۔

چھٹے ضمیمے میں ترجمے کے لیے مرکب جملوں کا بنیادی فارمولا، اس کی ترتیبِ نو کے مسائل کے ساتھ دیا گیا ہے۔

ساتویں ضمیمے میں اُردو کوائفیہ میں معلومات داخل کرنے کا فارم شامل ہے۔

آخری تینوں ضمیموں سے کمپیوٹر کے لیے اُردو قواعد کی ورکشاپ اسلام آباد ۹ تا ۱۱ مارچ ۲۰۰۷ء میں بنیادی کام لیا گیا تھا اور انھیں حتمی شکل دی گئی ہے۔ جس کی بنیاد پر مشینی ترجمے اور اُردو کوائف کے سافٹ ویئر تیار کیے جارہے ہیں۔

اُردو کو اس کے ابلاغی پہلوؤں سے تکنیکی ترقی کے تیز ترعمل میں شامل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ادب، صحافت اور میڈیا سے متعلقہ لوگ ان گزارشات پر مفصل غور کریں جنھیں بے حد اختصار کے ساتھ یہاں پیش کیا گیا ہے۔

یہ کام ہورہے ہیں یا ہوجائیں گے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ اُردو کے سلسلے میں تدریس اور نصابات کا رخ موڑا جائے۔ ہماری تحریک پر ۲۰۰۳ء سے ہائر ایجوکیشن کمیشن نے اُردو کے اعلیٰ سطحی نصاب میں تبدیلیاں کی ہیں اور اُردو اطلاعیات کو اس کا حصہ بنایا، مگر ابھی تک کسی یونیورسٹی کے شعبہ اُردو نے اس پر عمل شروع نہیں کیا۔ اُردو لسانیات کی تدریس کا بھی کہیں آغاز نہیں ہوا۔ پھر اُردو کے ماہرینِ کمپیوٹری لسانیات کہاں سے آئیں گے؟ اُردو کے مختلف متون اور ادبی محضرات کے تجزیے کہاں چھپیں گے۔ شعبہ ہائے اُردو تو ماضی پرستی میں مست اپنی "بقیہ زندگی" بسر کرنے میں مصروف ہیں۔ حال کی اُردو اور مستقبل کی ضرورتوں پر کون

تحقیق کرے گا۔ یہ تحقیق سائنسی بنیادوں پر کرنے کی ضرورت ہے۔ تحقیقی منصوبوں کے لیے رقم کی کوئی کمی نہیں مگر یہ کام کہاں انجام پائے گا اور یہ جو کام ہو رہے ہیں ان کی تدریس کہاں ہو پائے گی۔ ایک ادارہ کافی نہیں۔ اُردو اطلاعیات کا شعبہ قائم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے مگر بادِ مخالف کی سم آلودگی؟

(اُردو کانفرنس، لاہور میں ۵۔ مئی ۲۰۰۷ء کو پڑھا گیا۔ "اخبارِ اُردو" اسلام آباد، مئی ۲۰۰۷ء اور "مخزن" لاہور شمارہ ۱۴، مئی ۲۰۰۷ء میں شائع ہوا۔ جولائی ۲۰۰۸ء میں نظرِ ثانی کی گئی۔)

ضمیمہ:۱

اُردو کے حروفِ تہجی اور ان کی ترتیب

ا آ ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ

ث ج جھ چ چھ ح خ د دھ ڈ ڈھ

ذ ر رھ ڑ ڑھ ز ژ س ش ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک کھ گ گھ ل لھ م مھ ن نھ ں

ںٛھ و وھ

ہ ۃ ء ی یھ ے

ترتیب علامات: ا اَ اِ اُ اٗ اٖ اً اٍ اٌ اَ اِ آ

اُردو اور پاکستانی زبانوں کے ۲۲ بنیادی حروفِ تحریر (بلا نقاط اور شوشے)

ا ب ح د ر س ط ص ع ف ق ک گ ل م ں و ہ ء ی ھ ے

ضمیمہ ۲:

مقتدرہ کا کلیدی تختہ

مائیکروسافٹ ونڈوز XP میں شامل اُردو کلیدی تختہ

ضمیمہ:۳

یونی کوڈ ورژن ۔۳

Arabic

	060	061	062	063	064	065
0				ذ 0630	ـ 0640	◌ِ 0650
1			ء 0621	ر 0631	ف 0641	◌ّ 0651
2			آ 0622	ز 0632	ق 0642	◌ْ 0652
3			أ 0623	س 0633	ك 0643	◌ٓ 0653
4			ؤ 0624	ش 0634	ل 0644	◌ٔ 0654
5			إ 0625	ص 0635	م 0645	◌ٕ 0655
6			ئ 0626	ض 0636	ن 0646	
7			ا 0627	ط 0637	ه 0647	
8			ب 0628	ظ 0638	و 0648	
9			ة 0629	ع 0639	ى 0649	
A			ت 062A	غ 063A	ي 064A	
B		؛ 061B	ث 062B		◌ً 064B	
C	، 060C		ج 062C		◌ٌ 064C	
D			ح 062D		◌ٍ 064D	
E			خ 062E		◌َ 064E	
F		؟ 061F	د 062F		◌ُ 064F	

Arabic

	068	069	06A	06B	06C	06D	06E	06F
0	ڀ 0680	ڐ 0690	ڠ 06A0	ڰ 06B0	ۀ 06C0	ې 06D0	◌۠ 06E0	۰ 06F0
1	ځ 0681	ڑ 0691	ڡ 06A1	ڱ 06B1	ہ 06C1	ۑ 06D1	◌ۡ 06E1	۱ 06F1
2	ڂ 0682	ڒ 0692	ڢ 06A2	ڲ 06B2	ۂ 06C2	ے 06D2	◌ۢ 06E2	۲ 06F2
3	ڃ 0683	ړ 0693	ڣ 06A3	ڳ 06B3	ۃ 06C3	ۓ 06D3	◌ۣ 06E3	۳ 06F3
4	ڄ 0684	ڔ 0694	ڤ 06A4	ڴ 06B4	ۄ 06C4	۔ 06D4	◌ۤ 06E4	۴ 06F4
5	څ 0685	ڕ 0695	ڥ 06A5	ڵ 06B5	ۅ 06C5	ە 06D5	ۥ 06E5	۵ 06F5
6	چ 0686	ږ 0696	ڦ 06A6	ڶ 06B6	ۆ 06C6	◌ۖ 06D6	ۦ 06E6	۶ 06F6
7	ڇ 0687	ڗ 0697	ڧ 06A7	ڷ 06B7	ۇ 06C7	◌ۗ 06D7	◌ۧ 06E7	۷ 06F7
8	ڈ 0688	ژ 0698	ڨ 06A8	ڸ 06B8	ۈ 06C8	◌ۘ 06D8	◌ۨ 06E8	۸ 06F8
9	ډ 0689	ڙ 0699	ک 06A9	ڹ 06B9	ۉ 06C9	◌ۙ 06D9	۩ 06E9	۹ 06F9
A	ڊ 068A	ښ 069A	ڪ 06AA	ں 06BA	ۊ 06CA	◌ۚ 06DA	◌۪ 06EA	ۺ 06FA
B	ڋ 068B	ڛ 069B	ګ 06AB	ڻ 06BB	ۋ 06CB	◌ۛ 06DB	◌۫ 06EB	ۻ 06FB
C	ڌ 068C	ڜ 069C	ڬ 06AC	ڼ 06BC	ی 06CC	◌ۜ 06DC	◌۬ 06EC	ۼ 06FC
D	ڍ 068D	ڝ 069D	ڭ 06AD	ڽ 06BD	ۍ 06CD	۝ 06DD	◌ۭ 06ED	۽ 06FD
E	ڎ 068E	ڞ 069E	ڮ 06AE	ھ 06BE	ێ 06CE	۞ 06DE		۾ 06FE
F	ڏ 068F	ڟ 069F	گ 06AF	ڿ 06BF	ۏ 06CF	◌۟ 06DF		

یونی کوڈ ورژن۔۴

0600 **Arabic** **06FF**

	060	061	062	063	064	065	066	067	068	069	06A	06B	06C	06D	06E	06F
0	؀ 0600	◌ؐ 0610		ذ 0630	ـ 0640	◌ِ 0650	٠ 0660	◌ٰ 0670	ڀ 0680	ڐ 0690	ڠ 06A0	ڰ 06B0	ۀ 06C0	ې 06D0	◌۠ 06E0	۰ 06F0
1	؁ 0601	◌ؑ 0611	ء 0621	ر 0631	ف 0641	◌ّ 0651	١ 0661	ٱ 0671	ځ 0681	ڑ 0691	ڡ 06A1	ڱ 06B1	ہ 06C1	ۑ 06D1	◌ۡ 06E1	۱ 06F1
2	؂ 0602	◌ؒ 0612	آ 0622	ز 0632	ق 0642	◌ْ 0652	٢ 0662	ٲ 0672	ڂ 0682	ڒ 0692	ڢ 06A2	ڲ 06B2	ۂ 06C2	ے 06D2	◌ۢ 06E2	۲ 06F2
3	؃ 0603	◌ؓ 0613	أ 0623	س 0633	ك 0643	◌ٓ 0653	٣ 0663	ٳ 0673	ڃ 0683	ړ 0693	ڣ 06A3	ڳ 06B3	ۃ 06C3	ۓ 06D3	◌ۣ 06E3	۳ 06F3
4		◌ؔ 0614	ؤ 0624	ش 0634	ل 0644	◌ٔ 0654	٤ 0664	ٴ 0674	ڄ 0684	ڔ 0694	ڤ 06A4	ڴ 06B4	ۄ 06C4	۔ 06D4	◌ۤ 06E4	۴ 06F4
5		◌ؕ 0615	إ 0625	ص 0635	م 0645	◌ٕ 0655	٥ 0665	ٵ 0675	څ 0685	ڕ 0695	ڥ 06A5	ڵ 06B5	ۅ 06C5	ە 06D5	ۥ 06E5	۵ 06F5
6			ئ 0626	ض 0636	ن 0646	◌ٖ 0656	٦ 0666	ٶ 0676	چ 0686	ږ 0696	ڦ 06A6	ڶ 06B6	ۆ 06C6	◌ۖ 06D6	ۦ 06E6	۶ 06F6
7			ا 0627	ط 0637	ه 0647	◌ٗ 0657	٧ 0667	ٷ 0677	ڇ 0687	ڗ 0697	ڧ 06A7	ڷ 06B7	ۇ 06C7	◌ۗ 06D7	◌ۧ 06E7	۷ 06F7
8			ب 0628	ظ 0638	و 0648	◌٘ 0658	٨ 0668	ٸ 0678	ڈ 0688	ژ 0698	ڨ 06A8	ڸ 06B8	ۈ 06C8	◌ۘ 06D8	◌ۨ 06E8	۸ 06F8
9			ة 0629	ع 0639	ى 0649		٩ 0669	ٹ 0679	ډ 0689	ڙ 0699	ک 06A9	ڹ 06B9	ۉ 06C9	◌ۙ 06D9	۩ 06E9	۹ 06F9
A			ت 062A	غ 063A	ي 064A		٪ 066A	ٺ 067A	ڊ 068A	ښ 069A	ڪ 06AA	ں 06BA	ۊ 06CA	◌ۚ 06DA	◌۪ 06EA	ۺ 06FA
B		؛ 061B	ث 062B		◌ً 064B		٫ 066B	ٻ 067B	ڋ 068B	ڛ 069B	ګ 06AB	ڻ 06BB	ۋ 06CB	◌ۛ 06DB	◌۫ 06EB	ۻ 06FB
C	، 060C		ج 062C		◌ٌ 064C		٬ 066C	ټ 067C	ڌ 068C	ڜ 069C	ڬ 06AC	ڼ 06BC	ی 06CC	◌ۜ 06DC	◌۬ 06EC	ۼ 06FC
D	؍ 060D		ح 062D		◌ٍ 064D		٭ 066D	ٽ 067D	ڍ 068D	ڝ 069D	ڭ 06AD	ڽ 06BD	ۍ 06CD	۝ 06DD	◌ۭ 06ED	۽ 06FD
E	؎ 060E		خ 062E		◌َ 064E		ٮ 066E	پ 067E	ڎ 068E	ڞ 069E	ڮ 06AE	ھ 06BE	ێ 06CE	۞ 06DE	ۮ 06EE	۾ 06FE
F	؏ 060F	؟ 061F	د 062F		◌ُ 064F		ٯ 066F	ٿ 067F	ڏ 068F	ڟ 069F	گ 06AF	ڿ 06BF	ۏ 06CF	◌۟ 06DF	ۯ 06EF	ۿ 06FF

0750 **Arabic Supplement** **077F**

	075	076	077
0	ݐ 0750	ݠ 0760	ݰ 0770
1	ݑ 0751	ݡ 0761	ݱ 0771
2	ݒ 0752	ݢ 0762	ݲ 0772
3	ݓ 0753	ݣ 0763	ݳ 0773
4	ݔ 0754	ݤ 0764	ݴ 0774
5	ݕ 0755	ݥ 0765	ݵ 0775
6	ݖ 0756	ݦ 0766	ݶ 0776
7	ݗ 0757	ݧ 0767	ݷ 0777
8	ݘ 0758	ݨ 0768	ݸ 0778
9	ݙ 0759	ݩ 0769	ݹ 0779
A	ݚ 075A	ݪ 076A	ݺ 077A
B	ݛ 075B	ݫ 076B	ݻ 077B
C	ݜ 075C	ݬ 076C	ݼ 077C
D	ݝ 075D	ݭ 076D	ݽ 077D
E	ݞ 075E	ݮ 076E	ݾ 077E
F	ݟ 075F	ݯ 076F	ݿ 077F

60

0880 | Arabic Glyph Parts | 089F

	x88	x89
0	xx80	xx90
1	xx81	xx91
2	xx82	xx92
3	xx83	xx93
4	xx84	xx94
5	xx85	xx95
6	xx86	
7	xx87	
8	xx88	
9	xx89	
A	xx8A	
B	xx8B	
C	xx8C	
D	xx8D	
E	xx8E	
F	xx8F	

0880 ARABIC SINGLE NUQTA ABOVE
0881 ARABIC SINGLE NUQTA BELOW
0882 ARABIC DOUBLE NUQTA ABOVE
0883 ARABIC DOUBLE NUQTA BELOW
0884 ARABIC TRIPLE NUQTA ABOVE
0885 ARABIC TRIPLE NUQTA BELOW
0886 ARABIC TRIPLE INVERTED NUQTA ABOVE
0887 ARABIC TRIPLE INVERTED NUQTA BELOW
0888 ARABIC QUADRUPLE NUQTA ABOVE
• Sindhi
0889 ARABIC QUADRUPLE NUQTA BELOW
• Sindhi
088A ARABIC DOUBLE DANDA ABOVE
• Sindhi
088B ARABIC DOUBLE DANDA BELOW
• Sindhi
088C ARABIC DOUBLE NUQTA VERTICAL ABOVE
• Sindhi
088D ARABIC DOUBLE NUQTA VERTICAL BELOW
• Sindhi
088E ARABIC SINGLE KASHIDA ABOVE
• Urdu
088F ARABIC SINGLE KASHIDA BELOW
• Urdu
0890 ARABIC DOUBLE KASHIDA ABOVE
• Urdu
0891 ARABIC DOUBLE KASHIDA BELOW
• Urdu
0892 ARABIC SINGLE CIRCLE ABOVE
•Pashto
0893 ARABIC SINGLE CIRCLE BELOW
•Pashto
0894 ARABIC TOTA ABOVE
• Urdu
0895 ARABIC TOTA BELOW
• Urdu

Printed using UniBook™
(http://www.unicode.org/unibook/)

Date: 17-Apr-2008

1

ضمیمہ:۴

یونی کوڈ کے ساٹھ رسوم خط

دنیا میں اس وقت تک کمپیوٹر کے حوالے سے یونیکوڈ میں صرف ساٹھ رسومِ خط تسلیم کیے گئے ہیں:

۱۔لاطینی	۲۔یونانی	۳۔قبطی	۴۔سیریلی	۵۔گیلگولیتھی
۶۔آرمینیائی	۷۔جارجیائی	۸۔یونانی	۹۔عربی	۱۰۔شامی
۱۱۔تھانا	۱۲۔دیوناگری	۱۳۔بنگالی	۱۴۔گورمکھی	۱۵۔گجراتی
۱۶۔اڑیا	۱۷۔تامل	۱۸۔تلگو	۱۹۔کنٹری	۲۰۔ملیالم
۲۱۔سنہالا	۲۲۔تبتّی	۲۳۔فاگس پا	۲۴۔لیمبو	۲۵۔سلوتی ناگری
۲۶۔خروشتی	۲۷۔تھائی	۲۸۔لاؤ	۲۹۔میانمار	۳۰۔خمیر
۳۱۔تائی لی	۳۲۔نئ تائی لیو	۳۳۔فلپائنی	۳۴۔بوگنی	۳۵۔بالینی
۳۶۔ہین(CJK)	۳۷۔بوپوموفو	۳۸۔ہیراگانا	۳۹۔کٹاکانا	۴۰۔ ہنگول
۴۱۔یی	۴۲۔ایتھوپیائی	۴۳۔ منگولیائی	۴۴۔عثمانیہ/صومالی	۴۵۔ٹھی ناغ
۴۶۔ این کو	۴۷۔شیروکی	۴۸۔کینیڈااقدیم	۴۹۔صحرائی	۵۰۔شاوین
۵۱۔اوغم	۵۲۔قدیم اطالوی	۵۳۔رونی	۵۴۔گوتھی	۵۵۔لائیز
۵۶۔کیپریوٹ	۵۷۔فونیقی	۵۸۔ اگاریتی	۵۹۔قدیم پارسی	۶۰۔سامری/ اکادی

ضمیمہ:۵

نوم چامسکی کے نظریات
Noam Chomsky

انتقالی قواعد:Transformational Rules

تجزیہ

مثلاً اگر W+X+A

W+Y+?+X+A = W+Y+A

جیسے: اس نے + روٹی + کھائی

اس نے + بوٹی + کھائی

= اس نے روٹی اور بوٹی کھائی

سوالیہ: "کیا" شروع میں اور نفی = نہیں فعل سے پہلے۔

ضمیمہ:٦

Recombination

ان سادہ فقروں کی ترتیب کے لیے مندرجہ ذیل دو فارمولے موجود ہیں۔

$$\frac{1}{N}a+n+(n-1)+(n-2)...+n+\frac{1}{V}b$$

بعض اوقات ایک مرکب جملہ دوسرے سے حروف عطف یا حروف جار کے ذریعے جڑا ہوتا ہے مثلاً or , and

اس کا فارمولا حسب ذیل ہے۔

$$\left(\frac{1}{N}a+n+(n-1)+(n-2)+...+\frac{1}{V}b\right)+[and/or]+\left(\frac{1}{N}a+n+(n-1)+(n-2)+...+\frac{1}{V}b\right)$$

ان دو فارمولوں کے علاوہ مزید کونسے فارمولے ہو سکتے ہیں؟ براہ کرم درج کریں۔

ضمیمہ:۷

اردو کوائفیہ فارم

اندراج ______________________

1	کلیدی الفاظ	
2	دیگر املا	
3	املا امالہ (اگر)	
4	تصریفی صورتیں	
5	ہم ردیف	

6	تجنیس حرفی نمبر	
6۔ الف	عمومی تلفظ	
7	ہم قافیہ	

<table>
<tr><td>8</td><td colspan="2">تجنیس صوتی نمبر</td><td colspan="3"></td></tr>
<tr><td rowspan="6">8- الف</td><td rowspan="6">الفاظ کی سطح / نوعیت</td><td></td><td></td><td>ہاں</td><td>نہیں</td></tr>
<tr><td>روزمرہ / بول چال</td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>خواندہ</td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>تعاملی</td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>ادبی</td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>اختصاصی</td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>8۔ ب</td><td colspan="2">اشتقاق</td><td colspan="3"></td></tr>
<tr><td>8۔ ج</td><td colspan="2">قواعدی حیثیت</td><td colspan="3"></td></tr>
<tr><td>8۔ د</td><td colspan="2">جنس</td><td colspan="3"></td></tr>
</table>

8۔ ہ	متضاد جنس	
8۔ و	تکبیر	
8۔ ز	تصغیر	
8۔ ح	عدد	
8۔ ط	جمع / واحد	
8۔ ی	جمع الجمع	
9	مشتقات	

10	معنی نمبر		
10- الف	معنی	سلینگ / مقامی	
		عمومی	
		مجازی	
		اصطلاحی	
		سطح بالا	
		سطح زیریں	

11	متعلقات	
11- الف	روزمرے	
11- ب	محاورے	
11- ج	مصرعے	
11- د	اشعار	
11- ہ	ضرب الامثال	
11- و	تراکیب	

11- ز	مترادفات	
11 ـ ح	متضادات	
11- ط	متلازمات	
11- ع	اضافی معلومات	

12	مثال نمبر							
12- الف	مثال قسم	روزمرہ	محاورہ	جملہ	شعر	مصرع	ضرب المثل	دیگر
12- ب	مثال - متن							
12- ج	مصنف / شاعر							
12- د	کتاب / مضمون / رسالہ							
12- ہ	مرتب/مؤلف							
12- و	مقام اشاعت							
12- ز	ناشر							
12 ـ ح	سن تحریر/ اشاعت							
12- ط	جلد/ شمارہ							
12- ی	صفحہ نمبر							

اُردو میں کمپیوٹر کا تدریسی اطلاق

کمپیوٹر خاص طور پر لفظ کار (word processor) کے ذریعے اُردو کی تدریس شاید ایک قبل از وقت خیال ہو کہ اُردو تدریسات میں تو ابھی اُردو ٹائپ مشین بھی داخل نہیں ہوئی۔ لفظ کار کو تو صرف اُردو کتابت کا متبادل سمجھا جاتا ہے۔ اُردو میں کمپیوٹر کا استعمال بڑے پیمانے پر صرف اُردو شناختی کارڈوں کے حصول کے لیے سامنے آیا ہے۔ بینکوں، ڈاک خانوں، بلوں، ٹیلی فون، اور ریلوے کی ڈائریکٹریوں کو ابھی اُردو کی ہوا نہیں لگی۔ اُردو ادیب ابھی اُردو کلیدی تختے پر خود بھی نہیں بیٹھا۔ ایسے میں تدریس اُردو میں کمپیوٹر کا استعمال؟ ایک اچنبھے کی بات ہے۔ ایک دیوانے کا خواب ہے۔ آگے چل کر جب اُردو میں برقیاتی کتاب (E.Book) وجود میں آئے گی۔؟ تو خیال وخواب کی باتیں؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تاہم جہاں کہیں، کسی اچھے سکول میں اُردو کی تدریس میں ذاتی کمپیوٹر یا جماعتی کمپیوٹر استعمال میں آئیں گے فی الوقت وہاں اُردو لفظ کار کا استعمال تو سکھایا جا سکتا ہے۔ لکھنے پڑھنے یعنی تصنیف و تالیف میں تو یہ لفظ کار مصنفوں کی بے حد مدد کر سکتا ہے کہ اگر ان کا لکھا ہوا مواد محفوظ ہو تو وہ اسے بے شمار صورتوں میں بدل سکتے ہیں۔ اگر کبھی اُردو کے کلاسیکی ادب کی سی ڈی بازار میں ملنے لگی تو اس کے اقتباسات نقل کرنے کی بجائے متن سے حاصل کر کے اپنے مسودے میں داخل کیے جا سکتے ہیں۔ اگر کبھی اُردو کی تدریسی کتابیں کاغذ کے ساتھ ساتھ سی ڈی پر بھی دستیاب ہونے لگیں تو طلبہ کو ان سے اپنے کمپیوٹر پر خاص طور پر فنکشنل زبان سیکھنے میں بے حد مدد ملے گی۔

لفظ کار کا "متن" ایک سیال (Fluid) حثیت رکھتا ہے۔ اسے جیسے چاہیں کسی بھی ہیئت میں بدل لیں۔ ہر پیراگراف کے ہر جملے کو مختلف زبانوں میں تبدیل کر لیں۔ ہر جملے کو سوالیہ اور منفی میں بدل ڈالیں اور مختلف کھیل/تدبیریں اختیار کر لیں۔ دراصل لفظ کار "ذہن اور صفحے" کو یکجا کر دیتا ہے۔ یہ متحرک اور متعامل رہتا ہے۔ بشرطیکہ کوئی طالب علم واقعی اس سے کچھ سیکھنا چاہے۔

اس مرحلے پر استاد کیا کر سکتا ہے؟ وہ انھیں کمپیوٹر مشین سے متعارف کرانے اور لفظ کاری کے اصول بتانے کے بعد یہ بتا سکتا ہے کہ وہ کاغذ کی بچت کرنے کے ساتھ ساتھ قلم گھسانے اور خوش خط لکھنے کی زحمت سے بھی بچ جائیں گے اور سکرین ہی پر مختلف مشقیں انجام دے سکیں گے۔

خاص طور پر مضمون نگاری اور انشاء پردازی میں اپنے الل ٹپ اور بکھرے ہوئے خیالات کو ٹائپ کر کے / یا کرا کے بعد ازاں کسی منطقی ترتیب میں لا کر ایک مبسوط تحریر پیش کر سکتے ہیں۔ یا کام انفرادی کے علاوہ گروہی طریقے سے بھی انجام دیا جا سکتا ہے۔ اگر سکول میں صرف ایک کمپیوٹر مہیا ہو تو مختلف گروہوں کو مختلف اوقات تقسیم یا الاٹ کیے جا سکتے ہیں۔ لیکن اگر جماعت میں استاد اور طلبہ کو کمپیوٹر پر بنی ہوئی مشقیں، سوالات، پرچے، اور سرگرمیاں طلبہ کو مہیا کر سکتا ہے جو ان کے جوابات تحریر کر سکتے ہیں۔ خاص طور پر اعلیٰ ثانوی سطح پر اب کمپیوٹر کو اُردو کی جماعت میں داخل ہو جانا چاہیے اور اس کے لیے اسباق لکھے جانے چاہئیں۔

اگرچہ اُردو میں ابھی ''تدوینِ متن'' (text editing) کی سہولت میسر نہیں جو الفاظ کے ہجے میں، تراکیب اور محاورں کی درستی سکرین پر پیش کر سکے لیکن استاد ایسی مشقیں کمپوز کر کے طلبہ میں ان کی فلاپی ڈسک تقسیم کر سکتا ہے۔

اگرچہ اُردو میں ابھی اشاریہ سازی، الفائی ترتیب الفاظ اور دیگر ایسی کئی سہولیتیں میسر نہیں تاہم طلبہ کو ''دیکھو''، ''چوا ور ترتیب دو'' کے انداز سے الفاظ کو الٹا الٹا کر الفبائی ترتیب اور ایسی کئی سرگرمیوں میں فعال کیا جا سکتا ہے۔ مختصر یہ کہ لفظ کار کے ذریعے معروف سے مجہول جملے، سادہ سے مرکب جملے، سوالیہ سے منفی جملے، صرفی ونحوی تقسیم سکھائی جا سکتی ہے۔ تہنیتی کارڈ، خط، درخواستیں، ان کی مختلف صورتیں، اور پیغامات کے کینڈے (Genres) سکھائے جا سکتے ہیں۔ متن کا تجزیہ کیا جا سکتا ہے۔ قواعدی تجزیہ کیا جا سکتا ہے۔ اس میں سے اسماء افعال، مصادر، حروف الگ الگ کیے جا سکتے ہیں۔ اور سب سے بڑی بات کلوز ٹیسٹ تیار کیا اور دیا جا سکتا ہے۔ تلخیص کرنا سکھایا جا سکتا ہے۔ اُردو کی عملی / فنکشنل صورتیں سکھائی جا سکتی ہیں۔ کہانیاں اور معمے غرض یہ کہ امکانات کی ایک وسیع دنیا موجود ہے جو کمپیوٹر کے ذریعے اُردو کی تدریس کا مستقبل روشن کر رہی ہے۔

''اخبارِ اُردو'' میں ایسے کئی امکانات کا ذکر کیا گیا ہے۔ جو اُردو اطلاعیات کے افق پر روشن ہو رہے ہیں۔ ان میں اُردو کی پہلی ڈیجیٹل یا برقیاتی کتاب بھی شامل ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اُردو کے اساتذہ خوابِ گراں سے بیدار ہوں اور پوری جدتِ طبع اور ذہانت کے ساتھ اس نئے چیلنج کا مقابلہ کریں جو کمپیوٹر / انٹرنیٹ کی صورت میں دنیا کی زبانوں کو درپیش ہے۔ صورت حال یہ ہے کہ اس وقت دینا کی چار ہزار زبانوں میں سے صرف ۶۶ دفتری / سرکاری استعمال میں ہیں اور ان میں سے بھی صرف ۲۶ کو انٹرنیٹ کے انتخاب پر دیکھا جا سکتا ہے۔ اُردو ان ۲۶ زبانوں میں شامل نہیں ہے۔ جبکہ ہندی، بنگلہ، بلکہ گجراتی اور تامل جیسی زبانیں موجود ہیں لیکن کوئی پاکستانی زبان وہاں نہیں ہے۔ یونی کوڈ Unicode جیسے عالمی ضابطوں میں بھی بھارت کی یہ زبانیں شامل ہیں لیکن اُردو کا رسم الخط نستعلیق نہیں۔ اگر اُردو کے اساتذہ نے اس طرف ابھی سے

توجہ نہ دی تو پھر اُردو واقعی کہیں نہیں ہو گی۔ دیگر پاکستانی زبانوں کا تو پھر سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

ضروری ہے کہ اُردو کے اساتذہ بھی کمپیوٹر کے میدان عمل میں اتر آئیں اور کمپیوٹر کے ذریعے اُردو کی تدریس کے طریقے وضع کرنا شروع کریں۔ اُردو کے اساتذہ بازار میں سی ڈی کے تیار ہونے اور فروخت کے لیے آنے کا انتظار نہ کریں۔ سکول انتظامیہ تھوڑے سے خرچ سے سافٹ ویئر کمپنیوں سے ایسی سی ڈی لکھوا سکتی ہے جو ان کی فوری تدریسی ضرورتیں پوری کر سکتی ہے۔ اساتذہ کو ایسی اختراعی صلاحتیوں کو بروئے کار لانا چاہیے جن سے ان کی تدریس جدید اور بہتر بنیادوں پر استوار ہو سکے۔

("اخبارِ اُردو"، اسلام آباد، اکتوبر ۲۰۰۲ء)

۹

جدید تدوینِ متن اور اُردو اطلاعیات

متنی تنقید (Textual criticism) عیسائیت کے پیروکاروں اور اس کے نقادوں اور محققوں کی وضع کردہ ایک اصطلاح ہے۔ لیکن یہ جانے بغیر کہ دراصل یہ میدان **بائیبل** کے ''ماخذوں'' کی تفہیم اور تجہیل پر آمادۂ پیکار لوگوں نے عیسائیت کے فروغ اور استرداد کے لیے تخلیق کیا، اُردو میں ادبی کام کرنے والوں نے اسے اُردو تحقیق کے متبادل کے طور پر پیش کرنا شروع کیا اور متنی تدوین کی ضرورتیں پوری کرنے لگے۔ وہاں یہ میدان اب اور آگے بڑھ چکا ہے اور تدوین متن کے بعض جدید ترین تقاضے اعلیٰ متنی تنقید (Higher Textual Criticism) کے نام سے سامنے آنے لگے ہیں۔

اس میدان تحقیق کے لیے ایک اور اصطلاح تنقید تسوید (Redaction criticism) بھی استعمال ہوتی ہے۔ مقصود صحائف پر تحقیق اور ان کے ''مصنفین'' کا سراغ لگانا ہے تاکہ ان کے استناد اور جعل کو ثابت کیا جا سکے۔ ان تمام کاوشوں کا نتیجہ زیادہ تر **بائیبل** کو رد کرنے ہی سے نکلتا ہے۔

بائیبل کی تدوین

بائیبل پر کی گئی تحقیقات کے دو پہلو ہیں۔ پہلا متنی تنقید اور دوسرا اعلیٰ متنی تنقید ہے۔ پہلی کاوش متن کے اصل الفاظ کی دریافت ہے جبکہ ہمارے پاس اس کے اصل الفاظ موجود نہیں۔ دوسری متن کی اصلیت سے متعلق ہے کہ وہ متن حقیقت میں کب وجود میں آیا یا لکھا گیا اور کس نے لکھا؟ اُردو تحقیق کے اس پہلو کہ متن کی تدوین کے بعد متن پر تحقیق انجام دی جائے، پہلے کی نسبت زیادہ کارآمد اور مفید ہے۔ چنانچہ اعلیٰ متنی تنقید کو اُردو تحقیق کا ایک باب بنایا جا سکتا ہے جبکہ متنی تنقید کو صرف لفظی جائزے یا تدوینِ متن کے طور پر لیا جا سکتا ہے۔

اعلیٰ متنی تنقید کے ماہرین کا خیال ہے کہ **بائیبل** محض زبانی روایات کی ایک تحریری صورت ہے اور کسی روح القدس نے انھیں لوگوں پر القا نہیں کیا اور **عہد نامۂ قدیم** بابل میں یہودیوں کی قید (۵۸۶ قبل مسیح) سے پہلے ورطۂ تحریر میں نہیں آیا۔ اگر حضرت موسیٰ کے دیے گئے قوانین اور پہلے پانچ صحائف حضرت موسیٰ کے زمانے میں تحریر نہیں ہوئے تھے تو یہ کب تحریر ہوئے تھے۔ اسی طرح **اناجیل** اگر حضرت عیسیٰ کے زمانے میں

نہیں لکھی گئی تھیں اور عرصہ بعد محض زبانی روایات کے مرتبین نے انھیں وجود بخشا تو کیا یہ انھی مصنفین نے تحریر کی تھیں، جن کے نام ''یوحنا''، ''متی'' وغیرہ دیے گئے ہیں یا کسی اور نے ان کی روایات کو قلم بند کیا تھا؟ یہ تمام محققین انھیں الہامی کتب ماننے سے بنیادی طور پر انکاری ہوتے ہیں۔

لغات اور انسائیکلوپیڈیا میں اعلیٰ متنی تنقید کی تعریف کچھ اس طرح سے کی گئی ہے۔

''**بائبل** پر تنقید کی ایک قسم جو متنی تنقید سے مختلف ہے۔ اس کا مقصود اعترافی یا عقائداتی الٰہیات سے قطع نظر **بائبل** کے متن کی تشریح کرنا ہے۔ یہ **بائبل** کے متن پر وہی اصول لاگو کرتی ہے جو سائنسی اور تاریخی طریق سے اخذ ہوتے ہیں۔ یہ زیادہ تر داخلی شہادت پر مبنی ہے اور لسانیاتی کوائف اور آثاریات سے حاصل شدہ شواہد بھی استعمال میں آتے ہیں۔ بنیادی سوالات یہ ہیں کہ استناد کی دریافت، قرائن کی ترتیب و تنظیم کو متن کے مختلف ماخذوں سے جانچا جائے اور مصنفین کے تشخص اور نیتوں کو بھی ملحوظ رکھا جائے۔ اس کا آغاز جرمن سکالر جوہاں سلوموسیملر (۹۱۔۱۷۲۵ء) سے ہوا تھا''

اعلیٰ متنی تنقید کا ایک بنیادی اصول ایک سکالر چارلس اے برگس (Briggs) (۱۸۴۱ء) سے سامنے آتا ہے۔ لیکن ۱۸۸۶ء میں یہ ایک سکالر گراف ولہوزن (Graf Wellhausen) کا فرضیہ کہلایا۔ اس کے نزدیک **تورات** چار ماخذوں سے وجود میں آئی۔ جنھیں ایک محرِّر نو (Redactor) **R** نے مرتب کیا۔

J : یہووائی (انسان نما خدا) ایک شخص تھا جو عبرانی کی ابتدائی صورت استعمال کرتا تھا، جو **P** استعمال نہیں کرتا تھا۔

F: ایلوہی (انسان نما خدا) ایک شخص تھا جو عبرانی کے بعض قواعد کے مطابق ایلوہیم کہلاتا تھا، بعد میں یہوِیہ (Yahweh) تھا جس کی بنیادی دلچسپی بائبل اسرائیل اور شیلوہ کی پیشوائی تھا۔ اس کا اسلوب بھی **P** سے قدیم تر لیکن ذرا بہتر تھا۔

P: پیشواؤں کا ماخذ ایک دور اور بے رحم خدا جسے کبھی ایلوہیم اور کبھی ایل شدائی کہا گیا۔ یہ جزوی طور پر **J** اور **E** کی نقل تھا، لیکن تفاصیل کو اپنی ضرورت کے مطابق ادلتا بدلتا تھا۔ اس کی دلچسپی کا محور ہارونی پیشوائی اور شاہ حزقیاہ تھے۔ یہ نچلے درجے کا ادبی اسلوب استعمال کرتا تھا اور اسے فہرستوں اور تاریخوں سے دلچسپی تھی۔

D: یہ ذونامی (Deuteronomy) میں دلچسپی رکھتا تھا۔ اس نے یشوع، قضاۃ ۱، ۲، سموئیل ۱، ۲ اور سلاطین ۱، ۲ تحریر کیں۔ اسے شیلوہ کی پیشوائی اور بادشاہ یسعیاہ سے دلچسپی تھی۔ وہ **P** کی طرح کی عبرانی زبان استعمال کرتا تھا لیکن دوسرے ادبی اسلوب میں۔

اب انھیں خدا مان لیں یا اشخاص، عہد مان لیں یا افراد JEPD بہرحال ایک گروہ ہے جس نے مل

کر **بائیبل** تحریر کی۔

اعلیٰ متنی تنقید کا استعمال **قرآن مجید** پر بھی ہونے لگا ہے اور اس کے مختلف نسخوں اور ورژنوں کو دیکھا جانے لگا ہے اور یہ اصول ادبی تحقیق میں بھی استعمال ہوتے ہیں، جن میں نظریہ معلومات یا اطلاعات بھی زیر استعمال ہے۔

اعلیٰ متنی تنقید ایک تحقیقی ڈیزائن وضع کرتی ہے جو کسی نہ کسی ضرورت پر مبنی ہوتی ہے۔ پھر ایک موزوں طریق تحقیق کو استعمال کرتی ہے تاکہ تحقیقی ڈیزائن کے لیے مطلوبہ معلومات فراہم ہوسکیں۔ نتائج کا تحقیقی ڈیزائن کے مطابق تجزیہ کیا جاتا ہے اور پھر اس کے نتائج شائع کیے جاتے ہیں۔ یہ تمام مراحل کسی معیار کے مطابق وضع کیے جاتے ہیں۔ معیارات کی تخلیق کے رہنما اصول تاریخی دستاویز کا رہی سے اخذ کیے جاسکتے ہیں جس میں مقاصد سے لے کر سفارشات درج کرنے تک کے نکات بیان ہوتے ہیں۔

اعلیٰ متنی تنقید کسی کتاب (**بائیبل**) کے مختلف نسخوں، ترجموں اور ادوار میں پیش کیے گئے متنوں میں غیر ارادی تبدیلیوں کو بھی ملحوظ رکھتی ہے اور اسے ایک بہت بڑا تحقیقی اصول مانتی ہے۔ اس کے علاوہ ہجوں اور قواعد کے لحاظ سے تبدیلیوں پر بھی نظر رکھتی ہے۔ بیری آر لنسکی نے اس کے نکات واضح کیے ہیں۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اعلیٰ متنی تنقید کا واقعی کوئی تعلق سکالرشپ یا علمیت سے ہے یا یہ محض ایک تکنیک ہے۔ ڈاکٹر رابرٹ ڈک ولسن اس کے بارے میں کہتا ہے کہ اگر **بائیبل** شکوک وشبہات کا شکار ہوئی ہے تو ایمان رکھنے والوں کو بھی اسی تکنیک اور اصول تحقیق کو اپنانا ہوگا۔ انھیں بھی تاریخ، قرائن، شواہد ہی کی روشنی میں اس کا جواب تلاش کرنا ہوگا جیسے ان سوالوں کا جواب کہ فارسی الفاظ **بائیبل** سے غائب کیوں ہیں؟ یونانی الفاظ کیوں شامل ہیں؟ دانیال نے فارسی الفاظ کیوں استعمال کیے؟ عبرانی میں آرامی کیوں؟ عبرانی کے ادبی اسالیب کیا تھے؟ وغیرہ۔

اغلاط کا مسئلہ

متنی تنقید کے دو اصول (۱) خارجی شواہد (۲) داخلی شواہد اور مخطوطوں کا امتزاج ہیں۔ اعلیٰ متنی تنقید میں دستاویزی فرضیہ کام کرتا ہے جس کا ذکر ہم تورات کے حوالے سے کر آئے ہیں۔ دانستہ یا غیر دانستہ اغلاط کا ایک ذکر ڈاکٹر خلیق انجم کے حوالے سے ہم کر آئے ہیں۔ اب کلین (Klein) کے حوالے سے دیکھتے ہیں:

(الف) غیر دانستہ یا غیر ارادی

۱۔ تجنیس حرفی اور تجنیس شکل حرفی کا التباس (Similar letters)

۲۔ تجنیس صوتی اور تجنیس صوتی حروفی کا التباس (Sound alike)

۳۔ ہم ختمہ حذف یعنی یکساں ختمہ پر حذفِ حروف(Homoeoteleuton)

۴۔ ہم آغاز حذف یعنی یکساں آغاز پر حذفِ حروف(Homoeoarchton)

۵۔ ہم نگاری یا دو حروف یا الفاظ کو ایک سا تحریر کرنا(Haplography)

۶۔ مکرر نگاری یا لفظ یا حرف مکرر درج کرنا(Dittography)

۷۔ لفظوں میں غلط فاصل ہونا یعنی الفاظ کا مل جانا

۸۔ غلط حروفِ علت درج کرنا(Incorrect vocalization)

۹۔ ماورائے دعویٰ یعنی الفاظ یا حروف الٹ پلٹ لکھنا(Meta thesis)

۱۰۔ غلط مترادفات دینا(Substitution of synonyms)

۱۱۔ کسی پیرے کے الفاظ ذرا سے بدل کر آگے لکھنا

۱۲۔ متن میں حواشی یا تشریح شامل کر لینا

(ب) دانستہ یا ارادی

۱۔ ہجوں یا قواعد میں تبدیلی

۲۔ ہم آہنگی یا ملتے جلتے الفاظ اضافہ کرنا(Harmonization)

۳۔ دو مختلف نسخے یا قرأتیں شامل کرنا(Conflation of variants)

۴۔ نام اور کنیت شامل کر لینا

۵۔ فاعل اور مفعول کی تشریح کرنا

۶۔ کسی اور پیرا سے معلومات کا اضافہ کرنا

۷۔ مشکل مقامات حذف کر دینا

۸۔ غریب اور نادر الفاظ نکال کر بدل دینا

ان امور کی تشریحات بھی موجود ہیں جن کے لیے اُردو میں مثالیں اور متون تلاش کرنا درکار ہے۔ انگریزی میں کلین ہی سے بائیبل کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

Unintentional Changes

1. Confusion of similar letters.I Samuel 14:47:
MT: "He pronounced (them) wicked" (y r sh y ')
LXX: "He was victorious" (y w sh ' -- reading a w for an r)
2. Confusion of words that sound alike. I Samuel 28:2

MT: "you" ('attah)

LXX: "now" (apparently reading 'attah)

3. Omission because of similar endings(homoeoteleuton.

I Samuel 13:15:

MT: "And Samuel arose and set out from Gilgal to Gibeah of Benjamin"

LXX: "And Samuel arose and set out from Gilgal-- and went on his way; but the rest of the people went up after Saul to meet the soldiers. Then they came from Gilgal--to Gibeah of Benjamin."

4. Omission because of a similar beginning (homoeoarchton).

5. Haplography or single writing. I Samuel 17:46 has such a case:

LXX: "I will leave your corpses and the corpses of the Philistine army" (the words apparently coming from consonants p g r k)

MT For the words in italics the MT only has one p g r.

6. Dittography or double-writing. II Samuel 6:3-4:

"And they made the ark of God ride on a new cart, and they took it away from the house of Abinadab which is on the hill. Uzzah and Ahio, sons of Abinadab, guided the--new cart, and they took it away from the house of Abinadab which is on the hill."

7. Incorrect word division.

MT: "And he built the city"(I Chron. 11:8 [w y b n h ' y r])

LXX: "And he built it a city" (II Sam. 5:9 [w y b n h ' yr])

8. Incorrect vocalization. Psalm 130:4

MT: "there is forgiveness that you might be feared" (tiwware')

LXX: "law" (the translator saw the consonants and assumed it was the common noun t w r ' [tora], rather than a very rare, irregular verb he probably did not know).

9. Transposition of words or letters (metathesis).Samuel 17:39):

MT: "and he endeavored unsuccessfully" (w y ' l)--an awkward reading!

LXX: "and he exerted himself" (apparently reading w y l ')

10. Substitution of synonyms. I Samuel 10:25 has:

MT: "each man to his home"

LXX: "each man to his place" (also in 4QSama)

11. I Samuel 12:15

MT: "the hand of Yahweh will be against you and your fathers."

The reading "fathers" is difficult. LXXL has "your king." S. R.

Driver suggests that the frequent use of "fathers" in verses 6-8 may have led to the change accidently.

12. Mistaken inclusion of marginal comments into the text. Isaiah 24:4:

MT: "the heights with the land (mourn)"

1QIsa "the heights of the land (mourn)"

Intentional Changes

1. Changes in spelling or grammar. Modern translations often do this as well, occasionally putting the additions in italics, but not always.

2. Harmonizations.I Samuel 20:5 verses 34-35 tells that David hid for three days.

MT: "Let me hide in the open country until the third evening."

LXX: "Let me hide in the country until evening."

3. Conflation of variant readings.Ezekiel 1:20, the italicized words are missing in some Hebrew manuscripts, LXX, and Syriac.

MT: "Wherever the spirit wanted to go, they went, wherever the spirit wanted to go, and the wheels rose along with them."

4. Filling out names and epithets.II Samuel 3:3a

MT: "Chileab of Abigail (k l ' b l ' b y g l) the widow of Nabal the Carmelite"

LXX: "Dalouia the son of Abigaia the Carmelitess"

5. Supplying subjects and objects. "if LXX and MT differ in respect of a subject, it is probable that the original text had neither" (see Driver, Notes on the Hebrew Text, p. lxii).

6. Expansion from parallel passages.

7. Removal of difficult expressions.Job 1:5, 11 and 2:5, 9, the expression "curse God" was the original. The expression was offensive, and so was changed for the euphemism "bless God"--although the scribes knew it was "curse God."

8. Replacement of rare words with more common ones. Isaiah 39:1

MT: "[Hezekiah] became well" (w y kh z q)

1QIsa "[Hezekiah] became well" (w y kh y h)

علمِ زبان(Philology)انسانیاتی شعبے کی ایک شاخ ہے، جس کا اطلاق ادبی متون پر کیا جاتا ہے جو روایتی طور پر یہ ادنیٰ واعلیٰ تنقید پر منقسم ہے۔ اس کا بنیادی مقصود مصنف کے اصل متن کی بازتخلیق ہے، اعلیٰ صورت میں مصنف کے کام، اسلوب اور متن کی حقیّت کو ثابت کرنا ہے۔ نظریۂ اطلاعات و معلومات (Information Theory) سے حاصل کردہ طریق تحقیق کا اطلاق اسے دونوں میدانوں کے بعض

پہلوؤں سے ہم آہنگ کرنے کا باعث بنتا ہے۔متنی تنقید اور استحسان دونوں میدانوں میں اس کا تجربہ انگریزی، اطالوی اور دوسری عالمی زبانوں میں بے حد حوصلہ افزا رہا ہے۔متنی تنقید میں تین مختلف روایات کی جانچ روایتی طریقے کے نتائج سے ہم آہنگ رہی ہے جس میں بہت زیادہ وقت درکار ہوتا ہے۔ یہ تجربہ تیرھویں صدی کے اطالوی شعرا اور مکاتبِ فکر پر کیا گیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ متون کو ایک دوسرے کے قریب لا کر جانچنا ممکن ہے۔مزید برآں اس سے گمنام تحریروں کا دور متعین کرنے اور ان کا استحسان کرنے میں سہولت حاصل ہو جاتی ہے۔

نظریۂ اطلاعات

نظریۂ اطلاعات یا معلومات کیا ہے۔اس کی ایک تعریف یوں کی گئی ہے۔

> ''نظریۂ اطلاعات اطلاقی ریاضی اور انجینئرنگ کی ایک شاخ ہے جس میں معلومات یا اطلاعات کی مقدار پیمائی کی جاتی ہے......دیگر امور کے علاوہ یہ ابلاغ کے مطالعے کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے''۔

عام طور پر خارجی اور داخلی اصولوں اور شواہد میں خاصا امتیاز کیا جاتا ہے۔ خارجی اصولوں سے دوسرے مصنفین کی شہادتیں جمع کی جاتی ہیں جن میں تاریخی، ثقافتی اور سوانحی حوالے متون میں تلاش کیے جاتے ہیں اور ماخذوں کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔اس کے برعکس داخلی اصولوں میں علم زبان کے شواہد تلاش کیے جاتے ہیں، جن میں عروض، اسلوب، لفظیات وغیرہ سے بحث ہوتی ہے۔ یہ بھی بجا کہ اسلوبیات میں اسلوب پیمائی کے عددی اور مقداری طریقے بھی استعمال ہوتے ہیں اور طویل متن کے مختلف ورژن باہمی تقابل سے جانچے جاتے ہیں۔اس کی خاصی تفاصیل بیلی نے فراہم کر رکھی ہیں، جن میں ساخت، تعدد اور مصنف کے شعوری و لاشعوری الفاظ و انداز کو سمجھا جاتا ہے۔ خارجی و داخلی شہادتیں زبان میں الفاظ کے امکانات کا ایک جزو ہیں۔

نظریۂ اطلاعات کے دائرہ کار کی بنیاد ''زبان'' ہی ہے۔ایک عمدہ زبان میں دو بڑی خصوصیات پائی جاتی ہے۔اوّل، عام مشترک الفاظ، انھیں خاص اور غیر مشترک الفاظ کی نسبت چھوٹا ہونا چاہیے جیسے ''میں''، ''تو''، ''وہ'' تاکہ جملے طویل نہ ہوں۔دوم، اگر جملے کا کوئی حصہ کسی شور/ مداخلت کی وجہ سے سنا/ پڑھا نہ جا سکے تو سامع یا قاری مطلب یا مفہوم ضرور سمجھ لے۔

نظریۂ اطلاعات ۱۹۴۸ء میں کلاڈ شینون (Shannon) نے اپنے کام ''ابلاغ کا ریاضیاتی نظریہ'' میں پیش کیا تھا۔اس میں امکانات اور شماریات کو یک جا کیا گیا تھا۔الگورزم کو اس کا حسابی آلہ بنایا گیا جو دو متغیرات کے درمیان نسبت کی تلاش کا طریقہ ہے۔

اطلاعات کی پیمایش کا ایک ذریعہ حروف ہیں اور اطلاعیات کے میدان میں انھیں ہم بٹ(Bit) میں ناپ سکتے ہیں جو کمپیوٹر میں معلومات ریکارڈ کرنے کی اکائی ہے یعنی صفر یا ایک۔ اگر تین بٹ ہوں تو ان کے جوڑ آٹھ طریقوں سے سامنے آتے ہیں، (جیسے 000، 001، 010، 011، 100، 101، 110، 111)۔ انھیں ہم الگورزم کی زبان میں Log8 کہیں گے۔ اگر آپ کسی سکے کو دس لاکھ بار اچھالیں اور نتائج کا سلسلہ درج کرتے جائیں اور اس کا ابلاغ کرنا چاہیں تو آپ کو کتنے بٹ درکار ہوں گے؟ اس مسئلے کو یوں حل کیا جائے گا۔ سکے کے دو رخ ہوتے ہیں جو سامنے آنے کے ایک جیسے امکانات رکھتے ہیں یعنی پچاس پچاس فی صد۔ ہر ایک امکان کے ابلاغ کے لیے ایک بٹ درکار ہے۔ دس لاکھ بار اچھالنے کے ابلاغ کے لیے دس لاکھ بٹ درکار ہوں گے۔ فرض کریں کہ سکے کا ایک رخ لازماً صرف ۲۵ فی صد بار سامنے آتا ہے تو سارا ابلاغ ۳۰۰،۸۱۱ بٹ میں منتقل ہو سکے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ سکے کے ہر اچھال کے لیے ۸۱۱۳ء بٹ درکار ہوں گے۔ یہ کیا ہوا؟ ایک سے بھی کم بٹ؟ اگر یہ لازماً ۲۵ فی صد اور کم ہو جائے تو بٹ کی یہ ضرورت بھی اور کم ہوتی جائے گی۔ امکانات کا یہ معاملہ ارسطو کے نظریہ کے تحت ہوتا جاتا ہے۔ یعنی امکانات کی تعداد بڑھتی اور قوت کم ہوتی جاتی ہے جیسے:

۱/۲ ، ۱/۴ ، ۱/۸ ، ۱/۱۶ ، ۱/۳۲ ، ۱/۶۴............

اس سارے کے مجموعے کو یونانی حرف سگما Σ کی علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے اور الگورزم کے استعمال سے، جس میں P امکانات کے لیے استعمال ہوتا ہے فارمولا کچھ یوں ہوگا:

$$- \Sigma \ p(x) \log p(x)$$

ادبی امور اور متنی تنقید کے لیے ہمیں زیادہ ریاضیاتی اور شماریاتی فارمولوں سے تو بحث نہیں لیکن ان کی بنیاد سمجھ لینا بہت ضروری ہے۔ امکانات کی دنیا کو ہم کسی لفظ کے بہت سے امکانات یا کسی کتاب کے بہت سے نسخوں یا اشاعتوں میں وقوع پذیری کو ملحوظ رکھ کر جان سکتے ہیں، جیسا کہ متنی تنقید کے اصولوں میں ماخذوں کے شجرے کی بات ہوئی تھی، جس میں اغلاط اور اشتراکات کے امکانات سامنے آتے ہیں۔

نسخوں کا کمپیوٹری شجرہ

طباعت سے پہلے کتابیں ہاتھ سے لکھی جاتی تھیں اور مختلف نسخوں میں اختلافات راہ پا جاتے تھے۔ متنی تدوین انھی اختلافات کا جائزہ لینے اور درست نسخہ مرتب کرنے کا علم ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ایسا صرف قلمی نسخوں ہی میں نہیں ہوتا مطبوعہ نسخوں میں بھی ایسا ہوتا ہے۔ جیسا کہ فسانۂ عجائب کی ۱۸ کے قریب اشاعتیں مصنف کی زندگی ہی میں ہوئی تھیں۔ بعد کی کئی اشاعتوں کو ملا کر صحیح نسخہ مرتب کرنے کے لیے ان اٹھارہ کے اٹھارہ نسخوں کے ساتھ دیگر کا تقابل کرنا ضروری ہوگا۔ متنی تنقید کے قدیم طریقے میں مرتب یا تحقیق کار ایک نسخے

کو بنیاد بناتا ہے اور مختلف نسخوں کے ساتھ تقابل کرتا ہے لیکن اعلیٰ متنی تنقید کے اطلاعاتی طریقے میں متغیرات کو غلطی کے انداز تلاش کرنے کے لیے زیر مطالعہ لاتا ہے جس سے متن کی تاریخ مرتب ہوتی ہے۔ اس کے لیے اس کو نسخوں یا ضابطوں کا شجرہ (Stemma Codicum) وضع کرنا پڑتا ہے۔ نظریۂ اطلاعات میں کلیدی عنصر دو مسودات کے مابین ''فاصلے'' کی تعریف کرنا اور کوائف کے محولہ بالا امکانات کے درمیان ربط پیدا کرنا ہے۔ اس طرح وضع کردہ شجرے کو دوسرے دو مسودات کے درمیان پیدا شدہ شجرے کے ساتھ موازن کیا جاتا ہے۔ شجرے کی یہ تکنیک ہم اسماء الرجال، لسانی شاخوں، انواع واقسام کے رابطوں، تعلقات اور نسبتوں کی تشریح کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ شجرہ بنیادی طور پر حیاتیات میں استعمال ہوتا ہے اور وہاں اس کام کے لیے سافٹ ویر تیار ہو چکے ہیں۔ ادبی متون کے تقابلی مطالعے کے لیے اس سافٹ ویر کا پہلا استعمال Canterbury Tales Project میں ۸۴ قلمی نسخوں اور ۴ مطبوعہ نسخوں کے تقابل کے لیے استعمال کیا گیا۔ ان کے متون کمپیوٹر میں داخل کیے گئے اور تمام اختلافات سافٹ ویر کی مدد سے حاصل کیے گئے۔ بعدازاں ان نسخوں کو مشترک خصوصیات کی بنا پر گروہ بند کیا گیا۔ یہ سافٹ ویر ''تلاشِ لفظ'' اور ''اشاریہ سازی'' کے سافٹ ویر/ایڈیٹر سے ذرا مختلف نوعیت کا ہوتا ہے۔ اس کے استعمال کے لیے اس کی پیچیدگی کو سمجھنا ضروری نہیں۔ یہ سافٹ ویر لسانی اختلافوں اور مشابہتوں، زبان کی تاریخ اور لسانی ثقافت کو سمجھنے کے لیے مفید ثابت ہوئے ہیں۔ ذیل کا نقشہ مختلف نسخوں کے اختلاف کو سمجھنے میں مدد دے سکتا ہے۔

۳۳ نسخوں میں سے دو نسخوں نمبر ۳، ۴ میں ایک جیسے الفاظ ہیں لیکن وہ دوسروں سے مختلف ہیں۔ نمبر ۳، ۴ کے بعض اشتراکات نمبر ۲۹ کے ساتھ مشترک ہیں لیکن باقی نسخوں سے مختلف ہیں۔ اسی طرح نمبر ۱۴، ۳۳ بعض مقامات پر مشترک ہیں، پھر وہ دونوں مل کر نمبر ۱۵ کے ساتھ مشترک ہیں۔ وہ تینوں مل کر نمبر ۲۶ کے ساتھ

مشترک ہیں اور پھر یہ سب نمبر ۱۷ کے ساتھ مشترک ہیں۔

بینے وغیرہ نے ۳۴ نسخوں کے تقابل سے جو شجرہ بنایا وہ ظاہر کرتا ہے کہ نمبر ۱۷ اقدیم ترین نسخہ ہے ۔ نسخوں یا ضابطوں کا شجرہ ملاحظہ ہو۔

یہ تکنیکیں ہمیں بتاتی ہیں کہ نسخوں کا شجرہ اور خاندان بنا کر ہم ان کی قدامت کا اندازہ لگا سکتے ہیں اور اپنی فنی تدوین کو بھی تحقیق کا سائنسی مقام عطا کر سکتے ہیں۔ اگر چہ فی الوقت یہ کام پیچیدہ، ریاضیاتی یا شماریاتی اور کمپیوٹر سافٹ دیر سے متعلق معلوم ہوتا ہے لیکن یہ نسبتاً تیز رفتار آلہ ہے اور متن کی حقیقت معلوم کرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔ اُردو میں ایسے سافٹ ویر وضع ہو سکتے ہیں بشرطیکہ جامعاتی شعبہ ہائے اُردو متنی تنقید پر مبنی تحقیق کو سائنسی بنانے کا ارادہ کر لیں۔ اس مقصد کے لیے نظریۂ اطلاعات کو سمجھنا اور اس کا تحقیق میں اطلاق کرنا ضروری ہے۔ یہ روایتی لسانی طریقوں سے زیادہ مستند اور بہتر ہے۔

اعلیٰ متنی تنقید اور نظریۂ اطلاعات کا استعمال الفاظ کی طوالت، ان کے ہجا، سابقوں اور لاحقوں کی پیمایش، تعدد، اسلوبیاتی انداز، مترادفات اور متضادات، متلازمات وغیرہ کے استعمال کے حوالے ہی سے ہوتا ہے۔

نظریۂ اطلاعات، شجروں، لفظوں، عبارتوں کے تقابل کو جاننے کے لیے کچھ اہل تحقیق کو اس میدان میں بھی غوطہ زن ہونے کی ضرورت ہوگی اور چند افراد کو سائنسی ذہن کے ساتھ ادبیات میں کام کرنا ہوگا تب کہیں جا کر اُردو کا شعبہ سائنس کے میدان میں اپنا مقام پیدا کر سکے گا جیسا کہ انگریزی ادبیات نے پیدا کر رکھا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہم خود کو اس کے لیے تیار کرنا چاہتے ہیں؟ کیا واقعی ہم اُردو کو جدید دورِ اطلاعیات

میں قائم رکھنا چاہتے ہیں؟

کتابی نسخوں کی تدوین کو سائنسی تحقیق کا جزو ماننے میں علمائے تحقیق کو ہمیشہ تامل رہا ہے جبکہ اعلیٰ متنی تنقید میں نسخہ پیمائی کو سائنسی طریقوں سے بھی روبہ عمل لایا جاسکتا ہے۔ شرط صرف سائنسی ذہنیت اختیار کرنے کی ہے۔ دورِ جدید میں یہ کام کمپیوٹر کی مدد سے انجام دیا جاسکتا ہے۔ اطلاعیات کا میدان اس کے لیے خاصا سرگرم ہے۔ بنیادی اصول یہ ہے کہ دونسخوں کو باہم جانچنے کے لیے اطلاعیات کا علم اور تکنیک استعمال کی جائے اور نظریۂ اطلاعات کے سافٹ ویر کو استعمال کر کے اس سے حاصل شدہ لفظیات کے ''فاصلے'' کا تجزیہ کیا جائے۔ نظریۂ اطلاعات کا یہ انداز شینون جیسے محقق نے برقیاتی ابلاغ کے حوالے سے پیش کیا تھا۔ آج یہ نظریہ کمپیوٹر سائنس، موبائل فون، خفیہ نگاری، حیاتیات اور طبیعیات کے علاوہ ابلاغ اور ادبیات کے لیے بھی استعمال ہو رہا ہے۔ یہ اکیسویں صدی کی پیداوار اور تحفہ ہے۔

ڈاکٹر خلیق انجم سے لے کر ڈاکٹر تنویر علی، رشید حسن خان اور پھر ڈاکٹر گیان چند تک ہمارے اکثر قدیم اور روایتی محققین ہمیں نسخوں کے تنقیدی ایڈیشن شائع کرنے تک محدود کرتے رہے اور اسی کام کو تحقیق قرار دینے پر بضد تھے۔ انکشافِ متن (Heuristics) اور تنقیدِ متون (Recension) کو تمسیخ (Corruption) کے جس عمل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس کے لیے اصول بھی وضع ہوئے اور نسخوں کی تقدیم و تاخیر اور گروہ بندی کے کئی طریقے بھی سامنے آئے۔ اختلافِ نسخہ جات معلوم کرنے کی بھی کئی تکنیکیں وضع کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن ہمارے اکثر تدوین کار کسی نسخے کی تدوین کے بعد ان سب باتوں کو درج کرنا تحقیق کی شان سمجھتے اور یوں ''محقق'' بننے کا عمل پورا کرتے۔ جدید سائنسی تحقیق میں یہ سب کچھ ''گردِ راہ'' ہے جسے ''منزل'' پر موجود نہیں ہونا چاہیے مگر اُردو کے مدونین کا کیا کیا جائے کہ وہ اسی کی پیش کش کو تحقیقِ اعظم قرار دینے پر مُصر ہیں۔ اپنے آلات کار اور حساب کاری ہی کو ''کارنامہ'' سمجھتے ہیں۔ ایسے تمام پہلوؤں کو یہ سافٹ ویر سنبھال سکتا ہے۔ نتیجے کے طور پر نسخوں کی قدامت، استناد، الفاظ اور عبارتوں کی صحت اور درست نسخ کی بنیاد حاصل ہوتی ہے۔

کمپیوٹر میں سلکِ حروف کی طوالت کو کم کرنے کے لیے زِپ (Zip) استعمال کی جاتی ہے جس میں دراصل بعض حروف ''غائب'' ہو جاتے ہیں لیکن امکانی طور پر ''معلوم'' ہوتے ہیں اور حسبِ ضرورت حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ نسخوں کے تقابل اور تدوین میں اسی سے مدد لی جاتی ہے جو بعض نامعلوم حروف یا الفاظ کو ''زپ'' کے اصول پر ''معلوم'' کی صف میں ڈال دیتے ہیں۔ گویا نامعلوم پیچیدگی کو جاننے کا ایک بہت اچھا آلہ دستیاب ہو گیا ہے۔ اس میں بتکرار آنے والے حروف کے ''امکانات'' کا حساب کر کے انھیں غائب کر دیا جاتا ہے اور محض امکانات کا فارمولا باقی رہ جاتا ہے۔ اگر یہ فارمولا غیر محدود طوالت کی عبارت پر لگائیں تو تمام نامعلوم حروف یا الفاظ سامنے آجائیں گے۔

اسے Lu77 الگورزم کا نام دیا گیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ سافٹ ویر ساری عبارت میں مکرر حروف/عبارتیں تلاش کرتا ہے۔ تکرار کو محض عدد کے ایک نشان سے ظاہر کرتا ہے اور ''فاصلے'' کا تعین کرتا ہے اور ایک طوالت پیش کرتا ہے جو حروف کی طوالت کو ''ہم تکراری'' ظاہر کرتی ہے۔ مثلاً کسی متن میں کوئی سلسلہ ہم تکرار (ف،۳) سے ظاہر ہوتا ہے۔ یہاں ''ف'' تکراروں کا درمیانی فاصلہ ہے۔ یاد رہے کہ زپ میں سافٹ ویر الفاظ کو نہیں پہچانتا بلکہ حروف کا ایک ''سلسلہ'' سمجھتا ہے۔ ''۳'' کا عدد اس کی تیسری تکرار یا تعدد کو ظاہر کرتا ہے۔ اوسط ''سلسلہ'' یا لفظ زیادہ سے زیادہ دس حروف/بٹ پر مشتمل ہونا چاہیے تو زِپ کے اصول کے مطابق اسے کم جگہ درکار ہوگی۔

کسی بھی عبارت میں صرف حروف ہوتے ہیں جو بار بار مختلف ترتیبوں کے ساتھ سامنے آتے ہیں۔ اگر ایک ترتیب بار بار آ رہی ہو تو گویا اگلی بار وہ حروف لکھنے کی ضرورت نہیں، بس بتا دیں کہ فلاں حروف کا فلاں گروہ پھر آ گیا ہے۔ زِپ اسی اصول کا نام ہے۔ مثلاً ایک جملہ زِپ میں ملاحظہ ہو ''اکبر کی اک ناک''۔

اس خاکے میں ''اک'' کا لفظ دوسری بار آنے پر ''ف ا'' رہ گیا اور تیسری بار آنے پر ''ف ۲''۔ اب اگر کسی ایسی عبارت میں دوسری بار ''اک'' نہ آئے تو اسے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ یہاں ایک اور اصطلاح ''قطع اضافی'' (relative entropy) سامنے آتی ہے، جو دو عبارتوں کے درمیان فاصلے''، ''دوری'' یا ''اجنبیت'' کو ناپنے کا پیمانہ ہے۔ مثلاً اگر ہم کوئی اطالوی عبارت انگریزی حروف سے ٹائپ کرنے لگیں تو ہمیں چند اضافی حروف یا ضابطوں کی ضرورت پڑے گی۔ دونوں کا یہ اضافی فرق ''قطع اضافی'' کہلاتا ہے۔ دو نسخوں کے درمیان بُعد یا اجنبیت اس سے معلوم کی جاتی ہے۔ اسے الفاظ یا سلسلوں کے درمیان ''فاصلے'' سے تعبیر نہ کیا جائے۔ ''قطع اضافی'' ناپنے کے لیے حال ہی میں ایک انداز بنی ڈیٹو نے اختیار کیا ہے۔ مقصود یہ ہے کہ دو متون (الف، ب) کے درمیان ''اجنبیت'' معلوم کرنے کے لیے ''قطع اضافی'' کی خصوصیات معلوم کی جائیں۔

کمپیوٹر میں نسخہ ''ب'' کا ''سلسلہ'' بڑھنا شروع ہوتا ہے اور ''ذیلی سلسلے'' معلوم کیے جاتے ہیں جو نسخہ ''الف'' میں موجود تھے۔ یہ ''سلسلے'' اگر ''ب'' میں مکرر آئیں تو ان پر ''نشان'' لگا دیتے ہیں۔ اس سے ہمیں دونوں نسخوں کے درمیان ''قطع باہم'' (cross entropy) معلوم ہو جاتی ہے اور بالآخر ''قطع اضافی'' حاصل ہو جاتی ہے۔ اب ہم دونوں نسخوں کے درمیان موجود ''اجنبیت'' یا ''دوری'' جان لیتے ہیں۔ ایک ''اجنبیت'' مثلاً ''م'' ہو تو اسے تین ضروریات پوری کرنی چاہئیں: اثباتیت، تشاکل، تثلیثی عدم مساوات۔ اگر قطع اضافی آخری دو خاصیتیں پوری نہ بھی کرتی ہو تب بھی کبھی منفیت ظاہر نہیں کرتی۔ تب ہم متشاکل ''قطع اضافی'' تلاش کر کے سلسلوں کے ایسے ہی جوڑے میں عدم تطبیق معلوم کر سکتے ہیں۔

اعلیٰ متنی تنقید اور اطلاعیات

اس اجنبیت یا عدم تطبیق سے ہم کل مجموعے کے ''شجرے'' وضع کر سکتے ہیں اور یوں ایک جال (Matrix) بُن سکتے ہیں، جس کی بنیاد متون کے جوڑوں کے درمیان ''اجنبیت'' ہے اور اس کے پتے مجموعے کے عناصر ہیں۔ یوں ہم درجہ بندی یا صنف بندی تک پہنچ جاتے ہیں۔

اس طریقے کی درجہ بندی کی اس قوت سے فائدہ اٹھا کر اعلیٰ متنی تنقید میں کام لیا جا سکتا ہے اور کسی خاص عہد کے قلمی نسخوں یا مطبوعات کے مختلف ورژنوں میں تقابل ہو سکتا ہے۔ انگریزی میں اس سافٹ ویر سے کام لیا جا رہا ہے اور نسخوں کی قدامت معلوم کی جا رہی ہے۔ خاص طور پر ایک ہی مصنف کے مختلف نسخوں/ ورژنوں میں ''اجنبیت'' کی تلاش کے ذریعے سے اس عہد کے لسانی کینڈے سے ہم آہنگ ہونے کی ''شرائط'' کے حوالے سے استناد حاصل کیا جا سکتا ہے۔ **کینٹر بری ٹیلز** کے علاوہ **ڈیوائن کامیڈی** کے نسخوں پر بھی اسے آزمایا جا چکا ہے۔

اس سافٹ ویر سے متون میں موجود مرتبین کے اضافے اور الحاقات، اغلاط اور تسامحات الگ کیے جا سکتے ہیں۔ خواہ وہ **مثنوی سحر البیان** کے نسخے ہوں یا **ہیر وارث شاہ** کے، الحاقی اشعار تک کو معلوم کیا جا سکتا ہے۔ اغلاطِ کتابت اور اضافات وملحقات کی نشاندہی ہو سکتی ہے۔ کام صرف یہ کرنا ہے کہ word میں تمام متون ٹائپ کر کے کمپیوٹر میں داخل کر دیے جائیں۔ ٹائپ کرنے یا لفظ کاری (word processing) کے اس عمل میں Inpage جیسے سافٹ ویر کام نہیں دے سکتے۔ اس کے لیے اُردو ونڈوز (M.S. Word) یا مقتدرہ کا پاک نستعلیق فانٹ زیرِ عمل لایا جا سکتا ہے۔ دوسرا سافٹ ویر ان عبارتوں کو دس ہزار حروف کی فائلوں/مسلوں میں تقسیم کر کے ان کا تجزیہ کرنا شروع کر دے گا۔ مصنف کی نثری یا شاعرانہ خاصیتوں کا اندراج کیا جاتا ہے اور تمام متون کے جوڑے شجروں کی صورت میں وضع ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ کئی تجربات کرنے کے بعد بنی ڈیٹو کے اصولوں پر عمل درآمد کرتے ہوئے ''جال'' تیار ہوتے ہیں جو متشاکل متون اور شجروں کی صورت میں مکمل تصویر سامنے لاتے ہیں۔ اس سافٹ ویر میں نثر کی نسبت شاعری پر کام کرنا آسان ہوتا ہے۔ ادبی حوالوں سے متنی تنقید (شکل نمبر ۱) اور تکنیکی شجروں میں پیدا شدہ صورت حال (شکل نمبر ۲) کا تقابل کیا جا سکتا ہے جس میں (Devine Comedy) کے متون کی متنی تنقید کا عمل انجام دیا گیا تھا۔ انگریزی کی مثال اس لیے پیش کی جا رہی ہے کیونکہ اُردو میں ابھی ایسا کوئی عمل سامنے نہیں آیا۔

Figure 1. Summarized and simplified phylogenetic tree of the poetry works of 13th century (the length of the branches does not represent the distances): Dante Alighieri Inferno = 17 files; Dante Alighieri Purgatorio = 17 f.; Dante Alighieri Paradiso = 17 f.; Fiore = 12 f.; Detto d'Amore = 2 f.; Brunetto Latini Favolello = 1 f.; Brunetto Latini Tesoretto = 7 f.; Intelligenza = 10 f.; Cino da Pistoia son. = 1 f.; Dante Alighieri Vita Nova canz. - son. = 4 f.; Guido Cavalcanti canz. - son. = 3 f.; Dino Frescobaldi canz. - son. = 2 f.; Gianni Alfani canz. = 1 f.; Lapo Gianni canz. = 2 f.; Cino da Pistoia canz. 1 = 2 f.; Cino da Pistoia canz. 2 = 2 f.; Dante Alighieri canz. 1 = 2 f.; Dante Alighieri son. 1 = 1 f.; Guido Cavalcanti son. = 1 f.; Dante Alighieri son. 2 = 1 f.; Dante Alighieri canz. 2 = 2 f.

Figure 2. Detail of a branch of the phylogenetic tree illustrated on fig. 2: Poesia cort. tosc. 1 = Panuccio dal Bagno canz. - son. (4 files) and Dante da Maiano canz. - son. (5 f.); Poesia cort. tosc. 2 = Carnino

Ghiberti, Bondie Dietaiuti, Neri de' Visdomini, Maestro Francesco, Inghilfredi da Lucca (2 f.), Bonagiunta Orbicciani canz. (2 f.), Pucciandone Martelli; Poesia cort. tosc. 3 = Chiaro Davanzati canz. - son. (8 f.), Rustico Filippi, Noffo Bonaguidi,
Guittone d'Arezzo son.; Poesia cort. tosc. 4 = Guittone d'Arezzo canz. - son. (24 f.), Bacciarone di messer Baccone, Meo Abbracciavacca, Monte Andrea canz. - son. (11 f.), Jacopo da Leona; Scuola siciliana = Re Enzo, Stefano Protonotaro, Pier delle Vigne, Rinaldo d'Aquino, Federico, Ruggieri d'Amici, Giacomino Pugliese (2 f.), Ruggierone da Palermo, Tommaso di Sasso, Giacomo da Lentini canz. (3 f.), Mazzeo di Ricco, Jacopo Mostacci, Guido delle Colonne; Poesia cort. emiliana = Tommaso da Faenza and Onesto da Bologna; Stil novo = Guido Orlandi, Dino Compagni; Poesia "realistica tosc." 1 = Cecco Angiolieri son. (6 f.), Meo dei Tolomei (2 f.); Poesia "realistica tosc." 2 = Cenne da la Chitarra, Folgore da San Gimignano (2 f.), Muscia da Siena, Cecco Angiolieri son. dubbi (2 f.). Moreover: Chiaro Davanzati caz. - son. = 6 f.; Amico di Dante canz. - son. = 3 f.; Rustico Filippi son. (2 f.); Mareamoroso (2 f.); when the file number is not specified it means that there's only 1 file.

نامعلوم مصنفوں کے کاموں/نسخوں کو بھی اس کے ذریعے سے جانچا جا سکتا ہے اور اس کا عہد تصنیف معلوم ہو سکتا ہے۔ اُردو کا کوائفیہ (Database) جتنا بڑھتا جائے مختلف مصنفوں کے محضر اور طرز بیان، کینڈوں اور اسلوبوں سے تقابل اتنا ہی آسان ہوتا جائے گا۔ لغات نویسی آسان ہو جائے گی۔ الفاظ کا سن اور قرن متعین ہو سکے گا۔

کمپیوٹر میں کسی ایک عہد کے متون جس قدر زیادہ ہوں گے، ''اجنبیت'' اور ''فاصلے'' کا مطالعہ اتنا زیادہ واضح اور صحیح ہوگا۔ یوں اُردو میں متنی تنقید کو بھی سائنٹیفک تحقیق کا درجہ حاصل ہوگا۔ تاہم کمپیوٹر کسی بھی نسخے کو اساس قرار نہیں دے سکتا۔ یہ علمی دقتِ نظری کا کام ہے۔ بنیادی اصول یہ ہے کہ حروف، الفاظ یا متون کے شجرے کسی مواد کی مختلف اطراف کو منظم کرنے میں مدد دیتے ہیں اور ادبی کاموں کو سائنسی تحقیق کی بنیادیں فراہم ہوتی ہیں۔ مختلف متون کے درمیان نظریۂ اطلاعات کے استعمال سے علم زبان کے بہت سے شعبوں میں کام کی یکسانیت اور استناد حاصل ہوتا ہے۔ تجزیوں، درجہ بندیوں کے مسودات کے ماخذوں کا صحت کے ساتھ تعین ہو سکتا ہے۔ اس سے لغات اور الفاظ کو اطلاعیات، مواصلات اور موبائل کی دنیا میں زیادہ عمدہ اور بہتر انداز سے استعمال کرنے میں مدد ملے گی۔ اُردو میں تحقیق کی سمت بدل جائے گی اور ادب کی تخلیق میں بہتری، تفحص اور تعمق پیدا

ہوگا۔متون زیادہ عملی، منظّم اور واضح ہوسکیں گے۔تاریخ، قانون اور دستاویزی دنیا میں بھی ایک تکنیکی انقلاب برپا ہوگا۔ اُردو تحقیق کی بنیادیں زیادہ پختہ، گہری اور استوار ہوں گی۔(۲۰۰۸ء میں "دریافت"، اسلام آباد، "اخبار اُردو"، اسلام آباد، "الماس" خیر پور، "تحقیق" جام شورو اور "اورینٹل کالج میگزین" لاہور میں مختلف کی اشاعتوں کے بعد یکجا۔ جولائی ۲۰۰۸ء میں نظر ثانی کے بعد)

۱۰

اُردو اطلاعیات کی نصابی شمولیت

یونیسکو کی دستاویز برائے تیاری نصابِ اطلاعیات میں درج ہے کہ اطلاعیات (Informatics) ایک نیا میدانِ عمل ہے۔ نتیجے کے طور پر اطلاعیات کی تدریس مسلسل تبدیلیوں کا شکار رہتی ہے۔ وزارت تعلیم اور اعلیٰ تعلیمی کمیشنوں کو ان تبدیلیوں کے لیے یونیسکو کے تیار کردہ The Curriculum Framework, 2000, (ICF-2000) Informatics کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔ یہ دستاویز اس لیے تیار کی گئی ہے کہ ان تبدیلیوں سے عہدہ برآ ہونے کی اساس وضع کی جا سکے۔[1]

اطلاعیات کا یہ نصاب مقامی ضروریات کے مطابق مرتب ہونا چاہیئے۔ جہاں ابھی اطلاعیات (Informatics) ایک نیا میدان عمل ہے، وہیں اس کی ذیلی شاخیں بھی وضع ہونا شروع ہو چکی ہیں، جو اور بھی نئی ہیں۔ ان میں حیاتی اطلاعیات (Bio-Informatics) سے لے کر اُردو اطلاعیات (Urdu Informatics) تک ایک طویل فہرست سامنے آتی ہے۔

وکی پیڈیا میں "اطلاعیات" کی تعریف یہ کی گئی ہے کہ یہ اطلاعات و معلومات کی سائنس ہے جس میں اطلاعات کی عمل کاری اور اطلاعاتی نظام کی انجینئری کا احاطہ کیا جاتا ہے یعنی:

اطلاعات کی جمع آوری اور ترتیب اور تحصیل کا سارا عمل کمپیوٹر کی مدد سے انجام دینا "اطلاعیات" کہلاتا ہے۔ اس کے اصل الفاظ میں یہ تعریف مفصل طور پر یوں بیان ہوئی ہے۔[2]

> "**Informatics** is the science of information, the practice of information processing, and the engineering of information systems. Informatics studies the structure, algorithms, behavior, and interactions of natural and artificial systems that store, process, access and communicate information. It also develops its own conceptual and theoretical foundations and utilizes foundations developed in other fields. Since the advent

of computers, individuals and organizations increasingly process information digitally. This has led to the study of informatics that has computational, cognitive and social aspects, including study of the social impact of information technologies.

Used as a compound, in conjunction with the name of a discipline, as in medical informatics, bioinformatics, etc., it denotes the specialization of informatics to the management and processing of data, information and knowledge in the named discipline, and the incorporation of informatic concepts and theories to enrich the other discipline; it has a similar relationship to library science."

۱۹۹۸ء میں جب اُردو کی کمپیوٹر کاری (Computerization) کا عمل شروع ہوا تو کمپیوٹر پر اُردو کے کوائف (Data) کی عمل کاری (Processing) یا کوائف کاری (Data Processing) کے لیے "اُردو اطلاعیات" (Urdu Informatics) کی اصطلاح وجود میں آئی، جس میں اُردو کی حرف چینی/کتابت سے لے کر اُردو کی کمپیوٹری لسانیات اور اس کی انجینئری تک ایک وسیع میدان زیرِ عمل آیا۔ مقتدرہ قومی زبان کے مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات سے لے کر نیشنل یونیورسٹی فاسٹ لاہور کے CRULP تک کئی ادارے، مائیکروسافٹ کا مقامی کاری (Localization) پروگرام (LLP) اور موبائل فون کمپنیاں Nokia, Motorola وغیرہ اسی میدان کو مستحکم کرنے میں سرگرمِ عمل ہوئے۔ اُردو اطلاعیات کے بارے میں وکی پیڈیا میں یوں بیان ہوا ہے۔[۳]

Urdu Informatics (Urdu: اُردو اطلاعیات) relates to the cutting-edge research and efforts in bringing the utilities and usage of Urdu language to the modern information and communication technologies in education and businesses.

National Language Authority has been at the forefront in introducing Urdu Informatics as a tool for wider standardisation of the language. Apart from development of Urdu keyboard, one of the key steps in this respect has been the establishment of a Centre of Excellence for Urdu Informatics in Islamabad, Pakistan.Project Director Dr. Attash Durrani coined this term in 1998 to establish this discipline as a branch of Informatics۔"

ہائر ایجوکیشن کمیشن نے اپنے نصاب برائے اُردو (۲۰۰۳ء) میں ابھی ایم اے اور ایم فل کی سطح

کے "اُردو کمپیوٹر وانٹرنیٹ سے استفادہ" اور "لسانیات" کے کورس شامل کیے ہیں۔[۴]
قومی نصاب برائے اُردو کے لیے وفاقی وزارت تعلیم نے اُردو میں کمپیوٹر، انٹرنیٹ، ای میل وغیرہ کو، ایف اے تک نصاب ۲۰۰۶ء کا حصہ بنایا ہے۔[۵]
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے البتہ لسانی اطلاعیات کے اس پہلو کو اپنے کمپیوٹر سائنس کے شعبے میں شریک کیا ہے۔ BS اور MS کے تخصیصی میدانوں میں کچھ مضامین کا رخ اس سمت کیا ہے اور پی ایچ ڈی کے پروگرام میں فطری زبان کاری (Natural Language Processing) اور علمی انجینئری (Knowlege Engineering) کو اہمیت دی ہے، جو "اُردو اطلاعیات" کے لیے بھی بنیاد کا کام دیتی ہے۔
علم التعلیم (Education) کے میدان میں بھی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کورس "تدریسیاتِ اُردو" (۲۰۰۳ء) برائے ماسٹر آف ایجوکیشن میں "تدریسِ اُردو اور کمپیوٹر" کے نام سے اور Text Book Development کورس (۲۰۰۶ء) میں "ای ٹیکسٹ بک" کے نام سے اجزاء شامل کیے گئے ہیں۔ لائبریری سائنس کے کورس میں "مسل داری" میں KWIC اور KWOC انداز میں اُردو مسل داری، اشاریہ سازی اور "آٹومیشن" کو شامل کیا گیا ہے۔
اب سوال یہ نہیں کہ "اُردو اطلاعیات" کا مضمون ہونا چاہیئے یا نہیں۔ سوال صرف یہ ہے کہ اسے کس طرح سے ہونا چاہیئے؟ بنیادی طور پر یہ میدان دو علوم سے تعلق رکھتا ہے۔ "اُردو" اور "اطلاعیات"۔ اُردو کے میدان میں اس کی ذیلی صورت "لسانیات" اور "قواعد" ہے اور مسئلہ یہ ہے کہ اُردو کا میدان ابھی ان میں بھی مہارت اور تخصص کی سطح تک نہیں پہنچا۔ "اطلاعیات" کا میدان بھی ابھی "کمپیوٹر سائنس" اور "انفارمیشن سائنس" کے مضامین ہی کے اندر غوطے کھا رہا ہے، جبکہ اطلاعیات محض کمپیوٹر کی اطلاقی صورت کا نام ہے۔
پہلے ہم "اُردو" کے میدان کو لیں۔ اس کی اعلیٰ نصابی سطح بھی صرف "ادبیات" ہی کا احاطہ کرتی ہے۔ زبان، لسانیات، ترجمہ کاری، اصطلاحیات، تدریسیات، اصولِ تحقیق اور ادب کے حوالے سے جدید ادبیات، پاکستانی ادبیات اور عالمی تقابلی ادبیات کا احاطہ بھی نہیں ہو رہا۔ "اُردو اطلاعیات" کے میدان میں ان تمام امور کی اہمیت ہے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے محولہ بالا جدید نصاب میں بھی یہ کہا گیا ہے:۔[۵]

"زبان کی حیثیت مسلمہ ہے، تاہم طلبہ میں ادب کے تصورات
کو زیادہ واضح انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔"

یہ بیان نہ صرف زبان کی اہمیت کو کم بلکہ رد کرتا ہے۔ اُردو لازمی بی اے کے مضمون میں "قواعد" کے نام سے جو باب شامل ہے، اس میں بھی صرف ادبی اصطلاحات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ زبان،

لسانیات، ترجمہ، اصطلاحیات، اطلاعیات کا تعارف اسی سطح پر ہو جانا چاہیئے تھا۔ اُردو لفظ سازی، اصولِ تحریر، پاکستانی اُردو، پاکستانی ادب اسی سطح کی چیزیں ہیں۔

ایم اے اُردو کے نصاب میں بھی تاریخِ ادبِ اُردو کے سیاسی پس منظر، نفسیاتی تاریخ، اُردو زبان کا ارتقاء، اُردو اطلاعیات کی بنیادی ضرورتوں، صرفیات (Morphology)، نحو (Syntax) وغیرہ کو تدریس میں شامل ہونا چاہیئے۔ تدوین کے بنیادی اصول، متنی انتقالات وغیرہ بھی کمپیوٹری استعمال کے ساتھ آنا چاہئیں۔

ایم فل اُردو کی سطح پر تو ایسے کمپیوٹری لسانیات (Computational Linguistics) کی تفاصیل اور اُردو ترجمہ کاری اور اصطلاحیات جیسے مضامین کے ساتھ شامل کرنا چاہیئے۔ تحقیق اور تدوین میں بھی کمپیوٹری استعمالات اس کا حصہ ہونا چاہئیں۔ یہ صورتیں ہوں گی تو اُردو کا ایم فل پاس طالبعلم اُردو اطلاعیات کے ایم فل کی بنیاد بن سکے گا۔

جہاں تک "اُردو اطلاعیات" کے اعلیٰ سطحی نصاب کا تعلق ہے، فی الوقت اس کے نفاذ کے امکانات تین اداروں میں ہیں:

۱۔ مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات، اسلام آباد

۲۔ وفاقی اُردو یونیورسٹی، اسلام آباد/کراچی

۳۔ نیشنل یونیورسٹی فاسٹ، لاہور

لیکن نچلی سطح پر یہ نصاب بہت سے اداروں میں شامل ہو سکتا ہے، مثلاً ماسٹر سطح پر یہ MCS اور MIT کے تخصیصی میدان کے طور پر MT اور سافٹ ویئر انجینئرنگ میں تخصص کے طور پر، بی ایس سی میں بعض حصوں میں ایریا یا تخصص کے انداز میں اسے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

اُردو اطلاعیات ہی اُردو کا مستقبل ہے اور خود یہ مستقبل کے پیشہ ور اور تحقیق کار تیار کرنے کا ایک ایسا عمل ہے جو اپنے روزگار کے میدان خود پیدا کرے گا۔ ضرورتیں بدلتی رہیں گی اور کل کی نصابی ضروریات بھی مختلف ہوتی چلی جائیں گی۔ کل کی ضرورت کا کل کے ماہرین جائزہ لیں گے۔ فی الوقت اس کی تین سطحیں یوں ہوں گی:۔

۱۔ غیر پیشہ ورانہ سطح: اس میں کمپیوٹر کے میدان سے دور افراد کی تربیت کا عمل شامل ہے۔ انھیں اطلاعیات کا استعمال سکھانا مقصود ہے مثلاً اُردو کے طلبہ، تحقیق کار اور اساتذہ کو اس میں عمل کار (Processor) اور ابلاغیاتی نظام (Communication System)، تحقیق و تدوین کے آلات (Research and Editing Tools) وغیرہ کی تربیت دی جائے گی۔

۲۔ تکنیکی سطح: اُردو اطلاعیات کے تکنیک کار۔ مثلاً اُردو کے سسٹم انجینئر، اُردو سافٹ ویئر ڈویلپرز وغیرہ تربیت

پا ئیں گے۔

۳۔ پیشہ ورانہ سطح: اُردو اطلاعیات کے پیشہ ور جو فانٹ، مشینی ترجمہ، کوائفیہ، کوائف گھر اور دوسرے ایسے کاموں کو وضع کریں گے۔ یہ مختلف اداروں میں ان کی پیشہ ور مہارتوں کے لیے درکار ہوں گی۔

۴۔ ماہرانہ سطح: اُردو اطلاعیات کے لسانی اور انجینئرَی کے میدانوں میں مہارت اور تخصص کے حامل افراد جیسے پروفیسر، مینجر وغیرہ کی تربیت۔

ان سطحوں پر تمام افراد کے لیے عام تربیتی کورسوں کے علاوہ گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کورس درکار ہوں گے۔ تربیتی سطح کے لیے ۲۰ کریڈٹ پوائنٹ تک کے کورس کافی ہوں گے اور بنیادی آلات اور تصورات کی تعلیم بہت ہوگی۔ گریجویٹ سطح پر ۴۰ سے ۸۰ کریڈٹ پوائنٹ اور پوسٹ گریجویٹ پر ۱۶۰ کریڈٹ پوائنٹ بہت ہو سکتے ہیں۔

تربیتی سطح پر اطلاعیات کے آلات، سافٹ ویئر، اطلاعیات کی پیش کش اور تحصیل کے کورس ہوں گے۔ تکنیکی سطح پر الگورزم، سسٹم ڈیزائن، سافٹ ویئر کی تنصیب، کمپیوٹر سسٹم، آرکی ٹیکچر، سماجی اور اخلاقی اطلاقات وغیرہ جیسی مہارتیں درکار ہوں گی۔ پیشہ ورانہ سطح پر گریجویٹ ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کے علاوہ کمپیوٹری لسانیات، کمپیوٹری کتابت وغیرہ کو ملحوظ رکھیں گے۔ تحقیق اور انجینئرَی اس کا حصہ ہوں گے۔ انھیں غیر اطلاعیاتی مضامین بھی پڑھنا ہوں گے جیسے "سائبر جرائم"، "اخلاقیات"، "نظم ونسق"، "قانون"، "نفسیات"، "لسانیات"، "فلسفہ" اور "سماجی علوم" کے متعلقہ پہلو۔ ماہرانہ سطح پر ہر قسم اور ہر پہلو پر تحقیق اور تکنیک شامل ہوگی۔

اطلاعیات کے مجوزہ نصاب میں یونیسکو کے مندرجہ ذیل خیالیے (Themes) شامل کیے گئے ہیں:-[۶]

1. Representation of Information
2. Formalising in Information Process
3. Information Modelling
4. Algorithmics
5. System Design
6. Software Development
7. Potentials of other Technologies
8. Computer Systems and Architecture
9. Computer Based Communication

10. Social and Ethical Informations

11. Personal and Interpersonal Skills.

12. Context of other Disciplines

زبان اور ٹیکنالوجی کے موضوع پر جو کانفرنسیں ہوئی ہیں، ان میں CLT-07 باڑہ گلی، اگست ۲۰۰۷ء قابل ذکر ہے جس میں مندرجہ ذیل موضوعات پیش نظر رکھے گئے۔۵؎ یہی موضوعات CLT-09 جنوری ۲۰۰۹ء نیشنل یونیورسٹی فاسٹ لاہور کے لیے بھی سامنے آئے ہیں۔ مجموعی طور پر یہ موضوعات حسب ذیل ہیں:

Anaphora, Semantics,Phonetics, Phonology, Morphology, Syntax, Corpus Linguistics, Discourse, Analysis, Wirting System, Ontologies, Text Summarization, Linguistic Resources, Speech Recognition, Text to Speech Analysis, OCR, Handwriting Recognition, Localization, Stemming, POS Tagging, Grammar Modelling, Fonts, Machine Translation, Information Retrieval and Computer Assisted Language Learning.

اگر ہم اس میں اُردو کے مندرجہ ذیل پہلو شامل کریں تو اُردو اطلاعیات کے نصاب کی بنیادیں استوار ہوتی نظر آتی ہیں:

۱۔اُردو لسانیات (صرفیات،صوتیات وغیرہ)

۲۔صرف ونحو

۳۔حروف اور کتابت

۴۔علمِ ترجمہ اور اصطلاحیات

۵۔علمِ تدوین اور تحقیق

پیشہ ورانہ سطح پر اس نصاب کا احاطہ مندرجہ ذیل امور تک وسیع ہوگا:

1.Font and OCR Development/ Script and Character Sets (حروف اور فانٹ)

2. Standardization and its Institutes/ ISO, UNICODE etc (معیار بندی).

3. Localization and Translating tools(مقامی ترجمہ کاری)

4.Speech to Text to Speech(آواز تا متن تا آواز)

5. Machine Translation/ Translatology(مشینی ترجمہ)

6. Data Base and Data Bank/ House (کوائف گھر)

7. Information Processing and Retrieval(اطلاعات کاری و بازگیری)

8. Natural Language Processing(فطری زبان کاری)

9. Knowledge Engineering and Thesaurus Building
(علمی انجینئری تھیسارس)

10. Document Engineering and Researching
(دستاویزی انجینئری و تحقیق کاری)

11. Pedagogy and Andragogy (E-Teaching-Learning)/ Fluid
Text and Tools(تدریسیات اطفال و بالغاں)

12.Web and Internet(ویب، انٹرنیٹ)

13. Informatics Business Management (E-Business etc.)
(برقیاتی تجارت)

14. E-Governance (Language Aspect)(برقیاتی حکومت)

15. Language Engineering/ Terminology Science
(لسانی انجینئری و اصطلاحیات)

"اُردو اطلاعیات" کے اس حیطہ ءکار کو جب ہم مختلف سطحوں پر نافذ کرتے ہیں تو ہمیں نظر آتا ہے کہ اعلیٰ ترین سطح پر اس کے لیے ڈاکٹریٹ اور پوسٹ ڈاکٹریٹ تعلیم کا انتظام ہونا چاہیئے۔ دنیا کی کئی یونیورسٹیوں میں تدریس اور تحقیق کے ایسے انتظامات موجود ہیں مثلاً Localization, Terminology Science, Translatology, Computational Linguistics, Documentation Engineering وغیرہ۔ ان تمام تجربات کے باہمی تبادل سے ایک ایسے ادارے یا انسٹی ٹیوٹ کا قیام عمل میں آ سکتا ہے جہاں "اُردو اطلاعیات" کو ایک اعلیٰ سطحی مضمون کی حیثیت دی جا سکے۔

اس سطح کے لیے تدریسیاتی طور پر ایم فل یا ایم ایس سطح کے فارغ التحصیل درکار ہوں گے، جنھیں تکنیکی و تحقیقی انداز میں تعلیم دی گئی ہو۔ اس سطح کے فارغ التحصیل طلبہ دیگر اداروں میں پیشہ ورانہ، تکنیکی اور تدریسی خدمات بھی انجام دینے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔

ایم فل یا ایم ایس اُردو اطلاعیات کے لیے طلبہ دو اطراف سے آئیں گے۔ پہلی سمت سے تو کمپیوٹر

سائنس کے ایم فل یا ایم ایس ہوں جنھیں یہاں اُردو کی کمپیوٹری لسانیات اور سافٹ ویئر کی تیاری وغیرہ کی تعلیم دی جائے گی اور دوسری سمت اُردو کے ایم فل گریجویٹ کی ہے جنھیں یہاں سافٹ ویئر انجینئری، لوکلائزیشن وغیرہ کی تعلیم دی جائے گی اور پھر ایم فل/ ایم ایس اُردو اطلاعیات کی تخصیص کی اجازت دی جائے گی۔

ہر دو سمتوں کے لیے الگ الگ بنیادی کورس درکار ہوں گے۔ مثلاً کمپیوٹر سائنس کے گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ سطح پر اطلاعیات اور کمپیوٹری لسانیات وغیرہ پر توجہ دینا ضروری ہوگا اور اُردو کے میدان میں بھی اطلاعیات کا تعارف اور کمپیوٹری استعمالات وغیرہ کی تعلیم درکار ہوگی۔

مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات کے کارکنوں نے "اُردو اطلاعیات" کی نصاب سازی کے چند رہنما اصول وضع کیے ہیں جو حسب ذیل ہیں: ے

0. Prerequisits

0.1. Training Tutorials

0.2. Undergraduates

0.3. For Urdu Graduates

0.4. For Computer Science/ IT Graduates

0.5. MS/M Phil. Urdu Informatics

0.6. Ph.D./ D.U.I. Urdu Informatics

ان سطحوں کے کورسوں کے نام حسب ذیل ہو سکتے ہیں:

0. <u>Prerequisits</u>

0.1. Urdu Informatics- An Introduction :اُردو اطلاعیات ۔۔ایک تعارف

0.2. Cyber Ethics/ Crimes.:سائبر اخلاقیات/ جرائم

0.3. Localization Business/ Industry:مقامی کاری تجارت/صنعت

0.4. History and Working of Computer :کمپیوٹر: تاریخ وعمل

0.5. Computer in Education :تعلیم میں کمپیوٹر

0.6. Sociology of I.T. :اطلاعیاتی سماجیات

0.7. Computer Management :کمپیوٹری انتظام

0.8. Computer Application in Urdu :اُردو میں کمپیوٹری آلات واستعمال

0.9. Needs of Software Engineering (Linguistics Aspects)

سافٹ ویئر انجینئری کی ضروریات (لسانی پہلو):

1.<u>Training Tutorials:</u>

1.1. <u>Hardware & Networking:</u>

(Microprogramming, Logic, Memory, Data,

Implementation, Circuits, Performance,
Technology etc.)

1.2. Logical Tools:
(Transfer, Urdu Windows, Vista, Office etc. other search and research tools)

1.3. Software:
(Fonts, M.T., D.B. etc.)

2. Undergraduates:

2.1. Software Engineering:
(Lingual requistions and needs, Architecture, Testing, Programming, Operationg System)

2.2. Localizaion and Standardization:
(Local Culture and Languages, Globalization, Standard Tools, Standard Institutes= ISO, Unicode etc.)

2.3. Data Development and Retrieval
(Data Structure, Storages, Encryption, Coding, Information Theory, Filing, Retrievals etc.)

2.4. Mathematics for Computing
(Algebra, Algorithm, Graphics etc.)

2.5. Lingual Information Systems
(General to Specific, Database, Storage, Databanks/ Houses, Applications, Interfaces, Sounds etc.)

2.6. Natural Language & Processing Methodologies
(A.I., Graphics, Images, Patterns, Simulation, Modelling, Documentation, Researching, e-publishing etc.)

2.7. Font/OCR/Calligraphy
(Standards, Normalization, Secracy, Proofing Tools, Implementation etc.)

2.8. Machine Translation Tools
(Urdu Target Language in Example Base and Knowledge Base Applications)

3. Urdu Graduates

3.1.

3.2. مذکورہ مجوزہ فہرستوں میں سے

3.3.

4. Computer/ IT Graduates

4.1.

4.2. مذکورہ مجوزہ فہرستوں میں سے

4.3.

5. M.S/ M. Phil- Urdu Informatics

5.1.

5,2. مذکورہ مجوزہ فہرستوں میں سے

5.3.

6. Ph.D./ D.U.I. Urdu Informatics

اُردو اطلاعیات کا تدریسیاتی اور انتظامی پہلو بھی قابل غور ہے۔ تدریسیاتی حوالے سے ایک پہلو خود کمپیوٹر کی تعلیم اُردو میں دینے کا ہے جسے اصولی طور پر وفاقی اُردو یونیورسٹی سے شروع ہونا چاہیئے تھا۔ مگر وہاں اور سب کچھ چلتا ہے، صرف اُردو میں تدریس نہیں ہوتی۔ تاہم امید افزا صورت یہ ہے کہ مائیکروسافٹ نے IBA کراچی کے ڈاکٹر حبیب خان کی مدد سے کم از کم لوکلائزیشن کے پہلو سے ایسے اُردو نصاب کی تیاری کا اہتمام کیا ہے اور اُردو میں کمپیوٹر کی تدریس کا یہ نصاب وضع کیا جا رہا ہے۔ مرکزِ فضیلت نے اُردو ونڈوز، آفس، وسٹا، اُردو فانٹ، ترجمہ کاری اور دوسرے ایسے امور کی تربیت کے لیے مواد، ٹیوٹوریل، اسباق تیار کیے اور عملاً تربیت کا اہتمام کیا ہے، جنھیں مستقبل کے لیے بنیاد ٹھہرنا ہے۔

ان کورسوں کے کریڈٹ آور، ترتیب اور ترجیح، تقدیم اور تاخیر کا انتظام متعلقہ ادارہ، انسٹی ٹیوٹ، یونیورسٹی وغیرہ دیگر تفاصیل کے تحت قائم کر سکے گا۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن ان نکات کی روشنی میں نصاب کمیٹی تشکیل دے سکتا ہے۔ اس میں کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن سائنس، انفارمیٹکس، اُردو اور علم التعلیم و نصاب سازی سے متعلقہ اراکین شامل ہوں۔ یہ سب باہم غور و فکر کے بعد ہی اُردو اطلاعیات کا ہر سطح کا نصاب وجود میں لا سکیں گے۔

"اُردو اطلاعیات" کے لیے مرکزِ فضیلت برائے اُردو اطلاعیات کا مجوزہ انسٹی ٹیوٹ ان بنیادوں پر آگے بڑھ رہا ہے کہ اس میں R & D یعنی تحقیق و ترقی کا بنیادی کام انجام دیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ "اُردو" اور "کمپیوٹر سائنس" کے نصاب (گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ) سطح پر اُردو اطلاعیات کے اساسی تصورات، عملی تربیت اور رجحانات پیدا کیے جائیں۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد نے بی سی ایس سطح پر ایسے کورسوں کا اہتمام کیا ہے، اسی طرح پی ایچ ڈی تک بعض کورس شامل کیے ہیں۔ پشاور یونیورسٹی کے شعبہ کمپیوٹر سائنس میں مشینی ترجمے کی تخصیص کی جا رہی ہے۔ ایم اے اور پی ایچ ڈی اُردو کے نصاب میں تو "کمپیوٹر کی تاریخ"، "عمل"، "اُردو میں کمپیوٹری آلات و استعمال" اور "تعلیم میں کمپیوٹر" جیسے

کورسوں کا نام دینا ہوگا۔ "کمپیوٹر سائنس" کے ایم سی ایس میں "مقامی کاری"، "سافٹ ویئر انجینئری کی ضروریات"، "لسانی انجینئری" جیسے کورس شامل کرنا ہوں گے۔

چونکہ اطلاعیات لائبریری سائنس کی بنیادیں بھی رکھتا ہے، اس لیے موجودہ ایم ایل ایس سی میں بھی ایسے کورس شامل کرنا ہوں گے جو اُردو میں لائبریری سائنس اور انفارمیشن سائنس کو فروغ دینے کا سبب بن سکیں۔

جہاں تک تدریسی طریقوں کا تعلق ہے، فرسودہ لیکچر، نصابی کتابیں، نوٹس اور امتحانات کام نہیں دیں گے۔ بنیادی تجربہ گاہ اور عملی، متعامل (Interactive) طریقِ تدریس و تربیت درکار ہوں گے۔ لسانی تجربہ گاہ (Language Lab) کا استعمال ہوگا۔ اعلیٰ آلات تحقیق اور فائبر لنک کی سہولتیں درکار ہوں گی۔ اس حوالے سے جہاں "اُردو اطلاعیات" کا مضمون سائنسی و تکنیکی بنیادوں پر استوار ہوگا۔ وہیں "اُردو" اور "لائبریری سائنس" کے مضامین میں شامل کیے جانے والے اطلاعیاتی و لسانیاتی کورسوں کے لیے ان آلات اور تجربہ گاہوں کی ضروریات بھی ہوں گی۔ یوں یہ مضامین بھی "سائنسی" قرار پائیں گے۔ لسانیات کا کورس تو کسی بھی طرح "لسانی تجربہ گاہ" کے بغیر اپنے نتائج نہیں دے سکتا۔ پھر کم از کم ایم فل اور پی ایچ ڈی کی سطح پر اُردو کی لسانی پہلو سے تدریس کیوں کر انجام پا سکتی ہے۔ اُردو کے اساتذہ کے لیے نصاب پر ایک بار پھر نظر واپسیں ڈالنے کا مشورہ ہے۔ اُردو کے نصاب میں "اطلاعیات" جگہ پائے گی تو "اُردو اطلاعیات" کا ڈسپلن پروان چڑھ سکے گا۔

حوالہ جات:

1. UNESCO, **The Informatics Curriculum Framework, 2000, for Higher Education**, Paris, 2000, P-iii.

2. Wikipedia.... **Informatics**

3. Wikipedia... **Urdu Informatics**

4. HEC, **Curriculum of Urdu for B.A./ M.A./ M. Phil**., 2003, PP-19,29,31.

5. Department of Computer Science, **Proceedings of the Conference on Language and Technology** (CLT-07), Bara Gali, University of Peshawar, 7-11 August 2007.

6. Ministry of Education, **National Curriculum for Urdu**, Islamabad, 2006.

7. UNESCO, **op.cit,** PP.31-33

8. CEUI, **An Outline for Curriculum Proposals for Urdu Informatics** (Develped by: Mahboob Khan, Ghulam Rasool, Abdul Quddus Khan, Zeeshan Ranjha, Quratul-Ain), Islamabad, July 2008.

9.www.nlauit.gov.pk/tutorials (Prepared by: Akbar Sajjad, Sana Nisar)

ویب سائٹیں:

1. www.nlauit.gov.pk
2. dcs.edu.pk
3. Unesco.org/ICF-2000
4. ifip.or.at
5. microsoft.com
6. crulp.org
7. uchicago.edu
8. wikipedia.org

(شعبہ اُردو پشاور یونیورسٹی اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کی مشترکہ عالمی اُردو کانفرنس "اعلیٰ تعلیم: تحقیقی و تدریسی مسائل اور ان کا حل" ۷ تا ۱۱۔ اگست ۲۰۰۸ء، باڑہ گلی میں پڑھا گیا)۔

C. Technical - Justification

1. Has this proposal for addition of character(s) been submitted before? *YES*
   If YES explain *This is a significant revision of earlier proposals submitted to UTC. See references above. This is a revision of a document submitted on April 18, 2008, L2/08-159.*
2. Has contact been made to members of the user community (for example: National Body, user groups of the script or characters, other experts, etc.)? *YES*
   If YES, with whom? *National Language Authority, Pakistan*
   If YES, available relevant documents: *See references above.*
3. Information on the user community for the proposed characters (for example: size, demographics, information technology use, or publishing use) is included? *NO*
   Reference:
4. The context of use for the proposed characters (type of use; common or rare) *Common*
   Reference:
5. Are the proposed characters in current use by the user community? *YES*
   If YES, where? Reference: *Pedagogical materials*
6. After giving due considerations to the principles in the P&P document must the proposed characters be entirely in the BMP? *YES*
   If YES, is a rationale provided? *NO*
   If YES, reference:
7. Should the proposed characters be kept together in a contiguous range (rather than being scattered)? *YES*
8. Can any of the proposed characters be considered a presentation form of an existing character or character sequence? *NO*
   If YES, is a rationale for its inclusion provided?
   If YES, reference:
